can experiment on their properties and conditions and benefit from them. But their reality/haqeeqat cannot be described. No one can see or show them with eyes. Similarly, the zath and sifat of Allah Most High are free of analogies. They can be described by their known names or their qualifying definitions or those terms which have been used in the Qur'aan, the Traditions of the Prophet SAWS or the parables of Hazrat Imam Mahdi AHS. But the reality of the zaat and sifaat of Allah Most High cannot be confined within the limits of words. Say; "If the ocean were ink where with to write out the words of my Lord/Rabb, sooner the ocean would be exhausted/dried than would the words of my Lord/Rabb, even if we added another ocean like it, for its aid." (Qur'aan, S. 18: 109 AYA. 129)

A question can arise here that when the reality of many of the things Allah has created cannot be explained and cannot be seen by the naked eye, not even with the help of the most powerful microscopes and telescopes, then how can we see Allah Most High, Who is free of analogies? A short answer to this question would be that the things that have been described are confined to the limits of their natural peculiarities and status. Man wants to reach them, see them and examine them, but the things do not have the sense to feel or understand or accept or reject the demand. Contrary to this, Allah Most High is Absolutely Omnipotent. He does what He wills. That is His Power. He does what He pleases. If the thinking of a man is real, his deeds and the quantum of his eagerness and Love are great, He creates in his zaat and eyes a potentiality, which fulfills his desire and inclination to see Him. Hence, the reality and peculiarity of the subtle and other things that are beyond the grasp of the senses is their own. But the Reality and the Specialty of the Existence, beyond analogies, again is its own. Therefore, the Vision of Allah cannot be denied on the basis of the inability of other things to be seen. Since Vilayat too is a specialty of the zath of Allah Most High, it can be explained to the extent of the availability of the known words to describe it. Hence, every person is compelled to admit his inability to explain the Divine Reality. The Reality

of the zath of Allah Most High or His Vilayat being unexplainable is one thing. But the Vision/deedar of Allah or the stroll/Sair in Vilayat is something different. It is for this reason that Hazrat Imam Mahdi AHS has said, "Whatever can be explained is Shariyat; Haqeeqat cannot be explained."

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیانِ ترکِ دنیا

مہدویہ کے پاس ترکِ دنیا کا جو مفہوم ہے اِس سے واقف ہونا بہت ضروری ہے۔ عام طور پر لوگ یہود و نصاریٰ وغیرہ کی رَہبلیت کے تذکرہ میں "رَہبلیت" کا ترجمہ "ترکِ دنیا" کرتے ہیں جس کی وجہ بادی النظر میں مہدویہ کی اِصطلاح "ترکِ دنیا" پر رَہبلیت کا شبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ حالانکہ وہ ترجمہ ہی غلط اور اُصولِ اسلام کے مغائر ہے۔ کیونکہ اِسلام میں رَہبلیت کی نفی کی گئی ہے اور ترکِ دنیا کا حکم دیا گیا ہے۔

لفظِ دنیا کا استعمال آخرت کے مقابل ہوتا ہے یا دین کے مقابل ہوتا ہے۔ قرآنِ مجید میں بھی ایسے استعمال کی نظیریں موجود ہیں۔

أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ز وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿22﴾ (سورۃ اٰل عمران)

ترجمہ:- یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا و آخرت میں حبط ہو گئے اور اُن کا کوئی مددگار نہیں۔

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۔۔الخ (سورہ الانعام۔70)

ترجمہ:- اِن لوگوں کو اُن کے حال پر چھوڑ دو جنھوں نے اپنے دین کو لہو و لعب سمجھا اور اُن کو حیاتِ دنیا نے مغرور کر دیا۔

پہلی آیت میں لفظِ "دنیا" "آخرت" کے مقابلہ میں اور دوسری آیت میں "دین" کے مقابلہ میں آیا ہے جب "دنیاو آخرت" کہتے ہیں تو دنیا سے زمانہ قبلِ موت مراد ہوتی ہے۔ اور جب "دین و دنیا" کہا جاتا ہے تو دنیا سے مراد وہ تمام اُمور ہوتے ہیں جن کو دین سے تعلق نہ ہو گویا تمام ممنوعاتِ دین کو دنیا کہا جاتا ہے۔ اِس مفہوم کے لحاظ سے "ترکِ دنیا" کے معنی "ترکِ ممنوعاتِ دین" ہوئے اور یہی عین دین و عین اسلام ہے۔

بہت ساری آیات و احادیث سے صراحتہً دنیا کی مذمت ثابت ہے اور مؤمن کو اِس سے بچنے کا حکم دیا گیا اور خلاف ورزی کی سزاء دوزخ قرار دی گئی ہے۔ اِس لیے ہر مومن و مسلم پر لازم ہے کہ خدا و رسول نے جس کی مذمت اِس شدت سے کی ہو اُس سے احتراز کرے بلکہ احادیث میں "ترکِ دنیا" کے لفظ اور اُس کی فضیلت بھی پائی جاتی ہے۔ ہم چند احادیث تمثیلاً یہاں درج کرتے ہیں۔

(1) ترکو الدنیا لاھلھا (کنزل العمال) ترجمہ:- تم دنیا کو اہلِ دنیا ہی کے لیے چھوڑ دو۔

(2) ترک الدنیا امر من ابصر و اشد من حطم السیوف فی سبیل اللہ و لا یترکھا احدا لا اعطاء اللہ مثل ما یعطی الشھداء (کنزل العمال)

ترجمہ:- "ترکِ دنیا" ایلوئے سے زیادہ تلخ ہے اور خدا کی راہ میں تلوار چلانے سے زیادہ سخت ہے اور "ترکِ دنیا" وہی کر سکتا ہے جس کو اللہ توفیق عطا فرمائے جیسا کہ شہداء کو عطا فرمایا ہے۔

(3) من عرضت لہ الدنیا والآخرۃ فاخذ الآخرۃ و ترک الدنیا فلہ الجنۃ و ان اخذ الدنیا و ترک الآخرۃ فلہ النار (کنزل العمال)

ترجمہ:- جس کے سامنے دنیا و آخرت دونوں پیش ہوں اور اُس نے آخرت کو اختیار کیا اور دنیا چھوڑ دی اُس کے لیے جنت ہے۔ اور جس نے آخرت چھوڑ دی اور دنیا کو اختیار کیا اُس کے لیے دوزخ ہے۔

اِس سے ظاہر ہے کہ "ترکِ دنیا" کا اسلام میں بہت بلند مقام ہے۔ اِس لیے جو لوگ "رہبانیتہ" کا ترجمہ "ترکِ دنیا"

کرتے ہیں تعلیماتِ اسلام سے ناواقف رہنے کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ اسلام میں رہبانیت نہیں۔ لَا رُهْبَانِيَتَه فِیْ الْاِسْلَامْ۔ " رہبانیته " اور " ترکِ دنیا " کا بین فرق یہ ہے کہ رہبلیت میں فطری قوتوں کو معطل و ناکارہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے خصی ہو جانا یا کسی عضو کو بے حس بنا دینا وغیرہ۔ اِس کے برخلاف قوائے فطریہ کو جائز طریقوں سے استعمال کرنا۔ دین و آخرت کو ترجیح دینا، عبادت و ریاضت اور دین کی خدمت میں مشغول و منہمک رہنا اصطلاحِ اسلام میں رہبلیت نہیں بلکہ زہد کہا جاتا ہے۔ چنانچہ زہد کی تعریف امام غزالیؒ نے یہ بیان کی ہے۔:-

الزهد عبادة عن رغبتهٖ عن الدنيا عدو لاً الٰی الاٰخرة او عن غير الله عدو لا الٰی الله و هی الدرجة العليا (احيا العلوم)

ترجمہ:- آخرت کی طرف مائل ہو کر دنیا سے روگرداں ہونا زہد ہے یا غیر اللہ سے منہ پھیر کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہونا زہد ہے اور یہ زہد کا بہت بلند درجہ ہے۔

زہد کے متعلق بہت فضائل احادیث میں بھی وارد ہیں:-

اذا اراد لله بعبد خير ازهده فی الدنيا و رغبة فی الآخرة (احياء العلوم)

ترجمہ:- جب اللہ کسی بندہ کی بھلائی چاہتا ہے تو اُس کو زہد فی الدنیا اور رغبت الی الآخرۃ کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

افضل الناس مومن متلزهد (احياء العلوم)

ترجمہ:- مؤمن زاہد سب لوگوں میں افضل ہے۔

اِس سے ظاہر ہے کہ " زہد فی الدنیا " عین اسلام ہے۔ اور یہ مومن کا بلند مرتبہ ہے۔ اولیائے کرام و صالحین عظام اِسی مرتبہ پر فائز رہے ہیں۔ اور اہلِ علم تسلیم کریں گے کہ " زہد فی الدنیا " اور " ترکِ دنیا " بالکل ہم معنی ہیں اس لیے ترکِ دنیا کو رہبلیت کہنا یا تعلیمِ اسلام کے مغائر قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

اِس لیے محققینِ صوفیہ کے مسلک میں زہد فی الدنیا و ترکِ دنیا کو فرض و لازم گردانا گیا ہے۔ اولیاء اللہ کی تالیفات و کتبِ سیر میں اِس کی تفصیلات موجود ہیں۔ اور اِسی لیے "ترکِ دنیا" اور اِس کے مفہومات، اکابرِ علمائے ظاہر میں بھی متعارف رہے ہیں۔ البتہ اُن کے پاس مستحب کی حیثیت دی گئی ہے۔ اِس کا اصل سبب وہی ہے جو ہم آگے بیان کر چکے ہیں کہ ائمہ مجتہدین صرف عبادات و معاملات کے مسائل کی کاوشوں میں منہمک رہے۔ عشق و محبتِ الٰہی کے لوازم سے تعلق رکھنے والے مسائل میں اُنھوں نے موشگافی نہیں کی۔ حالانکہ اِن ہی کے مسلمہ اُصول کے لحاظ سے جس امر کی سزاء دوزخ قرار دی گئی ہو اُس کا ترک کرنا فرض ہے۔

قرآنِ مجید کی صاف و صریح آیت ہے کہ:-

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَ هُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿15﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ز وَ حَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾ (سورة هود)

ترجمہ:- جو کوئی حیاتِ دنیا و زینتِ دنیا کا مرید ہو ہم اُن لوگوں کے اعمال دنیا ہی میں پورے کر دیتے ہیں اور وہ دنیا میں گھاٹے میں نہیں رہتے یہ سب ویسے لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آتشِ دوزخ کے سوائے کچھ نہیں اور اُنھوں نے جو کچھ (نیکیاں) اِس دنیا میں کی ہیں وہ سب حبط ہو جائیں گے۔ اِس آیت میں "مَنْ" کا لفظ عام ہے جس میں ہر مریدِ دنیا داخل ہے خواہ مومن ہو یا کافر۔ اور ایک آیت ہے:-

فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿37﴾ وَ اٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿38﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿39﴾ وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿41﴾ (سورة النّٰزعٰت)

ترجمہ:- لیکن جو شخص حد سے گزر گیا اور حیاتِ دنیا کے پیچھے ہو گیا تو بے شک اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور جو شخص اپنے رب کے (عتاب) کے موقع پر ڈرا اور اپنے نفس کو (فاسد) خواہش سے روکا تو بے شک اُس کا ٹھکانہ جنت ہے۔

دنیا کی مذمت میں اور بہت آیات ہیں مذکورہ آیات سے دوزخ کی سزاء کا حکم صاف ظاہر ہے اِس لیے اِس کا ترک فرض ہو گا۔

حضرت امامناعلیہ السلام کا عام دعویٰ بصیرۃ پر ہے۔ تقربِ خدا و کمالاتِ روحانی کی تعلیم آپؑ کی بعثت کا مقصد ہے اِس لیے اللہ تعالیٰ نے آپؑ کے ذریعہ اِس فرضیت کا علم عطا فرمایا۔ اور جس کی حجت میں آیاتِ قرآنی بھی موجود ہیں۔ ترکِ دنیا اور توکل کے مسائل اپنی اپنی جن خصوصیات کے حامل ہیں اُن کو سمجھنا اور استدلال و تفہیم میں اُن کو ملحوظ رکھنا بہت ضروری ہے۔ اُصولِ مہدویہ کے معترضین ایسی غلطی کی وجہ لغزش کھا جاتے ہیں۔ کیونکہ ترکِ دنیا کا تعلق حیاتِ دنیا و متاعِ حیاتِ دنیا سے ہے اور توکل کا تعلق اسبابِ تدبیر پر نظر نہ رکھنے سے ہے جس کی توضیح توکل کے بیان میں آئے گی۔ امامناعلیہ السلام نے "حیاتِ دنیا" و "متاعِ حیاتِ دنیا" کی یہ توضیح فرمائی کہ:-

وجودِ حیاتِ دنیا کفر است یعنے زیستن بجان کہ آں را ہستی و خودی گویند ہر چیزے را کہ در کتاب اللہ متاعِ حیاتِ دنیا نام کردہ اند چوں حبِ زنان و فرزنداں و اموال و حیوانات و زراعات و تجارت و عمارات و ملبوسات و ما کولات و جز آں ہر کہ ایں اشیاء را مرید و محب باشد و بدیں مشغول گردد او کافر است۔ (نقلیاتِ میاں عبد الرشیدؓ روایت 56 و انصاف نامہ باب5

ترجمہ:- حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ وجودِ حیاتِ دنیا کفر ہے یعنی جان سے جینا کہ جسے ہستی و خودی کہتے ہیں۔ اور وہ اُمور جن کو کتاب اللہ میں متاعِ دنیا کہا گیا ہے۔ عورتوں اور بچوں کی محبت اور اُموال و حیوانات و تجارت و زراعت و عمارات و ملبوسات و ماکولات وغیرہ کا جو شخص عاشق و مرید ہو گا اور اِس میں منہمک و مشغول رہے گا وہ کافر ہے۔

امامناعلیہ السلام نے حیاتِ دنیا سے مراد "ہستی و خودی" اور "متاعِ حیاتِ دنیا" سے مراد اموال و زنان و فرزندان وغیرہ کی محبت بیان فرمائی ہے۔ ہم یہاں متاعِ دنیا کی توضیح کریں گے۔ اِس کے بعد "حیاتِ دنیا" کی بحث کی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿14﴾

(سورۃ اٰل عمران)

ترجمہ:- زینت دیے گئے ہیں لوگ خواہشات کی محبت سے عورتوں اور بچوں سے متعلق اور سونے و چاندی کے جمع کردہ خزانوں اور نشان زدہ گھوڑوں اور چوپایوں اور کھیتیوں سے متعلق یہ سببِ متاعِ حیات دنیا ہے اور اللہ تعالیٰ (جو معبودِ برحق ہے) سب نیکیاں اِسی کی طرف پھیری جانے والی ہیں۔

اِس آیت میں متاعِ حیاتِ دنیا کا صاف بیان موجود ہے اور امام علیہ السلام نے بھی "متاعِ حیاتِ دنیا" کی محبت ترک کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور اِس میں اتنا اشتغال کہ خدا سے غفلت ہو جائے ناجائز قرار دیا ہے۔ اور یہ اِس حکمِ قرآنی کے ٹھیک مطابق ہے جو اللہ تعالیٰ فرمایا:-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝٩ (سورة المنٰفقون)

ترجمہ:- اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں خدا کے ذکر سے غافل نہ کریں اور جو ایسا کریں گے وہ سب خاسرین ہیں۔

اِس سے معلوم ہوا کہ خدا سے غافل ہو کر اموال اور زن و فرزند وغیرہ متاعِ حیاتِ دنیا میں منہمک و مشغول ہو جانا منع ہے۔

صاحبِ زن و فرزند ہونا منع نہیں ہے۔

حضرت میراں علیہ السلام را عرض کردند که زن و فرزندان مرا تفرقه می دہند اگر رضائے خوندکار باشد ایشاں را علٰحده کنم۔ میراں علیہ السلام فرمودند ایشاں را دست گرفته در بہشت بروید از خود علٰحده نه کنید خدائے تعالیٰ شما را اجرِ بسیار می دہی بواسطه ایشاں صبر کنید ایں کارِ بزرگ است (نقلیاتِ میاں سید عالمؒ)

ترجمہ:- حضرت مہدی علیہ السلام سے ایک صحابیؓ نے عرض کیا کہ بیوی بچے مجھ میں تفریقہ پیدا کر رہے ہیں اگر اجازت ہو تو ان کو الگ کر دیتا ہوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا "اُن کا ہاتھ تھامے ہوئے جنت میں لے جاؤ اور اُن کو اپنے سے علٰحدہ مت کرو۔

خدائے تعالیٰ تم کو بہت اجر دے گا۔ ان کے بارے میں صبر اختیار کرو یہ بہت بڑا کام ہے۔

اِسی لیے آپؐ کی تعلیمات پر جو کہ آیاتِ قرآنی سے مطابقت رکھتی ہیں، "رہبانیته" کا شبہ بھی نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ رہبانیت میں مناکحت وغیرہ طبعی خواہشوں کو ترک کیا جاتا ہے اور اِن تعلیمات کا مقصد طبعی وارداتی خواہشوں کو فی سبیل اللہ محصور کر دینا ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:-

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ط (سورة البقرة ـ273)

ترجمہ:- اِن فقراء کے لیے ہے جو اللہ کے راستے میں محصور ہیں۔ زمین (دنیا) میں (کمانے کے لیے) چل پھر نہیں سکتے ہیں۔ اُن کے سوال نہ کرنے کے سبب نادان، اُن کو غنی سمجھتا ہے۔ تو اُن کو اُن کی نشانیوں سے پہچان لے گا۔ وہ فقراء کسی سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے۔

یہ آیت اصحابِ صفہؓ کی شان میں ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ لوگ معذور و مریض تھے ممکن ہے اُن میں چند معذور ہوں لیکن پوری جماعت معذوروں کی نہیں تھی کیونکہ اُن کی ایک خصوصیت یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ:-

وكانوا تخرجون فى كل سرية بعثها رسول الله صلعم (تفسيرِ كبير كشاف معالم وغيره)

ترجمہ:- ہر "سریہ" میں شریک رہتے تھے۔ جس کو رسول اللہ ﷺ بھیجتے تھے۔

اگر یہ معذور ہوتے تو "سریه" و "جہاد" میں شریک ہونے کے قابل نہ رہتے۔ "اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" سے مراد اپنی قوتوں اور اپنے ارادوں و افعال کو اللہ تعالیٰ کے احکام کا پابند کر لینا اور "لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ" سے یہ مراد ہے کہ وہ جماعت کسب و تجارت وغیرہ معاملاتِ معاش سے بے تعلق تھی۔ "ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ" کے معنی چلنے پھرنے

کمانے کجانے کے ہیں۔

امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ:- لان اشتغالهم بصلاح الدين و باصر الجهاد نميعهم من الاشتغال بالكسب و التجارة۔

ترجمہ:- صلاحِ دین وامرِ جہاد میں مشغول رہنے کی وجہ کسب و تجارت سے باز رہتے تھے۔اور ایک جگہ لکھتے ہیں:-

هولاء قوم كانوا مشتغلين يذكر الله و طاعته و عبوديته و كانت شدة استغراقهم فی تلک اطاعة احصرتهم عن الاشتغال بساير المهمات۔

ترجمہ:- وہ سب اللہ کے ذکر اور اِس کی اطاعت و عبودیت میں اتنی شدت سے مستغرق تھے کہ وہ لوگ (کمانے کجانے کے) تمام معاملات سے (بے تعلق ہو کر) اِس اطاعت میں محصور ہو گئے تھے۔

اِس سے ظاہر ہے کہ تبلیغِ دین اور وصال الیٰ المطلوب کے لیے "متاعِ حیاتِ دنیا" کی محبت ترک کرنا لازم ہے۔یہی وجہ ہے دعوئے نبوت ورسالت کے بعد کے طویل عرصہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کسب و تجارت میں مشغول ہونے کی سند کوئی نہیں بتلا سکتا۔آپؐ نے دین کی خدمت اور عبادت و ریاضت کے لیے اپنے کو وقف فرمالیا تھا۔دن رات اِسی مصروفیت میں گزرتے تھے۔اہلِ بیت کے فقر و فاقہ کی روایات کتبِ احادیث و سیر میں بکثرت موجود ہیں۔اگر وہ چاہتے تو کس قدر سہولتیں اُن کو حاصل نہ ہو سکتیں۔اِس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ فقر اختیاری تھا۔پس اصحابِ صفہؓ و اولیائے کرامؒ کا مسلک بھی یہی رہا ہے۔

اِس کے یہ معنی نہیں کہ مومن کے لیے کسب کی اجازت ہی نہ تھی یا یہ کہ کسب ناجائز ہے۔آیات و احادیث میں مومن کے لیے کسبِ حلال کی اجازت ہے اور خود امام علیہ السلام نے بھی بلالحاظِ مدارج قطعاً ناجائز یا حرام نہیں قرار دیا ہے۔چنانچہ روایت (18) ملاحظہ ہو کہ ایک عالم کے سوال کے جواب میں آپؑ نے فرمایا کہ:-

" مؤمن را کسب حلال است مؤمن باید شد در قرآنِ مجید تامل باید کرد که مؤمن کرامی گویند"

ترجمہ:- مومن کے لیے کسب حلال ہے مومن بننا چاہیے اور قرآنِ مجید میں غور تو کرو کہ مومن کس کو کہتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ ابتدائے بعثتِ امامنا علیہ السلام سے آج تک جماعتِ مہدویہ میں فقراء و کاسبین کے دو طبقے پائے جاتے ہیں۔ البتہ اِن میں درجاتِ سلوک کا فرق ضرور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محبت میں جتنی زیادتی ہوتی جائے گی اتنا ہی دنیا سے بے تعلقی بڑھتی جائے گی۔ یہاں تک کہ احکامِ فرائضِ ولایت سب پر فرض ہیں۔

حاصل یہ کہ آیتِ مذکورہ میں اصحابِ صفہؓ کی ایک خصوصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ کسب و تجارت میں مشغول نہ ہو سکتے تھے۔ "یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف" سے مراد ہے کہ "حالتِ فقر" کے باوجود غنا کی صفت سے متصف تھے۔ اُن کا استغناء بھی پایا کا تھا کہ نادان لوگ اُن کو "غنی" سمجھتے تھے "تعفف" کے معنی سوال سے بچنے کے ہیں۔ غیر اللہ کے سامنے اپنے فقر و احتیاج کو بحیثیتِ سوال و استداد ظاہر نہ کرنا اُن کی خصوصیت تھی۔

خلفائے راشدین وغیرہ جو "امیر المومنین" کے درجہ پر فائز رہے ہیں اُن کی امارت کا حال بھی دیکھئے کیا تھی۔

آں مسلماناں کہ میری کردہ اند ☆☆☆ در شہنشاہی فقیری کردہ اند

در امارت "فقر" را افزودہ اند ☆☆☆ مثل سلماں در مداین بودہ اند

حکمرانی بود ودسامانے نداشت ☆☆☆دستِ او جز تیغ و قرانے نداشت (اقبالؔ)

غرض حضرت امامنا علیہ السلام نے بھی "سوال کو حرام" قرار دیا ہے جو فقراء کی خصوصیت "تعفف" کے عین مطابق ہے۔ آپؑ نے فرمایا "ہر چہ خواہی از خدا خواہ" یعنی جو کچھ مانگنا ہو خدا سے مانگو۔ دستِ سوال دراز کرنا تو کجا؟ حالتِ سوال سے بھی آپؑ کے فقراء احتیاط کرتے تھے۔ "روایات در بیانِ توکل" اور روایات در بیانِ احکامِ دائرہ میں اِس کی واضح مثالیں موجود ہیں۔ یہ تو فقرِ اختیاری کی گفتگو ہے لیکن حالتِ اضطرار میں جب کہ "حرام" کو حلال قرار دیا جاتا ہے اُس وقت بھی امامنا علیہ السلام نے اتباعِ احکام و احصار فی سبیل اللہ کی حفاظت کے لئے شعور کو بیدار رکھنے کی سعی فرمائی ہے۔ اِس طرح کہ ایسی صورت میں

کچھ کسب کر لے۔"

داراو سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ ☆☆☆ ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللہی (اقبالؔ)

روایت ہے کہ مہاجرینؓ کی مجلس میں میراں سید محمد مہدی علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی (فقیر) خدائے تعالیٰ پر توکل نہ کر سکے اور ہلاک ہونے کی نوبت آئے تو کیا کرے؟ آپؑ نے فرمایا کہ "جائے اور ایک یا دو چیتل (ٹکے) کسب کر کے کھائے ۔۔۔۔الخ (انصاف نامہ باب (5)

پھر آپؑ نے فرمایا کہ "اگر ایک چیتل کسب کرے گا تو (کہیں) دوسرے روز دو چیتل کسب کرنا چاہے گا۔ ہشیار رہے اور حرص نہ کرے اور زیادہ طلب نہ کرے تو خدائے تعالیٰ نہیں پوچھے گا۔ چنانچہ خدائے تعالیٰ نے رخصت دی ہے کہ "جو شخص مضطر ہو اور خلاف ورزی کرنے والا نہیں ہے اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہے تو اُس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (جز 2 رکوع 5) (انصاف نامہ باب 5) اِس کی تفصیل توکل کے بیان میں آئے گی۔

"تعرفهم بسيماهم" سے مراد ہے کہ تم اُن کی پیشانیوں کی نورانی علامات سے اُن کو پہچان سکتے ہو گڑگڑاتے ہوئے سوال کرنے والوں کا "فقراء" کی اِس جماعت سے کوئی تعلق نہیں۔ "لايسالون الناس الحيافا" بظاہر علامات یہی ہیں کہ اُن کی عبادت و ریاضت، رشد و ہدایت، بود و باش۔ وضع و لباس میں احکام خداو خاتمین کی تقلید پائی جاتی ہو فی الحقیقت فقیر کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نورِ یقین جلوہ گر ہو جائے اور اس حیثیت سے کسی فقیر کو پہچاننا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ اِسی لیے امام محی الدین ابن عربیؒ اِس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:-

اتهم عرفاء فقراء اهل الله لا يعرفهم الا الله و من هو منهم (تفسير محى الدين ابن عربى نصف اول صفحه 97)

ترجمہ:- وہ سب عارفین فقراء اہل اللہ ہیں۔ اُن کو اللہ ہی جانتا ہے اور وہ بھی جان سکتا ہے جو انہی فقراء میں سے ہے۔

یہاں یہ بات بھی ذہن نشین کر لینے کے قابل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان " وَاللّٰهُ غَنِیُّ وَّ اَنْتُمُ الْفُقَرَاء " میں فقراء کا لفظ عام ہے۔ اللہ تعالیٰ کا محتاج ہونے کی حیثیت سے ہر فرد و بشر اس آیت کے حکم میں داخل ہے۔ لیکن " لِلْفُقَرَآءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۔ الخ " میں فقراء کا جو لفظ ہے وہ خاص ہے اِس لیے محض محتاج ہونے کے معنوں میں ہر فرد و بشر فقراء کی اِس جماعت میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔

اِس مختصر توضیح سے ظاہر ہے کہ امام علیہ السلام نے "ترکِ متاعِ حیاتِ دنیا" کی جو تعلیم دی وہ قرآن و حدیث کے عین مطابق ہے۔ چنانچہ روایت (69) میں صاف و صریح بیان موجود ہے کہ۔ "حضرت مہدی علیہ السلام ہمیشہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ اپنی ذات خدائے تعالیٰ کے حوالے کر دو۔ نہ کسی شخص کے ساتھ مشغول رہو نہ کسی چیز کی خواہش رکھو بجز خدائے تعالیٰ کی ذات کے۔ مخلوق سے ذرا بھی احتیاج نہ رکھو۔ اصحابِ صفہؓ جو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مشہور جماعت تھی اِنھیں صفات سے متصف تھی۔ (اس روایت میں آگے چل کر یہ آیت بھی بیان کی گئی ہے کہ:-

کما قال اللہ تعالیٰ :- وَمَنْ اَحْسَنُ دِیْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّ اتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ (سورۃ النسآء125)

ترجمہ:- جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:- اور از روئے دین اس شخص سے کوئی اچھا بھی ہے جس نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کر دیا ہے؟ اور وہ بھی نیکی کرنے والا ہے اور اِس نے ابراہیمؑ کے دین کی پیروی اختیار کی ہے۔

امام علیہ السلام نے ترکِ محبتِ متاعِ دنیا کی ہی تعلیم پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ یہ بھی کہ مومن آخرت کے ثواب پر بھی نظر نہ رکھے۔ آپؑ نے طالبِ دنیا کی مثال مونث سے اور طالبِ عقبیٰ کی مثال نامرد سے اور طالبِ مولیٰ کی مثال مرد سے دی ہے اور ایک وقت آپؑ نے فرمایا:-

" ہرچہ خواہی از خدا خواہ اگر آب و نمک و ہیزم خواہی از خدا خواہ و رخصت انیست عز یمت آنست کہ گفتہ اند۔"

ترجمہ:- جو کچھ چاہتے ہو خدا سے چاہو۔ پانی، نمک، لکڑی بھی چاہتے ہو تو خدا ہی سے چاہو یہ رخصت ہے۔ عالیت تو وہی ہے جو بیان کرتے ہیں۔

ہشت جنت گر دہندت سر بسر ☆☆ لیو مشو راضی از انہا در گزر

عالی ہمت باش دل باحق بہ بند ☆☆ لیو ہمائے قافِ قربی رو بلند

ترجمہ:- اگر پوری آٹھ جنتیں بھی تجھ کو دے دی جائیں تو اُن سے خوش نہ ہو جا۔ بلکہ طلبِ حق میں آگے بڑھ جا بلند ہمت رہ اللہ سے دل کو وابستہ رکھ۔ جب تک تو قافِ قربی کا ہما ہے بلند اڑتا چلا جا۔

دوزخ کو خوف یا بہشت کا شوق اگر ہو تو عبادات و ریاضات کا تعلق پھر بھی ایک حیثیت سے غیر اللہ ہی سے متبع پاتا ہے اِس لیے دیدار کے سوائے کسی اور صلہ کی تمنا مومن کے خوف و شوق کا مرکز نہ بننا چاہیے کیونکہ حصولِ دیدارِ خدا ہی عین جنت ہے۔

اواعظ کمالِ ترک سے ملتی ہے یہ مراد ☆☆ دنیا جو چھوڑ دی ہے تو عقبیٰ بھی چھوڑ دے

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے ☆☆ اے بے خبر جزاء کی تمنا بھی چھوڑ دے

مہدویت کا مرکز صرف خدائے تعالیٰ کی ذات ہے تعلیماتِ امامنا علیہ السلام میں بلحاظ دین غیر اللہ کو مرکزیت اختیار کرنے کی گنجائش ہی نہیں۔

گر بہ " اللہ الصمد " دل بستۂ ☆☆ از حد اسباب بیروں جستۂ

غرض ترکِ متاعِ حیاتِ دنیا کے یہی معنی ہیں کہ اِس کی محبت اور خدا سے غفلت نہ ہو اور بس۔!!!

"ترکِ دنیا" کی پہلی مشق مہدی علیہ السلام کی توضیح کے لحاظ سے "حیاتِ دنیا" ہے۔ اِس کے معنی آپؑ نے ترکِ ہستی و خودی بیان فرمائے ہیں۔ گویا ترکِ دنیا کی ظاہری صورت "ترکِ محبتِ متاعِ دنیا" ہے جس کا بیان ہو چکا۔

ترکِ دنیا کی باطنی صورت ترکِ ہستی وخودی ہے۔

نفیِ ہستی اک کرشمہ ہے لِ آگاہ کا ☆☆ "لا" کے دریا میں نہاں موتی ہے "الا اللہ" کا (اقبلؔ)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ (سورۃ الکھف)

ترجمہ:- جس کو اپنے پروردگار کے دیدار کی تمنا ہو اس پر واجب ہے کہ عملِ صالح (ترکِ شرک وخودی) اور اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہ جانے۔

غور کرنا چاہیے "عملِ صالح" کو "لقاءِ رب" کا "سبب" قرار دیا گیا ہے۔ پس یہاں عملِ صالح سے وہی مراد ہو سکتی ہے جو سببِ لقاء ثابت ہو سکے۔ وجودِ توحیدِ باری تعالیٰ کے اقرار و علم کی ابتداء بھی ترکِ شرک سے ہوتی ہے اور اِس کی انتہا بھی ترکِ شرک سے ہوتی ہے۔ شرکِ جلی سے تو ابتداء ہی میں بچنا آسان ہے اور یہ مومنِ شرعی ہے لیکن شرکِ خفی سے بچنا آسان نہیں۔ شرکِ خفی سے بچتا جائے۔ شرکِ خفی میں "شرک اسباب" بھی مومنِ حقیقی وہ ہے جو معرفتِ توحید میں ترقی پاتے ہوئے داخل ہے۔ اسباب پر سے نظر اٹھا کر صرف مسبب سے وابستہ ہو جانا مومنِ حقیقی کی شان ہے۔ اور ایسا ہی مومن اللہ کے لقاء کی امید کر سکتا ہے۔ ترکِ شرک کا کمال یہ ہے کہ "ترکِ خودی" بھی ہو جائے۔

اِسی لیے اللہ تعالیٰ نے خاتمِ ولایتِ محمدیہ داعی الی البصیرۃ حضرت مہدیٔ موعود علیہ السلام کے ذریعہ "عملِ صالح" کے معنی "ترکِ دنیا" بیان فرمائے ہیں۔ اور ترکِ دنیا کے معنی "ترکِ ہستی وخودی" ہیں۔ اور یہ انتہائے کمالِ ترکِ شرک ہے اور "ترکِ شرک" سبب "لقائے رب" ہے کیونکہ "عملِ صالح" کی تفسیر میں اللہ نے " وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا " فرمایا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ "ترکِ دنیا" سببِ لقائے رب ہے اِسی لیے امام علیہ السلام نے بحکمِ خدا و بموجبِ آیتِ مذکورہ ہر مرد و عورت کے لیے فرض فرمایا ہے۔ اور اِس کے لیے "صحبتِ صادقاں" اور "ذکرِ خفی" کی تعلیم پر عمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے

جس کے بغیر کسی مومن کو حیاتِ طیبہ میسر نہیں آسکتی۔ اللہ تعالیٰ فرمایا تا ہے:-

"مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ اُنۡثٰى وَ هُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَنُحۡيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ " (سورۃ النحل۔97)

ترجمہ:- جس نے عملِ صالح (ترکِ شرک وخودی) کیا خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔ اور وہی مومن ہے پس ہم ضرور اِس کی حیاتِ طیبہ (شرک سے پاک زندگی) عطا کریں گے۔

اور حیاتِ طیبہ یہی ہے جو حضرت رسول اللہ ﷺ نے بھی فرمایا کہ:- "مُوۡتُوۡا قَبۡلَ اَنۡ تَمُوۡتُوۡا"۔ یعنی تم مرنے سے پہلے مر جاؤ۔ نیز فرمایا:- " الدنیا نفسک فاذا افنیها فلا دنیا لک " یعنی دنیا تیرا نفس (خودی) ہے جب تو نے اِس کو فنا کر دیا تو پھر تیرے لیے دنیا نہیں ہے۔

اضطراری موت وہ ہے جو امراض و حوادث کے ذریعہ وقتِ مقررہ پر آتی ہے۔ اختیاری موت یہ ہے کہ اپنا ہر ارادہ اور ہر کام صرف اللہ ہی کے لیے ہو اور رضا و تسلیم کا مرتبہ حاصل کر لے۔ ایسے ہی مومن کی نسبت قرآنِ مجید میں بیان کیا گیا ہے۔

قُلۡ اِنَّ صَلَاتِىۡ وَنُسُكِىۡ وَمَحۡيَاىَ وَمَمَاتِىۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿162﴾ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرۡتُ وَاَنَا اَوَّلُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿163﴾ (سورۃ الانعام)

ترجمہ:- بے شک میری نماز، میری عبادتیں، میرا جینا، میرا مرنا سب کچھ صرف اللہ کے لیے ہے جو تمام عالموں کا پروردگار ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں اور میں پہلا مسلمان ہوں۔

حاصلِ کلام یہ کہ ترکِ خودی (جو انتہائے کمالِ ترکِ شرک ہے) کی وجہ "اطلاقیت" حاصل ہو گی۔ اور خدا چاہے تو مشکوٰۃِ ولایتِ محمدیہؐ کے ذریعہ دیدار نصیب ہو گا۔ اگرچہ بعض مفسرین نے "عملِ صالح" سے نماز مراد لی ہے اِن معنوں کے لحاظ سے بھی "نماز" معراج المومنین کا درجہ اُس وقت تک حاصل نہیں کر سکتی جب تک کہ کمالِ ترکِ شرک نصیب نہ ہو۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے تعلیمِ احسان کے تحت فرمایا ہے کہ:-

" ان تعبد اللہ کا نک تراہ و ان لم تکن تراہ فانہ یراک " ترجمہ:- تو اللہ کی عبادت اِس طرح کر گویا کہ خدا کو دیکھ رہا ہے اگر تو نہیں دیکھتا ہے تو یہ سمجھ لے کہ خدا تجھ کو دیکھ رہا ہے۔ چونکہ کمالِ ترکِ شرک ہی ترکِ خودی ہے اور اِسی کو اصطلاحِ مہدویہ میں "ترکِ دنیا" کہتے ہیں اور یہی "لقائے رب" کا سبب ہے اِس لئے فرض ہے۔

تیرا امام بے حضور تیری نماز بے سرور ☆☆ ایسی نماز سے گزر ایسے امام سے گزر

طریقۂ مہدویہ کے لحاظ سے یہاں ایک اور نوعیت کی توضیح ضروری ہے۔ جس طرح داخلِ اسلام ہونے اور ترکِ شرکِ جلی اختیار کرنے کے لئے صدقِ دل سے بطورِ اقرار باللسان کلمۂ طیبہ کہنے کی ضرورت ہوتی ہے اِسی طرح داخلِ طالبانِ خدا ہونے اور "ترکِ خودی شرکِ خفی" یعنے ترکِ دنیا کے لئے صدقِ دل سے اقرار باللسان کی ضرورت ہے۔ جس طرح شرائطِ اقرار باللسان کی تکمیل کے بغیر کوئی شخص تعلیماتِ اسلام پر عمل کر لینے سے حکماً تارک الدنیا نہیں کہلایا جاسکتا۔ اور قبلِ اسلام کے بعد قصورِ اعتقاد و عمل کی صورت میں احکام جس طرح عاید ہوا کرتے ہیں اِسی طرح اقرارِ "ترکِ دنیا" کے بعد بھی قصورِ اعتقاد و عمل کی صورت میں احکام عاید ہوتے ہیں۔

مسئلہ "ترکِ دنیا" کی اِس مختصر توضیح سے ناظرین اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ کس قدر اعلیٰ و ارفع تعلیم ہے۔ اور یہ بھی محسوس کر سکتے ہیں کہ بعض مخالفین مثلاً "ہدیۂ مہدویہ" وغیرہ نے "ترکِ دنیا" کو رہبانیت اور مسلماتِ اہلِ سنت کے مغائر اور کسب کو حرام سمجھ لیا ہے وہ صحیح نہیں۔ مذکورۃ الصدر توضیحی بحث کے بغیر بھی امامنا علیہ السلام نے فرمایا کہ:- "کسب و تجارت کی شریعت میں اجازت ہے۔ لیکن اجازت کی خصوصیت یہ ہے کہ کاسب و تاجر کی نیت یہ رہے کہ عبادت کر سکے اور احکام بجالانے اور ممنوعات سے بچنے کے لیے اِس میں قوت و توانائی رہ سکے اور ڈرتا رہے کہ کہیں حرص و خیانت میں مبتلاء نہ ہو جائے۔ اگر کسب و تجارت میں یہ لحاظ نہ رہے اور دل میں تفاخر و تکاثر پیدا ہو جائے یا صرف کھانے اور کمانے میں منہمک ہو جائے (یہ تو بڑی بات ہے) اگرچہ کسب نہ بھی کرے اور دن رات عبادت و تعلیمِ علمِ شریعت میں اور عزلتِ خلق میں مشغول بھی رہے لیکن اِس کی نیت ایسے کاموں سے صرف دنیا ہی ہو تو اِس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ جس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے رہنا ہو گا۔"

اور روایت (116) ملاحظہ ہو کہ "حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو لوگ (فقراء) ہجرت کر کے خدا کی راہ میں آئے ہیں وہ اُمورِ معیشت میں سے جو کام بھی کرتے ہیں۔ پانی لانا، لکڑی پھوڑنا، آگ جلانا، کھانا، پکانا، اور کوئی چیز گردن پر رکھ کر لانا اور بیویوں بچوں سے دل بہلائی کرنا سب کچھ از روئے حکمِ کتاب اللہ تعالیٰ "عملِ صالح" میں داخل ہے۔"

اِس روایت سے ظاہر ہے کہ اُمورِ معیشت ضروریہ کو جب کہ وہ للّٰہی اغراض پر مبنی ہوں "عملِ صالح" میں داخل قرار دیا گیا ہے۔ اور ناظرین اِس سے قبل کی بحث ملاحظہ کر چکے ہیں کہ عملِ صالح سے مراد "ترکِ دنیا" قرار دی گئی ہے۔ اب مطلب صاف ہو گیا کہ یہ ایسی "ترکِ دنیا" ہے جس میں اُمورِ معیشتِ ضروریہ ترک نہیں ہوتے لیکن بفوائے آیتِ قرآن:-

"اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ط" (سورۃ التوبۃ-111)

ترجمہ:- بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنین سے اُن کی جانیں جنت (دیدار) کے بدلے خرید لی ہیں) طالبانِ مولیٰ محصور فی سبیل اللہ ہو جاتے ہیں۔

اِن ارفع و اعلیٰ صاف و صریح بیانات کی روشنی میں مخالفین کے اعتراضات خود بخود رفع ہو رہے ہیں اور ثابت ہو رہا ہے کہ یہ اعتراضات محض اسرارِ دین سے نابلد رہنے کا نتیجہ ہیں۔

در مسلماناں مجو آں ذوق و شوق ☆☆ آں یقیں آں رنگ و بو، آں ذوق و شوق
عالماں از علمِ قرآں بے نیاز ☆☆ صوفیاں درندہ گرگ و مود راز
گرچہ اند خانقاہاں ہائے دہوست ☆☆ کوچۂ نمرودے کہ صہباد کدوست
ہم مسلماناں افسرنگی مآب ☆☆ چشمۂ کوثر بجویند از سراب
بے خبر از سرِ دیں اند ایں ہمہ ☆☆ اہلِ کیں اند اہلِ کیں انداں ہمہ

اہلِ دیں را باز داں از اہلِ کیں ☆☆ ہمنشینِ حق بجو با اُو نشیں (اقبالؔ)

حاصل یہ کی امامناعلیہ السلام نے بحکمِ خدا، عشق و محبت کی ایسی زندگی کی تعلیم دی ہے جس کی مثال انبیاءؑ کی زندگی اور خاص جلیل القدر صحابہؓ اور اصحابِ صفہؓ و اولیائے کرامؒ کی زندگی ہے۔ ان تعلیمات پر اور آپؑ کے متبعین نے بدرجۂ کمال عمل کر کے دِکھلایا اور قیامت تک بقدرِ ہمت و توفیقِ ایزدی آپؑ کے متبعین عمل کرتے پائے جائیں گے۔ و ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء و اللہ ذوالفضل العظیم۔

آنکہ حیی لایموت آمد حق است ☆☆ زیستن با حق حیاتِ مطلق است (اقبالؔ)

☆☆☆☆☆

Roman Translation

Tauzih-e-Riwayaat dar Bayan-e-Tark-e-Duniya

Mahdavia ke pas Tark-e-Duniya ka jo mafhoom hai is se waqif hona bahut zaroori hai. Aam taur par log Yahud wa Nasara waghaira ki Rahbaniyata ke tazkere mein “Rahbaniyata” ka tarjuma “Tark-e-Duniya” karte hain jis ki wajhe badaun-nazar mein Mahdavia ki istelah “Tark-e-Duniya” par Rahbaniyata ka shuba paida ho jata hai. Halanke woh tarjuma hi galat aor Usool-e-Islam ke mughaer hai. kuike Islam mein Rahbaniyata ki nafi ki gaee hai aor Tark-e-Duniya ka Hukm diya gaya hai. Lafz-e-Duniya ka iste’mal Aakhirat ke muqabil hota hai ya Deen ke muqabil hota hai. Qur’aan-e-Majeed mein bhi aise iste’mal ki nazeerein maujood hain.

أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ز وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿22﴾ (سورۃ اٰل عمران)

Translation:- Yeh log who hain jin ke aamaal Duniya wa Aakhirat mein habitat hogaye aor un ka koi madadgaar nahin.

وَذَرِالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ـــالخ (سورہ الانعام ـ70)

Translation:- In logaun ke haal par chod-do jin hun ne apne Deen ko lahoo wa lua'b samjha aor un ko hayat-e-duniya ne maghroor kardiya.

Pahli Aayat mein lafz-e-"Duniya" "Aakhirat" ke muqabile mein aor dosre Aayat mein "Deen" ke muqabile mein aaya hai jab "Duniya wa Aakhirat" kahte hain to Duniya se zamana qabl-e-maut murad hoti hai aor jab "Deen wa Duniya" kaha jata hai to Duniya se murad woh tamaam umoor hote hain jin ko Deen se- ta'lluq no ho goya tamaam Mamnua'at-e-Deen ko Duniya kaha jata hai. Is mafhoom ke lehaaz se "Tark-e-Duniya" ke ma'ni "Tark-e-Mamnooa'at-e-Deen" huwe aor yahi ain Deen wa Ain Islam hai. Bahut sari Aayaat wa Ahadees se sarahatan Duniya ki mazammat sabit hai aor Mo'min ko is se bachne ka Hukm diya gaya aor khilaf warzi ki saza Dozakh qaraar di gaee hai. Is liye ha Mo'min wa Muslim par pazim hai ke Khuda wa Rasool ne jis ki mazammat is-shiddat se ki ho us-se ahteraaz kare balke Aahadees mein "Tark-e-Duniya ke lafz aor us ki Fazilat bhi paee jati hai. Hum chand Aahadees tamseelam yahan darj karte hain.

(1) تركوالدنيا لاهلها (كنزل العمال) **Translation:-Tum Duniya ko ahle-e-duniya hi ke liye chod-do**

(2) ترک الدنیا امر من ابصر واشد من حطم السیوف فی سبیل اللہ و لا یترکھا احدا لا اعطاء اللہ مثل ما یعطی الشھداء (کنزل العمال)

Translation:- "Tark-e-Duniya" Ailwe se ziyada talkh hai aor Khuda ki rah mein talwar chalane se ziyada sakht hai aor "Tark-e-Duniya" wahi kar sakta hai jis ko Allah Taufeeq ata farmaye jaisa ke Shuhada ko ata farmaya hai.

(3) من عرضت له الدنيا والآخرة فاخذ الآخرة وترک الدنيا فله الجنة وان اخذ الدنيا وترک الآخرة فله النار (کنزل العمال)

Translation:- Jis ke samne Duniya wa Aakhirat dono paish hon aor us-ne Aakhirat ko ikhtiyar kiya aor Duniya Chod-di us-ke liye Jannat hai. Aor jis ne Aakhirat chod-di aor Duniya ko ikhtiyaar kiya us-ke liye Dozakh hai.

Is-se Zahir hai ke "Tark-e-Duniya" ka Islam mein bahut baland maqaam hai. Is liye jo log "Rahbaniata" ka tarjama "Tark-e-Duniya" karte hain Ta'aleemaat-e-Islam se nawaqif rahne ka nateeja hai. Kuin ke Islam mein Rahbaniyat nahin. لَا رُهْبَانِيَتَه فِیْ الْاِسْلَامْ "Rahbaniyat" aor "Tark-e-Duniya" ka baiyyan farq yeh hai ke Rahbatiyata mein fitri quwwataun ko muattal wa na-kara kardiya jata hai. Jaise Khasi ho jana ya kisi azoo ko be-his bana dena waghaira. Is ke bar khilaf qua-e-fitriya ko jaez tareeqaun se astema'al karn, Deen wa Aakhrat ko tarjih dena, Ibadat wa Riyazat aor Deen ki khidmat mein mashghool wa mun-hamik rahne Istelah-e-Islam mein Rahbaniyat nahin balke "Zuhd" kaha jata hai. Chunache Zuhad ki ta'areef Imam Ghazaali RH ne yeh bayan ki hai.

الزهد عبادة عن رغبتهٖ عن الدنيا عدولاً الٰی الاٰخرة او عن غير الله عدو لا الٰی الله و هی الدرجة العليا (احيا العلوم)

Translation:-Aakhirat ki taraf mael ho kar Duniya se Ru-gardaan hona Zuhd hai ya Ghair-rullah se mun phair kar Allahu Ta'aala ki taraf rujoo hona aor yeh Zuhud ka bhut baland darja hai. Zuhud ke muta'alliq bahut Fazael Ahaadees mein bhi warid hain.

اذا اراد لله بعبد خيرا زهده فی الدنيا و رغبة فی الآخرة (احياء العلوم)

Translation:- Jab Allah kisi babde ki bhalaee chahta hai to us-ko Zuhd fid-Duniya aor Raghbat ilal-Aakhirat ki taufeeq ata farmata hai.

افضل الناس مومن متلزهد (احياء العلوم)

Translation:- Mo'min Zahid sab logaun mein Afzal hai. Is se zahir hai ke "Zuhd Fid-Duniya" ain Islam hai aor yeh Mo'min ka baland martaba hai. Awliya-e-Kiram wa Saliheen-e-Azzaam isi martabe par faez rahe hain. Aor Ahle Ilm tasleem kareinge ke "Zuhd Fid-Duniya" apr "Tark-e-Duniya" bilkul ham-ma'ni hain is liye Tark-e-Duniya ko Rahbaniyat kahna ya ta'leem-e-Islam ke mughaez qarar dena sahih nahin hai.

Is liye Muhaqqiqeen-e-Sufiya ke Maslak mein "Zuhd Fid-Duniya" wa "Tark-e-Duniya" ko farz wa lazim gardana gaya hai. Awliya-Ullah ki taleefaat wa kutub -e-Sair mein is ki tafseelaat maujood hain. Aor isi liye "Tark-e-Duniya" aor is ke mafhoomaat, akabir-e-Ulama-e-Zahir mein bhi muta'rif rahe hain. Albatta un ke pas mustahab ki haisiyat di gaee hai. Is ka asal sabab wahi hai jo hum aage bayan kar-chuke hain ke Aemma-e-Mujtahideen sirf Ibadaat wa mua'milaat ke masael ki kawishaun mein munhamik rahe. Ishq wa Muhabbat-e-Ilahi ke lawazim se ta'lluq rakhne wale masael mein unhun ne munshigaafi nahin ki halanke is hi ke musallimah usool ke lehaaz se jis amr ki saza' Dozakh qarar di-gaee ho us-ka tark karna farz hai.

Qur'aan-e-Majeed ki saaf wa sareeh Aayat hai ke:-

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَايُبْخَسُوْنَ ﴿15﴾ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ
لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّاالنَّارُ ز وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾ (سورة هود)

Translation:- Jo koi Hayat-e-Duniya wa Zeenat-e-Duniya ka Mureed ho hum un logaun ke aamaal duniya hi mein poore kardete hain aor woh duniya mein gahte mein nahin rahte yeh sab waise log hain jin ke liye Aakhirat mein Aatish-e-Dozakh ke siwaye kuch nahin aor unhun ne jo kuch (Naikiyan) is duniya mein ki hain who sab Habitat ho jaeinge. Is Aayat mein "Man" ka lafz aam hai jis mein har Mureed-e-Duniya dakhil hai Khawh Mo'min ho ya Kafir. Aor aik Aayat hai:-

فَاَمَّا مَنۡ طَغٰی ﴿37﴾ وَاٰثَرَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا ﴿38﴾ فَاِنَّ الۡجَحِیۡمَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی ﴿39﴾ وَاَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَنَہَی النَّفۡسَ عَنِ الۡہَوٰی ﴿40﴾ فَاِنَّ الۡجَنَّۃَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی ﴿41﴾ (سورۃ النّٰزعٰت)

Translation:- Laikin jo shakhs had-se guzar gaya aor Hayat-e-Duniya ke peeche ho gaya to beshak us ka thikana Dozakh hai aor jo shakhs apne Rabb ke (Itaab) ke mauqe par dara aor apne Nafs ko (Fasid) Khawhish se roka to beshak us-ka thikana Jannat hai.

Duniya ki mazammat mein aor bahut Aayaat hain mazkoorah Aayaat se Dozakh ki saza ka Hukm saaf zahi hai is liye is ka Tark Farz hoga. Hazrat Imamuna AHS ka aam da'wa Baseerat par hai. Taqarrub-e-Khuda wa Kamalaat-e-Rouhani ki ta'leem Aap AHS ki baisat ka maqsad hai is liye Allahu Ta'aala ne Aap ke zarye is Farziyat ka Ilm ata farmaya. Aor jis ki Hujjat mein Aayaat-e-Qur'aani bhi maujood hain. Tark-e-Duniya aor Tawwakul ke Masael apni apni jin khusoosiyaat ke hamil hain un-ko samajhna aor istedlaal wa tafheem mein un-ko malhooz rakhna bahut zaroori hai. Usool-e-Mahdavia ke mu'trizeen aisi galati ki wahjhe laghzish kha jate hain. Kuinke Tark-e-Duniya ka ta'lluq Hayat-e-Duniya wa Mata'-e-Duniya se hai aor Tawakkul ka ta'lluq Asbaab -e-Tadbeer par nazar na karne se hai jis ki Tauzih Tawakkul ke bayan mein aaye-gi. Hazrat Mahdi AHS ne "Hayat-e-Duniya" wa "Mata'-e-Hayat-e-Duniya ki yeh tauzih farmaee hai.

وجودِ حیاتِ دنیا کفر است یعنے زیستن بجان کہ آں را ہستی و خودی گویند ہر چیزے را کہ در کتاب اللہ متاعِ حیاتِ دنیا نام کردہ اند چوں حبِ زنان و فرزنداں و اموال و حیوانات و زراعات و تجارت و عمارات و ملبوسات و ما کو لا ت و جز آں ہر کہ ایں اشیاء را مرید و محب باشد و بدیں مشغول گردد او کافر است۔
(نقلیاتِ میاں عبد الرشیدؓ روایت 56 و انصاف نامہ باب5

Translation:- Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke Wajood-e-Hayat-e-Duniya Kufr hai yani jan se jeena ke jise Hasti wa Khudi kahte hain aor woh umoor jin ko Kitabullah mein Mata'-e-Duniya kaha gaya hai. Aurataun aor bachaun ki muhabbat aor amwaal wa haiwanaat wa tijarat wa zira'at wa amaraat wa malboosaat wa makoolaat waghaira ka jo

shakhs Aashiq wa Mureed hoga aor is mein munhamik wa mashghool rahega who Kafir hai.

:- **Imamuna AHS ne Hayat-e-Duniya se murad "Hasti wa Khudi" aor "Mata-e-Hayat-e-Duniya" se murad amwaal wa zananaan wa farzandaan waghaira ki muhabbat bayan farmaee hai. Hum yahan Mata-e-Duniya ki tauzih kareinge. Is ke ba'ad "Hayat-e-Duniya ki bahes ki jayegi. Allahu Ta'aala farmata hai:-**

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَ الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَ الْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَ الْاَنْعَامِ وَ الْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿14﴾ (سورة اٰل عمران)

Translation:- Zeenat diye gaye hain log khawhisaat ki muhabbat se aurataun aor bachaun se mutalliq aor sone wa chandi ke jama'a kardah khazanaun aor nishan zadah ghodaun aor chaupayaun aor khaitaun se mutalliq yeh sabab-e-Mata'-e-Hayat Duniya hai aor Allahu Ta'aala (jo Ma'bood-e-Bar-Haq hai) sab naikiyan isi ki taraf phair jane wali hain.

Is Aayat mein Mata'-e-Hayat-e-Duniya ka saaf bayan maujood hai aor Imamuna AHS ne bhi "Mata'-e-Hayat-e-Duniya" ki muhabbat tark karne ka hukm diya hai. aor is mein ishteghaal ke Khuda se Gaflat ho jaye na-jaez qaraar diya hai aor yeh is Hukm-e-Qur'aani ke theek mutabbiq hai jo Allahu Ta'aala farmata hain:-

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿9﴾ (سورة المنٰفقون)

Translation:- Aey Iman walo! Tumhare maal aor tumhari aulad tumhein Khuda ke zikr se gafil na karein aor jo aisa kareinge who sab Khasireen hain.

Is se maloom huwa ke Khuda se Ghafil ho kar amwaal aor zan wa farzand waghaira Mata'-e-Hayat-e-Duniya mein munhamik wa mashghool ho jana mana' hai. Sahib-e-Zan wa Farzand hona mana' nahin hai.

حضرت میراں علیہ السلام را عرض کردند کہ زن و فرزندان مرا تفرقہ می دہند اگر رضائے خوندکار باشد ایشاں را علٰحدہ کنم۔ میراں علیہ السلام فرمودند ایشاں را دست گرفتہ دربہشت بروید ازخود علٰحدہ نہ کنید خدائے تعالیٰ شما را اجرِبسیار می دہی بواسطہ ایشاں صبر کنید ایں کارِبزرگ است (نقلیاتِ میاں سید عالمؒ)

Translation:- Hazrat Mahdi AHS se aik Sahabi RZ ne arz kiya ke Biwi Bachche mujh mein tafriqah paida kar rahe hain agar ijazat ho to un ko alag kardeta huin. Imamuna AHS ne farmaya "Un ka haat thame huwe Jannat mein le jao aor un ko apne se alaheda mat karo. Khuda-e-Ta'aala tum ko bahut ajar dega. Un ke bare mein sabr ikhtiyat karo yeh Bahut bada kaam hai.

Isi liey Aap AHS ki ta'leemaat par jo ke Aayaat-e-Qur'aani se mutabbiqat rakhti hain, "Rahbaniyata" ka shubha bhi nahin kiya ja sakta kuin ke Rahbaniyata mein munakihat waghairah tabaee khawhishaun ko tark kiya jata hai aor in Ta'alimaat ka maqsad tabaee wardaati khawhishaun ko fi-sabeelillah mahsoor kar dena hai.

:- Jaisa ke Allahu Ta'aala ne farmaya:-

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِى الْاَرْضِ ز يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ط (سورۃ البقرۃ۔273)

Translation:- In Fuqara' ke liye hai jo Allah ke raste mein Mahsoor hain. Zameen (Duniya) mein (kamane ke liye) chal phir nahin sakte hain. Un-ke suwal na karne ke sabab nadaan, un ko ghani samjhta hai. Tu un ko nishaniyaun se pahchan lega. Woh Fuqra'a kisi se gidh-gidha kar suwal nahin karte. Yeh Aayat As-haab-as-Suffah ki shan mein hai. Ba'az kahte hain ke yeh log ma'zoor wa mareez the mumkin hai un mein chand ma'zoor hon laikin puri jama'at ma'zooraun ki nahin thi kuin ke un ki aik khususiyat yeh bhi bayan ki jati hai ke:-

وکانوا تخرجون فی کل سریۃ بعثھا رسول اللہ صلعم (تفسیرِ کبیر کشاف معالم وغیرہ)

Translation:- Har "Sarya ya Jihad" mein shareek rate the jis ko Rasoolullah SAWS bhaijte the. Agar yeh ma'zoor hote to "Sarya ya Jihad" mein shareek hone ke qabil na rahte.

"اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ" se murad apni quwwataun aor apne iradaun wa afa'al ko Allhu Ta'aala ke Ahkaam ka paband karlena aor "لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ" se yeh murad hai ke who jama'at Kasab wa Tijarat waghairah Muamilaat-e-ma' ash se be ta'lluq thi."ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ" ke ma'ni chalne phir ne kamane kaja ne ke hain.

Imam Razi RA likhte hain:-

لان اشتغالهم بصلاح الدين و باصر الجهاد نميعهم من الاشتغال بالكسب و التجارة۔

Translation:- Salah-e-Deen wa Amr-e-Jihad mein mashgool rahne ki wajhe Kasab wa Tijarat se baaz rahte the. Aor aik jage likhte hain:-

هولاء قوم كانوا مشتغلين يذكر الله و طاعته و عبوديته و كانت شدة استغراقهم فی تلک اطاعة احصرتهم عن الاشتغال بساير المهمات۔

Translation:- Woh sab Allah ke zikr aor is ki ita'at wa uboodiyat mein itni shiddat se mustaghraq the ke who log (Kamane Kaja ne ke) tamaam muamilaat se (be-ta'lluq ho kar) is ita'at mein mahsoor hogaye the.

Is se zahir hai ke Tableegh-e-Deen aor Wisaal Ilal-Matloob ke liye "Mata-e-Hayat-e-Duniya" ki muhabbat tark karna lazim hai. yahi wajhe hai Dawa-e-Nabuwat wa Risalat ke ba'ad ke taweel arse mein Hazrat Rasoolullah SAWS Kasab wa Tijarat mein mashghool hone ki sanad koi nahin batla sakta. Aap ne Deen ki khidmat aor Ibadat wa Riyazat ke liye apne ko waqf farmaliya tha. Din raat isi masrufiyat mein guzarte the. Ahl-e-Bait ke Faqr wa Faqe ki Riwayaat Kutub-e-Ahaadees wa Sair mein ba-kasrat maujood hain. Agar who chahte to kis qadar sahulatein un ko hasil na ho saktein. Is se yeh bhi zahir hota hai ke yeh Faqr ikhtiyari tha. Pas As-haab-as-Suffah RZ wa Awlia-e-Kiram RA ka Maslak bhi yahi raha hai.

Is-ke yeh ma'ni nahin ke Mo'min ke liye kasab ki ijazat hi na thi ya yeh ke kasab na-jaez hai. Aayaat wa Ahaadees mein Mo'min ke liye Kasab-e-Halal ki ijazat hai aor khud Imamuna AHS ne bhi bila-lehaz-e-madarij qata'n na-jaez ya Haram nahin qarar diya hai. chunache Riwayat (18) mulaheza ho ke aik Alim ke suwal ke jawab mein Aap AHS ne farmaya ke:- "مؤمن را کسب حلال است مؤمن باید شد در قرآنِ مجید تامل باید کرد که مؤمن کرامی گویند"

Translation:- Mo'min ke liye kasab Halal hai Mo'min ban-na chahiye aor Qur'aan -e-Majeed mein ghaur to karo ke Mo'min kis ko kahte hain.

Yahi wajhe hai ke ibteda-e-baisat-e-Imamuna AHS se aaj tak Jama'at-e-Mahdavia mein Fuqra' wa Kasibeen ke do (2) tabqe paye jate hain. Albatta in mein darajaat-e-sulook ka farq zaroor hai. Allahu Ta'aala ki muhabbat mein jitni ziyadati ki jayegi utna hi Duniya se be-talluqi badh ti jaye gi. Yahan tak ke Ahkaam-e-Faraez-e-Vilayat sab par Farz hain.

Hasil yeh ke Aayat-e-Mazkurah mein Ashaab-e-Sufa RZ ki aik khususiyat yeh bayan ki gaee hai ke woh Kasab wa Tijarat mein mashghool na ho sakte the.

"یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف" **se murad hai ke "Halat-e-Faqr" ke bawajood ghina ki sifat se muttasif the. Un ka istighna' bhi paye ka tha ke nadaan log un ko "Ghani" samajhte the "Ta'afuf" ke ma'ni suwal se bachne ke hain. Ghairullah ke samne apne Faqr wa ahtiyaaj ko ba-haisiyat-e-suwal wa iste-daad zahi na karna un ki khususiyat thi. Khulfa-e-Rashideen waghaira jo " Ameer-ul-Mo'mineen" ke dar par faez rahe hain un ki amarat ka haal bhi Dekhiye kiya thi.**

آں مسلماناں کہ میری کردہ اند ☆☆☆ در شہنشاہی فقیری کردہ اند

در امارت "فقر" را افزودہ اند ☆☆☆ مثل سلماں در مداین بودہ اند

حکمرانی بود ودسامانے نداشت ☆☆☆ دستِ او جز تیغ و قرانے نداشت (اقبالؔ)

Gharz Hazrat Imamuna AHS ne bhi "Suwal ko Haram" qarar diya hai jo Fuqra' ki khususiyat "Ta'afuf" ke ain mutabbiq hai. Aap ne farmaya "Harche khawhi az Khuda Khawh!" yani jo kuch mangna ho Khuda se mango. Dast-e-Suwal daraaz karna to kuja halat-e-suwal se bhi Aap AHS ke Fuqra' ahtiyaat karte the. "Riwayat dar Bayan-e-Tawwakul" aor Riwayaat dar-Bayan-e-Ahkaam-e-Daira mein is ki wazeh misalein maujood hain. Yeh to Faqr-e-Ikhtiyari ki guftago hai laikin Halat -e-Izteraar mein bhi Imamuna AHS ne Itteba'-e-Ahkaam wa Ashaar-fi-sabeelillah ki hifazat ke liye sha'oor ko baidaar rakhne ki sa'ee farmaee hai. Is tarha ke aisi surat mein kuch Kasab karle."

داراو سکندسے وہ مردِ فقیر اولٰی ☆☆☆ ہو جس کی فقیری میں بوئے اسداللہی (اقبالؔ) :-

Riwayat hai ke Muhajireen RZ ki majlis mein Miran Syed Muhammad Mahdi AHS se suwal kiya gaya ke agar koi (Faqeer) Khuda-e-Ta'aala par Tawakkul na karsake aor halak hone ki naubat aaye to kiya kare? Aap AHS ne farmaya ke "jaye aor aik do Chital (Takke) kasab karke khaye…alkh.(Insaf Nama Baab (5) phir Aap ne farmaya ke "Agar aik Chital kasab kare ga to (kahein) dosre roz do Chital karna chahe ga. Hushiyaar rahe aor Hirs na kare aor ziyada talab na kare to Khuda-e-Ta'aala nahin pooche ga chunache Khuda-e-Ta'aala ne rukhsat di hai ke "Jo shakhs muztar ho aor khilaf warzi karne wala nahin hai aor na hud-se tajawiz karne wala hai to us par kuch gunah nahin. Be-shak Allah bakhshne wala Mehrban hai. (Juz2 ruku 5 Insaf Nama baab 5) is ki tafseel Tawakkul ke bayan mein aaye gi.

"تعرفهم بسيماهم" se murad hai ke tum un ki paishani yaun ki Noorani Alaamaat se un ko pahchan sakte ho gidh-gidha te huwe suwal karne wale ka "Fuqra" ki yeh jama'at se koi ta'lluq nahin. "لايسالون الناس الحيافا" ba zahir Alaamaat yahi hain ke un ki ibadat wa riyazat, Rushd wa Hidayat, bood wa Baash, Waza' wa Libaas mein Ahkaam-e-Khuda wa Khatimeen ki taqleed paee jati ho fil haqeeqat faqeer ki ahem khusoosiyat yeh hai ke us mein Noor-e-Yaqeen Jalwa gar ho jaye aor us haisiyat se kisi faqeer ko

pahchana har shakhs ke bas ki baat nahin. Isi liye Imam Muhiuddin Ibn Arabi RA is Aayat ki tafsir mein farmate hain:

اتهم عرفاء فقراء اهل الله لا يعرفهم الا الله و من هومنهم (تفسیر محی الدین ابن عربی نصف اول صفحه 97)

Translation:- Woh sab Aarifeen Fuqara' Ahl ullah hain. Un ko Allah hi janta hai aor woh bhi jan sakta hai jo Inhi Fuqara' mein se hai. Yahan yeh baat bhi zahen nasheen karlene ke qabil hai ke Allahu Ta'aala ke farman " وَاللّٰهُ غَنِیُّ وَّاَنْتُمُ الْفُقَرَاء **" mein Fuqara' ka lafz aam hai. Allahu Ta'aala ka muhtaj hone ki haisiyat se har fard wa bashar is Aayat ke hukm mein dakhil hai laikin "** لِلْفُقَرَآءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۔الخ **" mein Fuqara' ka jo lafz hai woh khas hai. Is liye mahez muhtaj hone ke ma'naun mein har fard wa bashar Fuqara' ki is jama'at mein shumar nahin kiya jasakta. Is mukhtesar Tauzih se zahir hai ke Imam AHS ne "Tark-e-Mata'-e-Hayat-e-Duniya" ki jo ta'leem di woh Qur'aan wa Hadees ke ain mutabbiq hai. Chunach Riwayat (69) mein saf wa sareeh bayan maujood hai ke "Hazrat Mahdi AHS hamesha yeh farmaya karte the ke apni zaat Khuda-e-Ta'aala ke hawale kardo. Na di si shakhs ke saath mashghool raho na kisi cheez ki khawhish rakho bajuz Khuda-e-Ta'aal ki zaat ke. Makhlooq se zara bhi ahtiyaaj na rakho. As-haab-e-Sufahaha RZ jo Hazrat Muhammad Mustufa SAWS ki mash-hoor jama'at thi in-Hin Sifaat se Muttasif thi. (Is Riwayat mein aage chal kar yeh Aayat bhi bayan ki gaee hai ke:-**

كما قال الله تعالىٰ :- وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط (سورة النسآء125)

Translation:- Jaisa ke Allahu Ta'aala ne farmaya:- Aor az roo-e-Deen is shakhs se koi achcha bhi hai jis ne apne aap ko Allahu Ta'aala ke hawale kardiya hai? aor who bhi naiki karne wala hai aor is-ne Ibrahim AHS ke Deen ki pairawi ikhtiyaar ki hai.

Imamuna AHS ne Tark-e-Muhabbat-e-Mata-e-Duniya ki hi Ta'leem par iktefa nahin farmaya balke yeh bhi ke Mo'min Aakhirat ke Sawab par bhi nazar na rakhe. Aap AHS ne Talib-e-Duniya ki misal muannas se aor

Talib-e-Uqba ki misaal Na mard se aor Talib-e-Maula ki misaal Mard se di hai aor aik waqt Aap ne farmaya:-

ہرچہ خواہی از خدا خواہ اگر آب و نمک و ہیزم خواہی از خدا خواہ و رخصت انیست عزیمت آنست کہ گفتہ اند۔

Translation:- Jo kuch chahte ho Khuda se chaho. Pani, Namak, Lakdi bhi chahte ho to Khuda hi se chaho yeh Rukhsat hai. Aaliyat to wahi hai jo bayan karte hain.

ہشت جنت گر دہندت سر بسر ☆☆ تو مشو راضی از انہا در گزر

عالی ہمت باش دل باحق بہ بند ☆☆ تو ہمئے قافِ قربی رو بلند

Translation:- Agar poori aat (8) Jannatein bhi tujh ko de-di jaein to un se khush na ho ja balke Talab-e-Haq mein aage badh ja baland him-mat rah, Allah se dil wabasta rakh, jab tak tu Qaaf-e-Qarbi ka Huma hai udta chala ja.

Dozakh ko khauf ya bahisht ka Shauq agar ho to Ibadaat wa Riyazaat ka ta'lluq phir bhi aik haisiyat se ghairullah hi se matboo' pata hai is liye Deedar ke siwaye kisi aor sile ki tamanna Mo'min ke khauf wa Shauq ka markaz ban-na chahiye kuin ke husool-e-Deedar-e-Khuda hi Ain Jannat hai.

واعظ کمالِ ترک سے ملتی ہے یہ مراد ☆☆ دنیا جو چھوڑ دی ہے تو عقبیٰ بھی چھوڑ دے

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے ☆☆ اے بے خبر جزاء کی تمنا بھی چھوڑ دے

Mahdaviyat ka markaz sirf Khuda-e-Ta'aala ki zaath hai Ta'leemat-e-Imamuna AHS mein ba-lehaz-e-Deen Ghairullah ko markaziyat ikhtiyaar karne ki gunjaesh hi nahin.

گر بہ " اللہ الصمد " دل بستۂ ☆☆ از حد اسباب بیروں جستۂ

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿142﴾ (سورة النسآء)

ترجمہ:- منافقین اللہ تعالیٰ سے چالبازی کرتے ہیں حالانکہ اللہ اُن کو چالبازی کی سزا دیگا۔ اور (یہ لوگ) جب نماز ادا کرتے ہیں تو اکسائے ہوئے لوگوں کو دِکھانے کی خاطر ادا کرتے ہیں۔ اور اللہ کا ذکر کم کرتے ہیں۔ اِس کے علاوہ اور بھی آیات ہیں جن میں ذکر سے غفلت کو موجبِ عذاب و عتاب قرار دیا گیا ہے۔

(1) فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾ (سورة الزمر)

ترجمہ:- بد بختی ہے اُن لوگوں کے لئے جن کے دل ذکر اللہ سے غفلت کی وجہ سخت ہو گئے ہیں یہ سب لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

(2) وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿36﴾ (سورة الزخرف)

ترجمہ:- جو شخص اللہ کے ذکر سے غافل ہوتا ہے تو ہم اس پر شیطان کو متعین کر دیتے ہیں جو اِس کے ساتھ ساتھ رہتا ہے۔

(3) وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿124﴾ (سورة طٰهٰ)

ترجمہ:- جو شخص میرے ذکر سے روگردانی کرتا ہے تو اُس کی زندگی تنگی میں رہے گی اور ہم اُس کو قیامت کے دن اندھا اٹھائیں گے۔

(4) وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿17﴾ (سورة المزمل)

ترجمہ:- جو شخص اپنے پروردگار کے ذکر سے روگردانی کرے گا وہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔

جب ذکر اللہ سے غفلت موجبِ عتاب و عذاب ہے تو اِس کی فرضیت کو تسلیم کرنا اُصولِ شرعیہ میں داخل اور ہر مومن متقی کے لیے اِس پر اعتقاد و عمل لازم ہے۔

خرد نے کہہ بھی دیا لاالہ تو کیا حاصل ☆☆ دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں (اقبالؔ)

حضرت مہدی علیہ السلام کی جماعت نے آپؑ کی تعلیم پر بدرجۂ کمال عمل کیا اور آپؑ نے اُس فقیر پر جو آٹھ پہر کا ذاکر ہو مومنِ کامل کا حکم سنایا۔ چونکہ آپؑ کی جماعت فرض ذکر کی بدرجۂ اتم عامل تھے اِس لیے آپؑ نے آئیہ شریفہ:- "فَاذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا يَا اُولِى الْاَلْبَابُ" میں "اُولُوالْاَلْبَابُ" کی اِس خصوصیت کو اپنی جماعت سے مطابق قرار دیا۔

روایت (202) ملاحظہ ہو کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا۔ ایک وقت "سلطان النہار" دوسرا وقت "سلطان اللیل" ہے جو شخص اِن دونوں وقت کی حفاظت کر رہا ہو (گویا) اُس سے دن و رات ضائع نہیں جا رہے ہیں۔ اِن دونوں وقت کو جو (فقیر) ضائع کر دے وہ فقیرِ دین نہیں۔ (روایت 202) انصاف نامہ وغیرہ کتبِ نقلیات میں بھی یہ روایت موجود ہے۔ سلطان النہار کا وقت طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک اور سلطان اللیل کا وقت عصر سے عشاء تک ہے۔ اِن اوقات میں ذکر اللہ کے اثر سے دل میں توجہ قائم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے دن اور رات کے بقیہ اوقات میں قلب پر غفلت غالب ہونے نہیں پاتی۔

امامنا علیہ السلام کے فرامین میں جس طرح منتہائے عالیت و عزیمت کا معیار پایا جاتا ہے اِسی طرح رخصت سے تعلق رکھنے والے احکام بھی موجود ہیں۔ آپؑ نے آٹھ پہر (موجودہ وقت کے لحاظ سے 24 گھنٹے جس میں عصر و مغرب کے درمیان بیانِ قرآن بھی شامل ہے) کے ذاکر کو مومنِ کامل فرمایا ہے۔ یہ عالیت و عزیمت کا بلند مرتبہ ہے اور رخصت کی حد میں سلطان النہار و سلطان اللیل کی حفاظت کا حکم بھی موجود ہے۔ تاکہ آنے والے زمانے میں لوگ اپنی اپنی ہمت و صلاحیت کے مطابق دینِ مہدیؑ سے

استفاضہ کر سکیں۔ اور احکامِ رخصت کی صدقِ دل سے تعمیل ہی اُن کی ترقیوں کا زینہ بن جائے۔ یہاں یہ بات بھی ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ حضرت بندگی میاں سید محمود خاتم المرشدینؒ نے "رخصت" کی حد رکھنے والے جتنے احکام اور جو کچھ مسائل آپؒ نے بیان فرمائے اُن کا تعلق فرامینِ امامناعلیہ السلام ہی سے ہے۔ اِس کی مزید تفصیل کا محل نہیں۔

حضرت مہدی علیہ السلام نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے چند مراتب بیان فرمائے ہیں۔ ذکرِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی چار صورتیں ہیں۔

(1) گفتی یعنی صرف کہنے کی حد تک (2) دانستنی یعنی صرف جاننے کی حد تک (3) دیدنی یعنی دیکھنے کی حد تک (4) شدنی یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو جانا ہے۔ دوسری کتبِ نقلیات میں "دیدنی کے بجائے "چشیدنی" ہے۔ اِن مراتب کی تفہیم کے لیے بطورِ تمثیل یہ بیان کیا جاتا ہے کہ درجۂ گفتنی کی مثال ایسی ہے جیسے کہ پتھر پانی میں۔ یعنی جس درجہ پانی کا اُس میں اثر ہو سکتا ہے بس۔ اتنا ہی اثر اُس درجہ والے ذاکر میں ہوتا ہے۔ اور "درجۂ دانستن" کی مثال "سنگ در آتش" ہے۔ یعنی پتھر آگ میں جس نوعیت سے حرارت کا اثر قبول کرتا ہے۔ اتنا سا اثر "دانستن" کے درجہ والے میں ہوتا ہے۔ "درجۂ دیدن و چشیدن" کی مثال "آتش در شمع" ہے۔ روشن شمع کی طرح ذکرِ الٰہی سے ذاکر کا باطن روشن و منور رہتا ہے یا اِس کی مثال "نعل در آتش" ہے۔ یعنی لوہا آگ کے اثر کو اِس درجہ قبول کرتا ہے کہ اپنا وجود آگ کی شکل اختیار کر لے۔ یہ آگ میں آگ تو بن جاتا ہے لیکن اس کی آہنیت سالم رہتی ہے۔ "درجۂ شدن" کی مثال لکڑی اور آگ یا برف و پانی ہے۔ اِس درجہ میں ذاکر "تخلقوا باخلاق اللہ" کا مصداق ہوتا ہے۔

اور اطلاقیت اتنی حاصل ہوتی ہے کہ "پس قیامت شو قیامت را بہ بیں" کے اصول پر "فنا فی اللہ و بقا باللہ" سے مشرف ہو جاتا ہے۔

حاصل یہ کہ جس درجہ ذکر قائم ہوتا جاتا ہے اتنا ہی ذکر کی مداومت و مواظبت میں ترقی ہوتی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ مرتبۂ "شدنی" میں دوامیت، اطلاقیت اور فنائیت درجۂ کمال کو پہنچ جاتی ہے۔

ذکر قائم از قیامِ ذاکر است ☆☆ از دوامِ او دوامِ ذاکر است (اقبالؔ)

روایت(200)ملاحظہ ہو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ " بندے پر اِس قدر اثر کرے جتنا مونگ کا دانہ گائے کے سینگ پر (مارا جائے تو) اثر کر سکتا ہے تو اُس بندہ کا مقصد پورا ہو جائے گا"۔ اور روایت(202)ملاحظہ ہو کہ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے مؤمن کے دل پر ایسا اثر ہونا چاہیئے جیسا کہ روئی سے بھرے ہوئے گھر میں ایک چنگاری کر سکتی ہے۔ کہ جس سے ساری روئی جل جاتی ہے۔ لیکن لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تاثیر تو یہ ہے کہ غیر اللہ کی محبت پوری پوری سوختہ ہو جاتی ہے۔

اِس فرمان سے ظاہر ہے کہ بنیادی امر محبت و عشقِ الٰہی ہے اُس کے بغیر ذکر میں وہ اثر وہ رنگ نہیں قائم ہو سکتا من احب شیًا اکثر ذکرہ (جس کو جس کسی چیز سے زیادہ محبت ہو گی اُس کا ذکر زیادہ کرے گا) اِسی لیے " عشق " کو " ام الکتاب " اور "آبِ حیات" کہتے ہیں۔ جو تعلیماتِ قرآن کا حاصل اور بقا باللہ کا باعث ہوتا ہے۔

برخور از قرآں اگر خواہی ثبات ☆☆ ضمیرش دیدہ ام آبِ حیات

تا دو تیغ لا والا دا شتیم ☆☆ ماسوی اللہ افشاں نگذاشتیم (اقبالؒ)

مولفِ انصاف نامہ حضرت میاں ولی جی رحمتہ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ:-

مراقبہ را دو معنی یکے معنی آنکے مراقبہ محافظہ است مشتق من الرقبۃ و ھوالحفظ یعنی دل را از خواطرِ غیرِ حق بذکرِ حق نگاہ داشتن و حق را برخود مطلع دیدن و ایں مراقبہ مبتدیانست دوم مراقبہ بمعنیِ مشاہدہ است مشتق من الرقوب و ھوالنظیر یعنی در مشاہدہ جمال و جلالِ ذات و صفاتِ حق چناں مستغرق شد کہ ہیچ چیزیا دنیا ید و ایں مراقبہ منتہا نست پس اعمال جوارح با پریشانی خاطر ممکن ہست اما مراقبہ بغیر خلوت باطن اصلا ممکن نیست۔ پس اے عزیز ! طالبِ حق را باید کہ دائم در مراقبہ با شد و ہر چہ معاملہ و خواب بیند پیشِ مرشد عرض کند بہ خودی خود مغرور نشود۔ (انصان نامہ باب (5))۔

ترجمہ:- مراقبہ کے دو معنی ہیں ایک مراقبہ بمعنیِ محافظہ ہے جو "رقابۃ" سے مشتق ہے جس کے معنی حفاظت کے ہیں یعنی دل کو غیرِ حق کے خطروں سے بچا کر ذکرِ حق میں مشغول رکھنا اور حق کو اپنے پر آگاہ سمجھنا۔ یہ مراقبہ مبتدیوں کا ہے دوسرا مراقبہ

مشاہدہ ہے جو "رقوب" سے مشتق ہے جس کے معنی دیکھنے کے ہیں۔یعنی جمال و جلالِ ذات وصفاتِ حق کے مشاہدہ میں ایسا مستغرق ہو کہ کوئی چیز یاد نہ آنے پائے اور یہ مراقبہ نہتیوں کا ہے۔اعضاء کے افعال دل کی پریشانیوں میں بھی صادر ہونا ممکن ہے لیکن مراقبہ بغیر خلوتِ باطن کے بالکل ناممکن ہے۔پس اے عزیز! طالبِ حق کے لئے لازم ہے کہ ہمیشہ مراقبہ میں رہے اور جو کچھ معاملہ و خواب دیکھے مرشد سے عرض کرے اپنی خودی میں مغرور نہ ہو جائے۔"

حضرت امامناعلیہ السلام کی خصوصیت یہ تھی کہ ہر آنے والے مصدق کو خواہ عالم ہو یا اُمی مرد ہو یا عورت پاسِ انفاس اور ذکرِ خفی کی تلقین فرماتے تھے۔اور یہ تمام اذکارِ مراتبی میں افضل ترین ہے۔اِسی لیے فقرائے مہدویہ میں ادوار و وظائف اور تسبیح کے دانوں یا انگلیوں کی گنتی پر عمل نہیں رہا ہے کیونکہ ذکرِ خفی کے ہوتے ہوئے اِس کی ضرورت بھی نہ تھی۔ملاحظہ ہو روایت(201)میں یہ اشعار درج ہیں:-

انفاس پاس دار اگر مردِ عارفی ☆☆ ملکِ دو کون ملکِ تو گردو بہ یک نفس

ہر یک نفس کہ می رود ازعمرِ گوہر یست ☆☆ کا ں را خراج ملک دو عالم بود بہا

مپسند کا یں خزانہ دہی رائیگاں بباد ☆☆ انکہ روی بخاک تہی دست و بے نوا (اقبالؔ)

یعنی اپنے سانسوں کی نگرانی کر اگر تو مردِ عارف ہے۔دونوں جہاں کی بادشاہت تیری ملک ایک سانس میں ہو جائے گی۔عمر کی ہر ایک سانس جو نکل رہی ہے ایک موتی ہے۔جس کی قیمت دونوں جہانوں کی بادشاہت ہے۔اِس کو رائیگاں کرنا تو پسند نہ کر۔ایسا کرے گا تو خاک میں خالی ہاتھ اور بے نوا جائے گا۔

ذکرِ پاسِ انفاس پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا تھا کہ مہدوی اپنی ناک کو آلۂ ذکر قرار دیتے ہیں۔حضرت بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ نے اپنے ایک رسالہ 1 میں اِس کا تذکرہ فرمایا ہے۔

" صفت نا سزا کہ نسبت یاران سید محمدی کنند خطائے محض است زیراچہ آنکہ میگویند کہ یارانِ سید محمد بینی را آلۂ ذکر ساختہ اند ۔۔الخ۔

یعنی متبعینِ سید محمد مہدی علیہ السلام پر جو الزام عاید کرتے ہیں کہ اُنھوں نے ناک کو آلۂ ذکر قرار دیا ہے "محض غلط" ہے۔

اِس کے بعد آپؒ نے کتاب اللہ و سنتِ رسول اللہ کی پیروی کو واضح کرتے ہوئے یہ آیت بیان کی ہے:-

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾ (سورة الاعراف)

ترجمہ:- اور صبح شام ذکر کرو اپنے رب کا عاجزی و خوف کی حالت میں نہ کہ کھلی آواز میں اور غافلوں میں شامل نہ ہو جاؤ۔

نیز یہ آیت بھی درج فرمائی ہے:-

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿3﴾ (سورة مريم)

ترجمہ:- جب کہ اپنے رب کو پوشیدہ طور پر پکارا۔

اِس کی توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:-

چوں مصطفی علیه السلام و پیغمبرانِ دیگر مامور نذکر خفی باشند پس معلوم شد که ذکرِ خفی اولیٰ تر است ازہمه اذکار و آلتِ ذکر قلب است و تا آں که یادِ حق در دل قرار نگیرد ذاکر از صفات غفلت بیرون نیاید و قرار نگیرد و ذاکر از صفاتِ غفلت بیرون نیاید و قراردادن یادِ حق را بغیر پاس داری نفس محال باشد و بغیر ذکر پاسِ انفاسِ دل از خواطر دو اوهام پاک نشود زیرا چه منشاء و مستقر قلب است۔۔ الخ۔

ترجمہ:- جب محمد مصطفیٰ ﷺ اور دیگر پیغمبر ذکرِ خفی پر مامور ہیں تو معلوم ہوا کہ ذکرِ خفی تمام اذکار میں اولیٰ تر ہے۔ اور آلۂ ذکر قلب ہے جب تک یادِ حق دل میں قرار نہ پائے ذاکر صفاتِ غفلت سے بچ نہیں سکتا۔ اور بغیر پاسِ انفاس کے ذکر قائم ہونا محال ہے اور پاسداریِ سانس کے بغیر دل خطرات و اوہام سے پاک نہیں ہو سکتا اِس لئے کہ سانس کا منشاء اور مستقر قلب ہے۔

اِس کے بعد آگے چل کر فرماتے ہیں کہ:-

نفس مقید به بینی نیست بلکه او را دخل در جمیع اعضاء است عهم ازیں جهت همه ردندگان راهِ حق و جویند گان ذات مطلق ذکر خفی را اولیٰ اثر داشته اند زیرا که بے ذکرِ خفی و ذکرِ پاسِ انفاس وجودِ ذاکر از لوث دریا و عجب پاک نشود و ذکرِ دوام حاصل نیاید از جهت آں که اگر ذکرِ حق را بر زباں آرد گاهے باشد که ذاکر بحکایت و یخوددن و نجسپیدن مشغول شود و چوں مشغول بر

زباں آرد گاھے باشد کہ ذاکر بحکایت و یخوددن و نجسپیدن مشغول شود و چوں مشغول بجزئے شود ازیادِ حق باز مند داز جملہ غافلاں باشد و غفلت صفتِ مومن نیست۔۔الخ

1۔یہ رسالہ 1850ء عیسوی کا نقل کردہ ہمارے پاس محفوظ ہے اور ہم نے متعدد نسخوں سے اِس کا مقابلہ بھی کیا ہے۔

ترجمہ:۔سانس ناک میں مقید نہیں رہتی اِس کا دخل تو تمام اعضائے جسمانیہ میں ہے۔اِسی لیے سالکینِ راہِ حق و طالبینِ ذات مطلق نے ذکرِ خفی کو اولیٰ تر قرار دیا کیونکہ ذکرِ خفی اور ذکرِ پاسِ انفاس کے بغیر ذاکر کا وجود لوثِ دریا و عجب سے پاک نہیں ہو سکتا اور ذکرِ دوام حاصل نہیں ہو سکتا۔اِس کا سبب یہ ہے کہ اگر ذکرِ حق زبان سے کیا جائے تو چونکہ کبھی ذاکر مصرفِ گفتگو ہو گا کبھی کھانے سونے میں مشغول ہو گا۔اور جب کبھی دوسری مشغولیت ہو گی زبان کے ذریعہ یادِ حق سے باز رہے گا اور غافلین میں شمار ہو جائے گا۔حالانکہ غفلت مؤمن کی صفت نہیں ہے۔

اِس کے بعد دورانِ بحث میں حدیثِ شریف " کل نفس یخرض بغیر ذکر اللہ فھو میت "۔(ہر سانس جو بغیر ذکرِ خدا کے نکلے مردہ ہے) پیش کر کے فرمائے ہیں کہ:۔

درقولِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکمت آنست کہ نفس را درآمد در دل و درجمیع اعضاء است و چوں نفس با ذکرِ حق سرایت درجمیع اعضاء کنید و از فیضِ ذکر اثر حیات درجمیع اعضاء پیدا آید تا درختِ ایمان را در دلِ ذاکر برویاند کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاالٰہ الا اللہ ینبت الایمان کا ینبت الماء البقلۃ بداں اے عزیز! چوں مقصودِ آں باشد کہ بواسطہ پاس داریِ نفس یادِ حق در دل قرار گیرد و نفس با ذکرِ حق درون و در بیرون آید خواہ از دھن خواہ بینی و ایں ہر دو راہ نفس اند بواسطہ گذر نفس بینی آلۂ ذکر نمی شود زیرا چہ نفس مطلق است و یارانِ سید محمد را مقصود آنست کہ بواسطہ پاسداریِ نفس یادِ حق در دل قرار گیرد و بذکرِ خدا اطمینانِ قلب حاصل شود کما قال سبحانہ و تعالیٰ اتطمئن قلوبھم بذکر اللہ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔(رعد)

ترجمہ:۔رسول اللہ ﷺ کے فرمان میں حکمت یہ ہے کہ سانس کو چونکہ دل میں اور تمام اعضاء میں دخل ہے جب سانس ذکرِ حق کے ساتھ تمام اعضاء میں سرائیت کرے گی اور ذکر کے فیض سے حیات کا اثر تمام اعضاء میں ہو گا تو ذاکر کے دل میں ایمان کا

درخت اگائے گا۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا " لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ " ایمان (کا درخت) اِس طرح اُگاتا ہے جس طرح کہ پانی سبزی کو اُگاتا ہے۔ اے عزیز! تو جان لے مقصد یہی ہے کہ سانس کی پاسداری سے ذکر اللہ دل میں قرار پائے اور سانس ذکر اللہ کے ساتھ اندر جاتی اور باہر آتی ہے خواہ منہ کے ذریعہ یا ناک کے ذریعہ یہ دونوں سانس کے راستے ہیں۔ سانس محض اِس راستہ سے گذرنے کی وجہ ناک ذکر کا آلہ نہیں قرار دی جاسکتی کیونکہ سانس تو بذاتِ خود مطلق ہے۔ اور متبعینِ حضرت سید محمد مہدی علیہ السلام کا مقصد یہی ہے کہ سانس کی پاسداری کے ذریعہ ذکر اللہ کو قلب میں قائم کیا جائے اور ذکرِ خدا سے قلب ہی کو اطمینان نصیب ہو سکتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ذکر اللہ سے قلوب مطمئن ہوتے ہیں۔ ابر ہو کہ ذکر اللہ کے ذریعہ قلوب اطمینان حاصل کرتے ہیں۔

اور یہی حصولِ دیدار کا ذریعہ بھی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿27﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿28﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿29﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿30﴾ (سورة الفجر)

ترجمہ:- اے نفسِ مطمئنہ اپنے رب کی طرف راضی بہ رضا ہو اور میرے بندوں میں شامل ہو کر میری جنت (دیدار) میں داخل ہو جا۔

امام علیہ السلام نے ذکر میں اور " لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ " ہی کو مخصوص فرمایا ہے۔ اور اِسی کو انبیاء و صحفِ سماویہ کا مقصد قرار دیا ہے۔ اور ذکرِ خفی کی تعلیم کی وجہ سے بجز ذاتِ باری تعالیٰ کے اور کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔ اِس کے برخلاف دیگر اوراد و وظائف میں غیر اللہ کا تعلق ہو سکتا ہے اور ریاء و لوث بھی شامل رہ سکتا ہے۔ مثلاً حصولِ رزق و رفعِ تنگدستی کے لیے " یا قوی " اور کسی کی محبت قائم کرنے کے لیے " یا ودود " کا ورد کیا جاتا ہے۔ ایسے اور اوراد میں اگرچہ خدا کا نام ہے لیکن اور اذکار کا مقصد خدا نہیں۔ اِسی لیے امام علیہ السلام نے صرف ذکرِ " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ " کی پابندی فرض قرار دی ہے۔ جس میں غیر اللہ کی طلب کا شائبہ بھی نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے صاف و صریح طور پر کئی مقامات پر واضح فرمایا ہے کہ ذکرِ الٰہی اور عبادات خالصاً لوجہ اللہ ہونا ضروری ہے۔ کیوں

کہ جس مقصد و منشاء کے تحت عمل کیا جائے گا معناً وہی مقصد و منشاء اِس کا معبود و مقصود قرار پائے گا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:-

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ (سورۃ الفرقان۔43)

ترجمہ:- کیا تو نے اُس شخص کو دیکھا جس نے اپنی ہوس و خواہش کو اپنا معبود بنالیا۔

روایت ہے کہ ایک موقع پر کسی نے چار بڑی کتبِ سماویہ کے نزول کی ماہیت کی نسبت حضرت مہدی علیہ السلام سے سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا کہ:- مراد از توریت و زبور و انجیل و فرقان بیک کلمہ اندک لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ است۔ یعنی توریت، زبور و انجیل و قرآن کے نزول کا مقصد ایک ہی کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔!(انصاف نامہ) اِس مختصر جواب سے یہ حقیقت عیاں ہو رہی ہے کہ بعثتِ انبیاء و نزول کتبِ سماویہ کی علت غائی فی الاصل اقرار و معرفتِ توحیدِ باری تعالیٰ ہے اِس کے سوائے عبادات و معاملات وغیرہ مسائل سے متعلق جو کچھ تعلیمات و احکام ہیں وہ لوازم ضروریہ ہیں۔ اِسی لیے اِسلام کی ابتداء بھی کلمہِ طیبہ سے ہوتی ہے اور اِس کی انتہا بھی اِس کلمۂ طیبہ سے جس جس میں پہلے الٰہ کی نفی کی تعلیم دی گئی ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ مومن جب کبھی اِلَّا اللّٰهُ کی روح میں جس کسی اِلٰہ کو حائل پائے گا اُس اِلٰہ کو ترک کر کے اِلَّا اللّٰهُ کی قربت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ کیوں کہ اقرار "بِاللّٰہ" پر نفی "غیر اللّٰہ" کو مقدم رکھا گیا ہے۔

بیاں میں نکتۂ توحید آ تو سکتا ہے ☆☆ ترے دماغ میں بت خانہ ہو تو کیا کہیے

وہ رمزِ شوق جو پوشیدہ لا الٰہ میں ہے ☆☆ طریقِ شیخِ فقیہانہ ہو تو کیا کہیے (اقبالؔ)

غرض امامنا علیہ السلام کی تعلیمات میں خصوصیت کے ساتھ اِس امر کی اہمیت پائی جاتی ہے کہ ذکرِ الٰہی اور عبادات میں خیالِ "ماسوی اللّٰہ" کا شمہ برابر بھی دخل باعثِ خلل تصور کیا جائے۔

روایت ہے کہ بندگی میاں سید سعد اللہؒ 1 و بندگی میاں سید عبد الطیفؒ میں بہت محبت تھی اور ثانی الذکر اول الذکر سے علاقہ (بیعت) بھی کیا تھا۔ نمازِ جماعت میں سید سعد اللہؒ اگر امام ہوتے تو میاں عبد الطیف حاضر ہوتے ورنہ دوسرے امام کی اقتداء میں نماز کم ادا کرتے تھے۔ فقرائے دائرہ سے کسی نے ایک دن میاں سید سعد اللہؒ سے عرض کیا کہ میاں عبد الطیف نمازِ جماعت میں کم آتے ہیں۔ میاں سید سعد اللہؒ نے مسکرا کر فرمایا آپ ہی پوچھیے تمام برادرانِ دائرہ نے پوچھا کہ آپ تمام جماعت میں کیوں

کم آیا کرتے ہیں۔ فرمایا کہ جب امام حاضر نہیں ہوتا ہے تو میں تنہا پڑھ لیتا ہوں، برادرنِ دائرہ نے کہا امام تو ہر نماز میں حاضر رہتا ہے؟ پس میاں نے نمازِ مغرب کی جماعت میں شریک ہونے کے بعد ایک دو رکعت ادا کر کے نیت توڑ کر علٰحدہ نماز ادا کی۔ تمام برادرنِ دائرہ نے عرض کیا کہ اِس وقت امام حاضر ہونے کے باوجود آپ نے تنہا نماز کیوں پڑھی؟ میاں نے فرمایا کہ امام حاضر نہ تھا (بے حضورِ قلب تھا) تیلی کے گھر ایک جراف چراغ کا تیل لانے گیا تھا۔ پھر میں کس کے پیچھے نماز پڑھتا!!۔ اِس کے بعد امام نے عرض کیا صحیح فرماتے ہیں کہ میرے دل کا خطرہ اِسی جگہ سے متعلق تھا اِس کے بعد تمام برادرنِ دائرہ کا حسنِ اعتقاد زیادہ ہو گیا اور (اِس درسِ عمل پر میاں عبداللطیفؒ) ممنون ہوئے۔ (اخبارِ اسرار باب 2 فصل 9)

1۔ اول الذکر، بڑے اور ثانی الذکر چھوٹے بھائی ہیں۔ یہ دونوں حضرت بندگی میاں سید خوندمیر صدیق ولایتؒ کے پوتے اور حضرت بندگی میاں سید شریف تشریف الحقؒ کے فرزند ہیں۔ احقر کا سلسلۂ نسبِ فقیری حضرت میاں سید سعد اللہؒ کو پہنچتا ہے۔

میاں عبدالطیفؒ کی اِس باطنی کیفیت پر اُن کے مرشد میاں سید سعد اللہؒ آگاہ تھے کیوں کہ مسکرا کر اُنھیں سے پوچھو کا حکم دینا اِسی بات کی علامت ہے۔ اور روایت کے اندازِ بیان سے ظاہر ہے کہ امام کے حضورِ قلب کے بغیر میاں عبدالطیفؒ کو نماز میں تسکین نہ ہوتی تھی اور اُن کی اِس خاص کیفیت کی وجہ اُن کے مرشد نے اُن کو اُن کے حال پر چھوڑ دیا تھا اور دائرہ میں عام حیثیت سے جو نماز ادا ہو رہی تھی وہ چونکہ از روئے احکامِ شرعیہ پورے ارکان ظاہرہ کی حامل اور جواز کا فتویٰ رکھتی تھی اس لیے صاحبِ دائرہ میاں سید سعد اللہؒ نے حضورِ قلب کی باطنی کیفیت اور اِس کیفیت کے کشف اور اُس کے اثر کو جو ہر صاحبِ کشف کا خصوصی ذاتی معاملہ ہے خصوصیات ہی کی حد میں اور عام ظاہرہ حیثیت میں جو نماز کو متاثر کرنے والا کوئی حکم صادر نہیں فرمایا۔ کیونکہ باطنی خصوصیت ہر فرد کے بس کی بات نہیں۔ برادرنِ دائرہ کا حسنِ اعتقاد زیادہ ہونا اور میاں عبدالطیفؒ کا ممنون ہونا اِس بات کی دلیل ہے کہ اِس درسِ عمل سے نماز کی باطنی خصوصیت، حضورِ قلب، ترکِ خیالِ ماسوی اللہ کی طرف توجہ اُنھیں قائم ہو گئی اور اِس کشف و عمل کے اظہار کی علتِ غائی بھی یہی تھی۔ حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ احکامِ شریعت کے تحت جو شخص نماز ادا کرتا ہے ہر عالمِ شریعت اُس کی نماز ادا ہونے کا فتویٰ دے گا جو نحن نحکم بالظاھر کے بالکل مطابق ہے۔ لیکن ایک عارف باللہ سے بھی پوچھو وہ اگر کہدے کہ نماز ادا ہو گئی تو سمجھو کہ فی الحقیقت وہ نماز کیسی ہو گی!!

غرض واقعہ مذکور الصدر تبع تابعین سے ملحق زمانہ کا ہے۔اِسی پر سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جو لوگ حضرت مہدی علیہ السلام کی خدمت میں موجود تھے اور آپؑ کی تعلیمات و فیضِ صحبت سے راست مستفیض ہو رہے تھے اُن کے ذکر نماز کی باطنی خصوصیات کا کیا عالم ہو گا۔!!!جب کہ امام علیہ السلام نے یہ خوشخبری سنائی ہو کہ:-

"یک نظرِ بندہ بہتر از عبادتِ ہزار سالہ"

یعنی بندہ کی اِک نظر ہزار سالہ عبادت سے بہتر ہے۔

اِک شرعِ مسلمانی اِک جنبِ مسلمانی ☆☆ ہے جنبِ مسلمانی ،سرِ فلک الافلاک

اے رہروِ فرزانہ بے جنبِ مسلمانی ☆☆ نے شاخِ عمل پیدا،نے شاخِ یقیں نمناک (اقبالؔ)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ (سورۃ الانعام-102)

ترجمہ:-یہی تمہارا رب ہے اس کے سوائے کوئی عبادت کے لایق نہیں۔وہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے پس تم اسی کی عبادت کرو۔

اور ایک جگہ فرماتا ہے:-

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۭ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۭ (سورۃ النور-41)

ترجمہ:-کیا تم نہیں دیکھتے کہ زمین و آسمان میں کی ہر چیز اور اڑنے والے پرندے اُس کی تسبیح پڑھتے ہیں۔اِن میں کا ہر ایک اپنی نماز اور اپنے ذکرِ الٰہی سے واقف ہے۔

جب زمین و آسمان میں کی ہر چیز اپنے اپنے حدود میں ذکر و عبادت کی خصوصیت کی حامل ہے تو انسان کی عقل و تمیز کا اقتضاء یہ ہونا چاہیئے کہ اُس کی عبادت اور اُس کے ذکر کو خود آپ ہی اپنے پر فرض قرار دے لے۔اِس کے بجائے احکامِ فرض اور تاکید و تفہیم کے باوجود مائل بہ تاویلات ہونا ذکر اللہ کی آیتوں سے ذکر اعمالِ الٰہی وغیرہ معنوں کو مخصوص کر دینا منشاءِ تعلیماتِ الٰہیہ کے سراسر منافی ہے۔

گفت مرگِ عقل ؟ گفتم ترکِ فکر ☆☆ گفت مرگِ قلب ؟ گفتم ترکِ ذکر
گفت تن ؟ گفتم که زاد از گردِ راہ ☆☆ گفت جاں ؟ گفتم که رمزِ لا الٰہ
گفت آدم ؟ گفتم از اسرارِ اوست ☆☆ گفتِ عالم ! اُو خود رو برو ست (اقبالؔ)

☆☆☆☆☆

Roman:

Tauzih-e-Riwayaat dar Bayan-e-Zikrullah

Qur'aan-e-Majeed mein Zikr wa fikr se muta'leq bahut si Aayaat hain. Jin Aayaat mein fikr ka bayan hai is se Murad Allahu Ta'aala ki paida ki huwe cheezaun mein fikr karna hai. Laikin ba'az logaun maslan (Muallif-e-Do Qur'aan waghaira) ne yeh istedlaal karne ki koshish ki ke is se Science waghaira tahqeeq-i masael ki taraf mutawajhe karna maqsood hai ta ke Insan ki bahr jahet khidmat ki ja sake. Is ke liye sahulatein faraham ki ja sakein aor mul ki, muashi wa mudafe'ati quwwat hasi ho sake. Aor Daarul Islam ki quwwat-e-Harb-i ka Sahara aaj un-hein ke sar nazar aa raha hai. Yeh istedlal agar che apne mauqe wa mahel ke lehaz se ghalat nahin. Aor shariyat mein bhi inn omoor ko Daarul Islam ke lawazim ki haisiyat di gaee hai laikin fikr wa zikr se mutaleq jo aayaat hain un sab ka inhesar sirf isi aik matlab se agar makhsoos kar diya jaye to ghalati hogi.

لیو معنی "والنجم" نہ سمجھا تو عجب کیا ☆☆ ہے تیرا مدوجزر ابھی چاند کا محتاج (اقبالؔ)

Hum ne is se pahle bhi bayan kiya hai ke Qur'aan-e-Majeed Uloom wa Aaeen ka samandar hai Allahu Ta'aala farmata hai ke:-

وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ كِتٰبًا ﴿29﴾ (سورۃ النبا) **Translation:- Hum ne Kitab mein har cheez ka ashaar kiya hai.**

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿59﴾(سورة الانعام) **Translation:- Koi Rutb wa ya bas aisa nahi jo Kitab mein na ho.**

Is liye jis Ilm wa Fan mein sirf aik Fan se bahes ki gaee hai maslan sarf-wa Nahu, Ma'ni wa Bayan. Ilm-e-Kalam Hadees waghaira aor isi tarha Science ke taeed-i Nuqta-e-Nazar se bhi Tafseer ki ja sakti hai. Mutaqaddimeen ki tasaneef mein is ki nazeerein maujood hain aor Misr ke Allama Tahtawi Jauhar-i ne bhi yeh kaam kiya hai.

Ahl-e-Ilm jante hain ke jo Mauzoo-e-Bahes ho ga usi ke lawazim zair-e-Bahes Aaeinge. Allahu Ta'aala ki paida ki huwi cheezaun mein gaur wa fikr karne ka bayan jin Aayataun mein hai us se Insani khidmat aor Mulk ka Muash wa Mudafe'ati Istehkaam aor us ki taraqqi ke liy koshish ki fikr jin logaun ne murad li who bajaye khud sahih hai laikin yeh maqsad-e-sani hai Maqsad-e-Awwaleen nahin.

Isi liye istelah-e-Muhaqqiqeen ke lehaz se yeh in Uloom mein dakhil hai jo Farz-e-Kifayah us shakhs ke liye hai jis mein us ko ada karne ki ahliyat wa salahiyat ho Maslan har shakhs Science ka Aalim nahin ban sakta aor na yeh har shakhs ke liye bila lehaz-e-Ahliyat zaroori hai. Fil-Haqeeqat who Aayaat is Uloom ki tarf rahbari karti hain jo Farz-e-Ain hain. Un Uloom ki tafseel Ilm se mutaliqa Riwayaat ki tauzih mein bayan ki jayegi.

Mohaqqiqeen ke is Nuqta-e-Nazar ke lehaz se in Aayaat ka maqsad-e-Awwaleen yeh hai ke Kaenaat mein ghaur wa fikr is liye ki jaye ke Khuda-e-Ta'aala ke wujood aor us ki Qudrat ki Mua'rifat hasil ho. Qur'aani Aayaat mein bhi sab se pahle yahi Maqsad zahir hota hai aor bila lehaaz-e-Khusoosiyat Aalim ho ya Jahil, Mard ho ya Aurat sab is khitab mein dakhil hain, balke aksar Aayaat mein Kafiraun ko bhi Mua'rifat-e-Tauheed ke liye Allah ke paida ki huwi cheezaun mein ghaur wa fikr ki dawat de gaee hai. Yahan chand Aayaat darj ki jati hain.

هُوَالَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَّافِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ق (1) (سورة البقرة-29) **Translation:- Woh Allah hi hai jis ne Zameen mein ki har cheez tumhare liye paida ki hai.**

(2) وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّ حُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَ غَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿27﴾ وَ مِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ (سورة فاطر-28)

Translation:- Ghaur karo ke pahadaun mein sufeed wa surkh wa siyah rang ke pathar-aun ki ta-hein maujood hain. Neez Insanaun, chaupayaun, aor mawaishiyan ke mukhtalif rangaun par ghaur karo. Beshak Allah se us ke bandaun mein se sirf Aalim hi darte hain.

(3) اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿190﴾ (سورة اٰل عمران)

Translation:- Zameen wa Aasmaan ki Paidaesh mein aor din wa raat mein aql Mandaun ke liye Aayaat (Mu'jizaat-e-Ilahiya) hain.

(4) وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ ؕ (سورة الروم-22)

Translation:- Zameen wa Aasmaan ki Paidaesh aor tumhari zabanaun aor rangaun ka farq Allah ki Aayaat mein se hai.

(5) قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ۔۔الخ (سورة العنكبوت-20)

Translation:- Aey Rasool SAWS! Tu Hukm de ke log Zameen mein chal phir kar dekh-ein ke Khuda ne kis tarha Paidaesh Zahoor mein laee hai.

(6) وَ فِىْ خَلْقِكُمْ وَ مَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿4﴾ (سورة الجاثية)

Translation:- Tumhari Paidaesh mein aor chaupayaun ki Afzaesh-e-Nasal mein Ahl-e-Yaqeen ke liye Aayaat hain.

(7) وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَ هُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿105﴾ (سورة يوسف)

Translation:- Zameen wa Aasmaan mein kitni hi aisi Aayaat hain jis se yeh Ghafil log munh phair kar guzar jate hain.

(8) اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِىْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَىْءٍ ۙ وَّ اَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ ۔۔الخ (سورة الاعراف-185)

Translation:- Kiya yeh log Aasmaan wa Zameen ki Paidaesh par aor har us cheez par jis ko Allah ne paida kiya hai ghaur nahin karte aor ajab nahin ke un ki maut qareeb aagaee ho.

(9) يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۙ كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿13﴾ ؕ (سورة فاطر)

Translation:- Raat ko din aor din ko raat mein badalte hai Suraj wa Chand ko Musakh-khar kiya hai jis ki wajhe har aik (Kur-rah) aik Muayyan muddat tak sar garm-e-raftaar hai. Yeh Allah tumhara Rabb wa tumhara Farman-Rawan hai is ke baghair tum jin Ma'bood-aun ko poojte ho who aik Zarre ke bhi Malik nahin hain.

In Aayaat se zahir hai ke Allahu Ta'aala ne apni Quwwat-e-Takhleeq ki taraf kaee Tariqaun se Insan ko mutawajhe kiya hai. Is ka Maqsad-e-Awwaleen us ki Tawheed aor us ki qudrat ki mua'rifat hai aor ghairullah ki Parastish se bacha kar sirf aik zaat وَاحِدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ ko Ma'bood tasleem Karwaya hai. Is ke ilawa Allahu Ta'aala ny ja-baja apni Makhlooqaat ki nisbat "Aayaat" ka lafz iste'mal farmaya hai. Is se maloom huwa ke Qur'aan-e-Majeed ke mazameen bhi Aayaat-e-Ilahi hain aor Kaenaat wa Maujoodaat bhi Aayaat-e-Ilahi hain. Jis tarha Duniya ka bade se bada Aalim Qur'aan ki aik Aayat bana ne se aajiz hai isi tarha bade se bada Science-dan aik patta ya zar-rah ki Takhleeq ki qudrat nahin rakhta. Allah ki paida ki huwi cheezaun se faeda utha kar Ijaad-aat amal mein lana aor hai Takhleeq wa Paidaesh aor!!! Isi liye Allahu Ta'ala ne apni paida ki huwi cheezaun par Aayaat wa Binniyaat ka lafz istema'l farmaya hai jo sirf isi ki Qudrat aor us ki Khilafat ke liye makhsoos hai. Hasil-e-Kalam yeh ke Kaenaat mein ghaur wa fikr ka Maqsad-e-Awwaleen Khuda-e-Ta'aala ki Mua'rifat hai.

وہ قوم جو فیضانِ سماوی سے ہو محروم ☆☆ حد اُس کے کمالات کی ہے، برق و بخارات

نہ تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے ☆☆ جہاں ہے تیرے لیے تو نہیں جہاں کے لیے (اقبالؔ)

Aor Zikr se muta'liq jo Aayatein hain un mein yeh Taweel ki hai ke is se Zikr-e-Amal-e-Ilahi Murad hai ya'ni Maujudaat-e-Aalam mein Allahu Ta'ala ki Qudrat ke jo Muzahir hain un mein Gaur wa Fikr karna aor un ki Khusoosiyatein bayan karna. Aayaat-e-Zikr ko sirf isi aik ma'ni par munhasir kar dena ghalati hai. Kuin ke Qur'aan-e-Majeed mein Zikr-e-Ism-e-Ilahi ki saf wa sareeh Aayaat maujood hai.

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ ۔۔الخ (سورۃ المزمل۔8) **Tum apne Rabb ke naam ka zikr karo. Aor aik jageh farmata hai.**

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ج ۔۔الخ (سورۃ بنی اسرآءیل۔110)

Kah do khaw Allah kahe kar Pukaro ya Rahman kahe kar jis naam se chaho Pukaro us ke naam ache hain.

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ص وَ ذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ط (سورۃ الاعراف۔180)

Translation:- Allah ke achche naam hain. In namaun se us ko Pukaro aor jo log us ke Namaun mein Ilhad karte hain un ko chod do. Hasil yeh ke Qur'aan-e-Majeed na sirf Zikr-e-Ism-e-Zaat balke Zikr-e-Ism-e-Sifaat ki taraf bhi rah-numa-ee karta hai.

یہ ہیں سب ایک ہی سالک کی جستجو کے مقام ☆☆ وہ جس کی شان میں آیا ہے علم الاسماء

مقامِ ذکر کمالاتِ رومیؒ و عطار ☆☆ مقامِ فکر مقالاتِ بو علی سینا

مقامِ فکر ہے پیمایشِ زماں و مکاں ☆☆ مقامِ ذکر ہے سبحان ربی الاعلیٰ

Imamuna Hazrat Mahdi AHS ki ba'sat ka maqsad Ishq wa Muhabbat-e-Ilahi ki Ta'leemaat ka mauzoo Talab-e-Deedaar-e-Khuda hai aor Talab ka aik lazima Zikr wa tawajjhe bhi hai is liye ba-Hukm-e-Khuda-e-Ta'aala Aap AHS ne Zikr-e-Dawam Farz farmaya. Aor Qur'aan-e-Majeed ki Aayaat bhi is Farziyat par shahid hain. Allahu Ta'aala farmata hai:-

فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ ج فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿103﴾ (سورۃ النسآء)

Translation:- Jab tum poori kar chuko to us ke ba'ad khade baithe aor lete Allah ka Zikr karo. Phir jab mutmaen ho jao to Namaz padho kuin ke Namaz Mo'minaun par baqaid-e-waqt Farz hai.

Ba'az logaun ne Zikr se Murad Namaz bayan ki hai. Yeh murad apne mauqe wa mahel ke lehaz se durust ho to sakti hai laikin har jage yahi murad lena aor Zikrullah ke Hukm se aeraaz karna sahih nahin. Mulaheza ho ke is Aaya-e-Shareefa mein Namaz ka bayan alaheda hai aor Zikr ka bayan alaheda. "فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ" mein Namaz ka bayan hochuka

is ke ba'ad Zikrullah ka bayan hai jis mein is ki mudawamat wa Muazimat ka mafhoom laya gaya hai phir is ke ba'ad Namaz mauqa-ti hone ki Khusoosiyat ko wazeh kiya gaya. Is se sarahatan sabit ho raha hai ke Namaz Mauqa-ti Farz hai aor Zikrullah har halat mein Farz hai. Aor aik jage farmata hai:-

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ اَلَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ ۔۔ الخ (سورۃ اٰل عمران-191)

Translation:- Beshak Aasmaan wa Zameen ke paida karne aor din raat ke badal-ne mein in aql-Mandaun ke liye badi nishaniyan hain jo khade baithe aor lete Allah ka Zikr karte hain. Har Insan ki yahi teen hal-ataun se koi aik ho sakti hai. Allahu Ta'aala ne har halat mein apni yaad aor apni taraf tawajhe rakhne ka Hukm farmaya hai. Sahib-e-Mu'alimat-Tanzeel ne is Aayat ki tafseer mein likha hai ke:-

وقال سایر المفسیرین ارادقه المداومة علی الذکر فی العموم الاحوال لان الانسان قل ما یخلو من احدی هٰذه الحالات۔

Translation:- Tamaam Mufassireen ne likha hai ke is Aayat se Allahu Ta'aala ki murad tamaam halat mein Zikr ki mudawamat hai kuin ke Insan in teenaun hal-ataun mein se bahut kam khali rahta hai.

Imam Fakhruddin Razi RA Aaya (سورۃ الاعراف) ﴿۲۰۵﴾ وَلَا تَکُنۡ مِّنَ الۡغٰفِلِیۡنَ **ya'ni Ahl-e-Ghaflat mein shumar mat ho na) ke tahet Hazrat Ibn-e-Abbas RZ ki yeh Riwayat bayan ki hai:-**

عن ابن عباس انه قال فی قوله الذین یذکرون الله قیامًا و قعودًا و علی جنوبهم لوحصل لا بن آدم حالة رابعة سوع هٰذه الاحوال لا مرالله بالذجر عبدگا واکنراد عبی انه تعالیٰ امر بالذکر علی الدوام۔ (تفسیر کبیر جلد 4)

Translation:- Ibn Abbas RZ se marwi hai ke un huin ne:-

اَلَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ ۔۔ الخ (سورۃ اٰل عمران-190-191) **ke bare mein bayan kiya hai ke agar Insan ko is teen hal-ataun ke siwaye chauthi halat**

hasil hoti to Allahu Ta'aala us halat mein bhi Zikr ka zaroor Hukm deta (Imam Razi RA kate hain ke) is se un ki murad hai ke Allahu Ta'aala ne Zikr-e-Dawam ka Hukm diya hai.

Sahib-e-Mu'alimat-Tanzeel ne Aaya-e- فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ (سورۃ اٰل عمران۔ 190) **ke tahet Hazrat Ayesha Razi Allahu Anha se yeh Riwayat darj ki hai:-**

قالت كان رسول الله يذكر الله علىٰ كل احيانه

Translation:- Hazrat Ayesha Razi Allahu Anha ne kaha ke Hazrat Rasoolullah SAWS apne tamaam awqaat mein Zikr-e-Ilahi karte the. Gharz Mufassireen wa Muhaddiseen wa Akabir-e-Ahle Sunnat wa Awliya' Kiram ke aqwaal wa Tauzihaat-e-Zikr ke Fazael mein itne hain ke jin ko jama' kiya jaye to woh khud aik Zakheim Kitab ho sakti hai.

مسلم ہستی دل بہ اقلیمے مبند☆☆گم مشو اند در جہانِ چوں وچند

Allahu Ta'aala aik aor maqaam par farmata hai:-

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿41﴾ (سورۃ الاحزاب) **Translation:- Aey Iman walo! Allah ka Zikr bahut ziyada karo.**

Is Aaya-e-Shareefa mein takeed ke liye " اَذْكُرُوْا ذِكْرًا **" maf-ool-e-mutlaq laya gaya aor "** كثيراً **" ke lafz se mazeed takeed badha di gaee hai. Takeed ka yeh ahtemam is baat ki badehi daleel hai ke Zikr ka Hukm Farz hai. Namaz aor Zakat ke bare mein sirf saiga-e-amr ke saath aayaat warid huwi hain. Maslan** اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ **aor is Hukm ki farziyat ko jis ahtemam se tasleem kiya jata hai muhtaj-e-bayan nahin halanke Allahu Ta'aala ne aik maqaam par Zikr, Namaz se bhi Afzal Ibadat hai farmata hai:-**

اُتْلُ مَاۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿45﴾ (سورۃ المنکبوت)

Translation:- Kitab-e-Qur'aan ki jo Aayaat wahi ki gaee hain un ki tilawat karo aor Namaz qaem karo. Beshak Namaz be-haya-ee aor bure kamaun

se rokti hai aor albatta Allah ka Zikr bahut bada hai aor tum jo karo ge Allah who sab janta hai.

Jo log Zikr se Namaz ya Tilawat-e-Qur'aan murad lete hain un ki haqeeqat bhi yahan khul jati hain kuin ke is Aayat mein Tilawat-e-Qur'aan Namaz aor Zikrullah alaheda-alaheda bayan farmaya aor Zikrullah ko bahut bada qaraar diya gaya hai. Is se zahir hai ke jo Farz Namaz se Afzal ho who bhi bizuroor Farz hoga. Qur'aan-e-Majeed mein Zikrullah ka Hukm bahut ahtemam ke saath kaee tareeqaun se kaee mauqaun par warid huwa hai. Is ke bawajood Hazrat Mahdi AHS ka Allahu Ta'aala ke Hukm se Farz qaraar dena Takeed mein aor bhi izafaa Ka ba'as ho jata hai. Allahu Ta'aala ne Zikr-e-Kaseer ki Takeed wa Tafheem aor is ki Fazilat ke bayan par hi iktefa nahin farmaya balke Zikr-e-Qaleel ko munafiqaun ki sifaat mein shamil kiya hai. Chunache farmata hai:-

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿142﴾ (سورة النسآء)

Translation:- Munafiqeen Allahu Ta'aala se Chal-Bazi karte hain halanke Allah un ko Chal-Bazi ki saza dega. Aor (yeh log) jab Namaz ada karte hain to ensaye huwe logaun ko dikhane ki khatir ada karte hain. Aor Allah ka Zikr kam karte hai. Is ke Ilawa aor bhi Aayaat hain jin mein Zikr se ghaflat ko mujib-e-azab wa itaab qaraar diya gaya hai.

(1) فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِاللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾ (سورة الزمر)

Translation:- Bad-bakhti hai un logaun ke liye jin ke dil Zikrullah se Ghaflat ki wajhe sakht ho gaye hain yeh sab log khuli gumrahi mein hain.

(2) وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿36﴾ (سورة الزخرف)

Translation:- Jo shakhs Allah ke Zikr se Ghafil hota hai to hum us par Shaitaan ko muta'yin kardete hain jo is ke saath-saath rahta hai.

(3) وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿124﴾ (سورة طٰهٰ)

Translation:- Jo shakhs mere Zikr se roo gardan-i karta hai to us ki zindagi tangi mein rahe gi aor Hum us ko Qiyamat ke din Andha utta-einge.

(4) وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿17﴾ (سورة المزمل)

Translation:- Jo shakhs apne Parwardigar ke Zikr se Roogardaani karega woh us ko sakht azab mein dakhil karega.

Jab Zikrullah se ghaflat Mujib-e-Itaab wa Azab hai to is ki Farziyat ko tasleem karna osool-e-Shariya mein dakhil aor har Mo'min Muttaqi ke liye is par Aeteqaad wa Amal lazim hai.

خرد نے کہہ بھی دیا لاالہ تو کیا حاصل ☆☆ دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں (اقبالؔ)

Hazrat Mahdi AHS ki jamaat ne Aap AHS ki ta'leem par ba darja-e-Kamal Amal kiya aor Aap AHS ne Faqeer par jo 8 paher ka Zakir ho Mo'min-e-Kamil ka Hukm sunaya. Chunke Aap AHS ki jama'at Farz-e-Zikr ki ba-darja-e-Atam Aamil the is liye Aap AHS ne Aaya-e-Sharifa:- فَاذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا يَا أُولِي الْأَلْبَابِ **mein "أُولُوا الْأَلْبَابِ" ki is khusoosiyat ko apni jama'at se mutabiq qaraar diya. Riwayat (202) mulaheza ho ke Hazrat Mahdi AHS ne farmaya, aik waqt "Sultanun-Naher" Dosra waqt "Sultanul-Lail" hai jo shakhs in dono waqt ki hifazat kar raha ho (goya) us se din wa raat zaeye nahin ja rahe hain. In dono waqtaun ko jo (Faqeer) zaeye karde woh Faqeer-e-Deen nahin. Riwayat (202) Insaf Nama waghaira Kutub-e-Naqliyaat mein bhi yeh Riwayat maujood hai.**

"Sultanun-Naher" ka waqt Tuloo-e-Fajr se Tuloo-e-Aaftab tak aor "Sultanul-Lail" ka waqt Asr se Isha' tak hai. In Awqaat mein Zikrullah ke asar se dil mein tawajhe qaem ho jati hai jis ki wajhe se din aor raat ke baqiya awqaat mein qalb par ghaflat ghalib hone nahin pati. Hazrat Imamuna Mahdi AHS ke Farameen mein jis tarha Munteha-e-Aaliyat wa Azim-at ka baland martab hai aor rukhsat ki had mein "Sultanun-Naher" wa "Sultanul-Lail" ki hifazat ka Hukm bhi maujood hai ta ke aane wale zamane mein log apni apni Himmat wa salahiyat ke mutabiq Deen-e-Mahdi AHS se Istefaza kar sakein aor Ahkaam-e-Rukhsat ki Sid-e-Dil se-

ta'meel hi un ki taraqqi-yaun ka zina ban jaye. Yahan yeh baat bhi zahn Nasheen rakhni chahiye ke Hazrat Bandagi Miyan Syed Mahmood Khatimul Murshideen RZ "Rukhsat" ki had rakhne wale jitne Ahkaam aor jo kuch masael Aap RZ be bayan farmaye un ka ta'luq Farameen-e-Imamuna AHS hi se hai. Is ki mazeed tafseel ka mahel nahin.

Hazrat Imamuna Mahdi AHS ne لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ke chand maratib bayan farmaye hain. Zikr-e- لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ki char suratein hain.

(1) Guftani ya'ni sirf kahne ki had tak (2) Danistani ya'ni sift janne ki had tak (3) Deedani ya'ni dekhne ki had tak (4) Shudni ya'ni لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ Dosri Kutub-e-Naqliyaat mein Deedani ky bajaye Chaseedani hai. In maratib ki tafheem ke liye bataur-e-bayan kiya jata hai ke Dar-Guftani ki misaal aisi Hai jaise ke pathar pani mein. Ya'ni jis darja pani ka us mein asal ho sakta hai bus. Itna hi asar us darjeh wale Zakir mein hota hai. Aor Darjeh Danista ki misaal Sang dar Aatish hai. Ya'ni Pathar aag mein jis nau-wiyat se haraarat ka asar qabool karta hai. Itna sa asar Danist-an ke darjeh wale mein hota hai. Darjah-e-Deedan wa Chasheedan ki misaal Aatish dar Shamma' hai. Roshan Shamma ki tarha Zikr-e-Ilahi se Zakir ka batin Roshan wa Munawwar rahta hai ya is ki misaal Na'l dar Aatish hai. Ya'ni Lo-ha Aag ke asar ko is darjah qabool karta hai ke apna wujood ki Shakal Ikhtiyaar kar le. Yeh Aag mein Aag to ban jata hai laikin is ki Aah-niyat salam rahti hai. Darjah-e-Shudan ki misaal lakdi aor aag pa barf wa pani hai. Is Darjeh mein Zakir تخلقوا باخلاق اللہ ka misdaq hota hai. Aor Itlaqiyat itni hasil hoti hai ke پس قیامت شو قیامت را بہ ہیں ke usool par فنا فی اللہ و بقا باللہ se Musharraf ho jata hai.

Hasil yeh ke jis darjah Zikr qaem hota jata hai utna hi Zikr ki Mudawamat wa Muazimat mein tarraqi hoti jati hai. Hatta ke Martaba-e-Shudni mein dawamiyat, Itlaqiyat aor Fidaiyat Darjah-e-Kamal ko pahunch jati hai.

ذکر قائم از قیامِ ذاکر است ☆☆ از دوامِ او دوامِ ذاکر است (اقبالؔ)

Riwayat (200) mulaheza ho Imamuna AHS ne farmaya ke "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" Bande par is-qadar asar kare jitna Moong ka Dana Gaye ke Seeng par (mara jaye to) asar kar sakta hai to us Bande ka maqsood poora ho jaye ga." Aor Riwayat (2002) mulaheza ho ke Imamuna AHS ne farmaya ke لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ se Mo'min ke dil par aisa asar hona chahiye jaisa ke Rooee se bhare ghar mein aik chinggari kar sakti hai ke jis se sari Rooee jal jati hai. laikin لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ki taseer to yeh hai ke Ghairullah ki muhabbat poori poori sokhta ho jati hai.

Is farman se zahir hai ke bunyaadi amr Muhabbat wa Ishq-e-Ilahi hai us ke baghair Zikr mein woh asar woh rang nahin qaem ho sakta. من احب شیًا اکثر ذکرہ **(ji ko jis se ziyada muhabbat hogi us ka Zikr ziyada kare ga.) Isi Liye Ishq ko Ummul Kitab aor Aab-e-Hayat kahte hain. Jo Ta'alimaat-e-Qur'aan ka hasil aor Baqa Billah ka ba'as hota hai.**

برخوراز قرآں اگر خواہی ثبات ☆☆ ضمیرش دیدہ ام آبِ حیات

تا دو تیغ لا والا دا شتیم ☆☆ ماسوی اللہ افشاں نگذاشتیم (اقبالؔ)

Muallif-e-Insaf Nama Hazrat Miyan Wali Ji Rahmatullahi Alaih ne tahreer farmaya hai ke:-

مراقبہ را دو معنی یکے معنی آنکے مراقبہ محافظہ است مشتق من الرقبۃ و ھوالحفظ یعنی دل را از خواطرِ غیرِ حق بذکرِ حق نگاہ داشتن و حق را برخود مطلع دیدن و ایں مراقبہ مبتدیانست دوم مراقبہ بمعنیِ مشاہدہ است مشتق من الرقوب و ھوالنظیر یعنی در مشاہدہ جمال و جلالِ ذات و صفاتِ حق چناں مستغرق شد کہ ہیچ چیزیا دنیا ید و ایں مراقبہ منتہا نست پس اعمال جوارح با پریشانی خاطر ممکن ہست اما مراقبہ بغیر خلوت باطن اصلا ممکن نیست۔ پس اے عزیز ! طالبِ حق را باید کہ دائم در مراقبہ با شد و ہرچہ معاملہ و خواب بیند پیشِ مرشد عرض کند بہ خودی خود مغرور نشود۔ (انصان نامہ باب (5))۔

Translation:- "Muraqiba ke do ma'ni hain. Aik Muraqiba ba-ma'ni-e-Muhafiz-a hai jo "رقابۃ" se Mushtaq hai jis ke ma'ni Hifazat ke hain. Ya'ni

dil ko Ghair-e-Haq ke khatraun se bacha kar Zikr-e-Haq mein mashgool rakhna aor Haq ko apne par Aagah samajhna. Yeh Muraqiba Mubtadi-yaun ka hai dosra Muraqiba Mushahida hai jo "رقوب" se Mushtaq hai jis ke ma'ni dekhne ke hain. Ya'ni Jamal wa Jalal-e-Zaat wa Sifaat-e-Haq ke Mushahida mein aisa Mustaghraq ho ke koi cheez yad na aane paye aor yeh Muraqiba Nehattiyaun ka hai. Aaza ke afaal dil ki paraishani-yaun mein bhi sadir hona mumkin hai laikin Muraqiba baghair Khilwat-e-Batin ke bilkul na mumkin hai. Pas Aey Aziz! Talib-e-Haq ke liye lazim hai ke hamesha Muraqiba mein rahe aor jo kuch Mua'mila wa khawb dekhe Murshid se arz kare apni khudi mein maghroor na ho jaye."

Hazrat Imamuna Mahdi AHS ki khusoosiyat yeh thi ke har aane wale Musaddiq ko khaw Aalim ho ya Ummi Mard ho ya Aurat pas-e-anfaas aor Zikr-e-Khafi ki ta Talqeen farmate the. Aor yeh tamaam Azkar-e-Mara-tibi mein Afzal Tareen hai. Isi liye Fuqra-e-Mahdavia mein Adwar wa Wazaef aor Tasbih ke dan-aun ya ungli-yaun ki ginti par amal nahin raha hai kuin ke Zikr-e-Khafi ke hote huwe is ki zaroorat bhi na thi. Mulaheza ho Riwayat 201 mein yeh ashaar darj hain.

انفاس پاس دار اگر مردِ عارفی ☆☆ ملکِ دو کون ملکِ تو گردو بہ یک نفس

ہر یک نفس کہ می رود از عمرِ گوہر یست ☆☆ کاں را خراج ملک دو عالم بود بہا

مپسند کا یں خزانہ دہی رائیگاں بباد ☆☆ انکہ روی بخاک تہی دست و بے نوا (اقبالؒ)

Ya'ni apne san-saún ki nigraani kar agar tu Mard-e-Aarif hai. Dono Jahan ki Badshah-at teri Milk aik sans mein ho jaye gi. Umr ki har aik sans jo nikal rahi hai aik moti hai. jis ki qeemat dono Jahan-aun ki Badshah-at hai. is ko Raegan karna tu pasand na kar. Aisa kare ga to khak mein khali haath aor be nawa jaye ga. Zikr-e-Pas-e-Anfaas par ba'az logaun ne aeteraz kiya tha ke Mahdavi apni naak ko Aala-e-Zikr qaraar dete hain. Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ ne apne aik Risale mein is ka tazkerah farmaya hai.

" صفت نا سزا که نسبت یاران سید محمدی کنند خطائے محض است زیراچه آنکه میگویند که یارانِ سید محمد بینی را آلۂ ذکر ساخته اند ۔۔ الخ۔

(Yeh Risala 1850 AD ka naql kardah hamare pas mahfooz hai aor hum ne muta'adid nuskhaun se is ka muqabila bhi kiya hai)

Ya'ni Mutabe-een-e-Syed Muhammad Mahdi AHS par jo ilzam aayad karte hain ke unhuin ne naak ko Aala-e-Zikr qaraar diya hai Mahez Ghalat hai.

Is ke ba'ad Aap RZ ne Kitabullah wa Sunnat-e-Rasoolullah ki pairwi ko wazeh karte huwe yeh Aayat bayan ki hai.

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِیْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِیْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ ﴿205﴾ (سورۃ الاعراف)

Translation:- Aor Subh Shaam Zikr karo apne Rabb ka Aajizi wa Khauf Ki halat mein na ke khuli aawaaz mein aor Ghafil-aun mein shamil na ho jao.

Neez yeh Aayat bhi darj farmaee hai. اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا ﴿3﴾ (سورۃ مریم)

Translation:- Jab ke apne Rabb ko poshidah taur par pukara.

Is ki tauzih karte huwe farmate hain ke:-

چوں مصطفی علیه السلام و پیغمبرانِ دیگر مامور نذکر خفی باشند پس معلوم شد که ذکرِ خفی اولیٰ تر است ازہمه اذکار و آلتِ ذکر قلب است و تا آں که یادِ حق در دل قرار نگیرد ذاکر از صفات غفلت بیرون نیاید و قرار نگیرد و ذاکر از صفاتِ غفلت بیرون نیاید و قراردادن یادِ حق را بغیر پاس داری نفس محال باشد و بغیر ذکر پاسِ انفاسِ دل از خواطر دو اوهام پاک نشود زیراچه منشاء و مستقر قلب است۔۔ الخ۔

Translation:- Jab Muhammad Mustafa SAWS aor deegar Paighambar Zikr-e-Khafi par Mamoor hain to maloom huwa ke Zikr-e-Khafi tamaam Az-kaar mein oola tar hai. Aor Aala-e-Zikr-e-Qalb hai jab tak Yad-e-Haq mein qaraar na paye ga Zakir Sifaat-e-Ghaflat se bach nahin sakta aor baghair Paas-e-Anfaas ke Zikr qaem hona muhal hai apr pas-daari-e-sans ke baghair dil kha-raat wa Awhaam se pak nahin ho sakta is liye sans ka

mansha' aor mus-taqar qalb hai. Is ke ba'ad aage chal kar farmate hain ke:-

نفس مقید به بینی نیست بلکه اورا دخل درجمیع اعضاء است وهم ازیں جهت همه روندگان راهِ حق و جویند گان ذات مطلق ذکرخفی را اولیٰ تر داشته اند زیراکه بے ذکرِ خفی و ذکرِ پاسِ انفاس وجودِ ذاکر از لوث وریا و عجب پاک نشود و ذکرِدوام حاصل نیاید ازجهت آں که اگرذکرِحق را بر زباں آرد گاهے باشد که ذاکر بحکایت و بخوردن و نجسپیدن مشغول شود و چوں مشغول بچزے شود ازیادِ حق بازماند و ازجمله غافلاں باشد و غفلت صفتِ مؤمن نیست۔۔الخ

---

1. **Yeh Risala 1850 H mein naql kardah hamare pas mahfooz hai aor hum ne muta'did nuskhaun se is ka muqabila bhi kiya hai.**

Translation:- Sans naak mein muqayyad nahin rahti is ka dakhal to tamaam a 'aza-e-jismani-ya mein hai. Isi liye Salik-een-e-Rahe-Haq wa Talib-een-e-Zaat-e-Mutlaq ne Zikr-e-Khafi ko Oola Tar qaraar diya kuin ke Zikr-e-Khafi aor Zikr-e-Paas-e-Anfaas ke baghair Zakir ka wujood laos-wo-raya wa ajab se pak nahi ho sakta. Is ka sabab yeh hai ke agar Zikr-e-Haq zaban se kiya jaye to chunke kabhi Zakir masroof-e-guftugo hoga kabhi khane Sone mein mashghool hoga. Aor jab kahi dosri Mashghooli-yat hogi zaban ke zariye Yad-e-Haq se baaz rahega aor Ghafil -een mein shumar ho jaye ga halanke Ghaflat Mo'min ko Sifat nahin hai. Is ke ba'ad dauraan-e-bahes mein Hadees-e-Shareef :-

" كل نفس يخرض بغير ذكر الله فهو ميت " **(Har sans jo baghair Zikr-e-Khuda ke nikle Murdah hai) paish kar ke farmaya-te hain ke:-**

درقولِ رسول الله صلى الله عليه وسلم حكمت آنست كه نفس را درآمد در دل و درجميع اعضاء است وچوں نفس با ذكرِحق سرايت درجميع اعضاء كند وازفيضِ ذكر اثرحيات درجميع اعضاء پيدا آيد تا درختِ ايمان را در دلِ ذاكر برويانـد۔كما قال النبى صلى الله عليه وسلم لااله الا الله ينبت الايمان كما ينبت الماء البقلة بداں اے عزيز! چوں مقصودِ آں باشد كه بواسطۂ پاس داريِ نفس يادِ حق دردل قرار گيرد و نفس با ذكرِحق درون رود و بيرون آيد خواه از دهن خواه از بينى و ايں هردو راه نفس اند بواسطۂ گذر نفس بينى آلۂ ذكر نمى شود زيراچه نفس مطلق است و يارانِ

سید محمد را مقصود آنست که بواسطۂ پاسداریِ نفس یادِ حق در دل قرار گیردد بذکرِ خدا اطمینانِ قلب حاصل شود کما قال سبحانہٗ وتعالیٰ:- اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿۲۸﴾ (سورۃ رعد)

Translation:- Rasoolullah SAWS ke farman mein Hikmat yeh hai ke sans ko chunke dil mein aor tamaam a ‘aza mein dakhal hai jab sans Zikr-e-Haq ke saath tamaam a ‘aza mein saraiyat karegi aor Zikr ke Faiz se Hayat ka asar tamaam a ‘aza mein ho ga to Zakir ke dil mein Iman ka darakht ugaega. Jaisa ke Rasoolullah SAWS ne farmaya "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" Iman (ka darakht) is tarha Ogata hai jis tarha ke pani sabzi ko Ogata hai. Aey Aziz! Tu jan le maqsad yahi hai ke sans ki pasdaa-ri se Zikrullah dil mein qaraar paye aor sans Zikrullah ke saath and jati aor baher aati hai khwah munh ke zariye ya naak ke zariye yeh dono sans ke raste hain. Sans mahez Is raste se guzarne ki wajhe naak ka Aala nahin qarar di jasakti kuin ke sans tu ba-zaat-e-khud mutlaq hai aor Mutabi-een-e-Hazrat Syed Muhammad Mahdi AHS ka maqsad yahi hai ke sans ki pasdaa-ri ke zariye Zikrullah ko qalb mein qaem kiya jaye aor Zikr-e-Khuda se Qalb hi ko itme’naan naseeb ho sakta hai chunache Allahu Ta’aala farmata hai Zikrullah se quloob mutma’in hote hain. Abr ho ke Zikrullah ke Zariye Quloob itme’naan hasil karte hain.

Aor yahi Husool-e-Deedaar ka Zariya bhi hai chunache Allahu Ta’aala farmata hai:-

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارۡجِعِىۡۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادۡخُلِىۡ فِىۡ عِبٰدِىۡ ﴿۲۹﴾ وَادۡخُلِىۡ جَنَّتِىۡ ﴿۳۰﴾ (سورۃ الفجر)

Translation:- Aey Nafs-e-Mutmaenna apne Rabb ki taraf razi ba Raza ho aor mere bandaun mein shamil ho kar Meri Jannat (Deedaar) mein dakhil ho ja.

Imamuna AHS ne Zikr mein aor "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" hi ko makhsoor farmaya hai.

Aor isi ko Anmbiya’ woh Sahaf-e-Samaviya ka maqsad qaraar diya hai. Aor Zikr-e-Khafi ki ta’leem ki wajhe se bajuz Zaat-e-Baari Ta’aala ke aor

حضرت بندگی الہدادؓ کے پاس جو رقم تھی سویت کے وقت اُس رقم سے اُن کو بھی حصہ ملا۔ تو اِس پر اُن کو خیال گذرا کہ اِس سے اُن کے توکل و تزکیۂ نفس میں خلل ہوا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ سویت سے قبل اِس رقم کے حسبِ عادت سویت کیے جانے اور اُن کو حصہ ملنے کا خیال گذرا ہو۔ اِس لیے انتہائے احتیاطِ تقویٰ کی وجہ اُن کی زبان سے یہ الفاظ نکلے کہ "فقراء کی جماعت میں

مرادارخوار ہوں" انصاف نامہ کی ایک روایت سے ایسے عمل کی تائید ہوتی ہے:-

میاں فرید مہاجرؒ سے روایت ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اپنے حجرہ میں ہو اور (کسی کے) نعلین کی آواز سن کر اُس کے دل میں خیال پیدا ہو کہ کوئی فتوح لا رہا ہے تو یہ توکل کے خلاف ہے۔ (انصاف نامہ باب 6) اِس لحاظ سے حضرت بندگی میاں الہدادؒ کا عمل تعلیماتِ امامناعلیہ السلام کے عین مطابق ہو جاتا ہے۔ استاذی مولانا محمد سعادۃ اللہ خاں صاحب نے لفظِ "مردارخوار" کی نسبت یہ خیال ظاہر کیا کہ ممکن ہے یہ سہوِ کتابت ہو۔ فی الاصل "مردِ ارخدار" ہو گا۔ یعنی مجھے فقراء کی جماعت میں یہ امتیاز حاصل ہوا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے حساب و کتاب کی خدمت سے سرفراز کیا گیا ہوں۔ کیونکہ "ارخ" حساب و کتاب کو کہتے ہیں اور مردِ ارخ دار کے معنی حساب و کتاب رکھنے والا آدمی۔ واللہ اعلم۔

ہے وہی تیرے زمانے کا امامِ برحق ☆☆ جو تجھے حاضر و موجود سے بے زار کرے

موت کے آئینے میں تجھ کو دِکھا کر رخِ دوست ☆☆ زندگی تیرے لیے اور بھی دشوار کرے

دے کے احساسِ زیاں تیرا لہو گرما دے ☆☆ فقر کی شان چڑھا کر تجھے تلوار کرے (اقبالؔ)

غرض امامناعلیہ السلام نے حلال اور حلال طیب کا نکتہ جس انداز سے سمجھایا اور آپؑ کے متبعین نے اِس پر جس درجہ عمل کیا وہ ذیل کی روایات سے واضح ہے۔ روایت (148) ملاحظہ ہو کہ شیخ صدرالدین سندھی رضی اللہ عنہٗ آدھی رات کو حجرہ میں ہاتھ بڑھا کر روٹیاں رکھدیتے تھے کہ کسی کو خبر تک نہ ہوتی تھی کہ کس نے رکھا ہے۔ یہ واقعہ دو رات پیش آیا۔ طالبانِ خدا نے حضرت مہدی علیہ السلام کی خدمت میں بحالت زاری فریاد کی کہ میرا انجیؑ رہزنی ہو رہی ہے۔ حضرتؑ نے دریافت فرمایا کہ کیا ہو رہا ہے؟ عرض کرنے لگے کہ دو راتوں سے یہ واقعہ پیش آرہا ہے کہ کوئی شخص حجرہ میں اپنا ہاتھ دراز کر کے روٹیاں رکھ دیتا ہے معلوم نہیں ہوتا کہ کون شخص ہے۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ طالبانِ خدا کو ایذا مت دو! تاکہ دل غیر اللہ کی طرف مائل نہ ہونے پائے۔ فقر و فاقہ کے باوجود اِس خفیہ امداد کا ضمیر پر شاق گزرنا اور زاری کی حالت میں شکایت کرنا اِس

بات کی بدیہی دلیل ہے کہ غیر اللہ پر نظر نہ رکھنا، حلال طیب کی جو شرط ہے اُس کی حفاظت کی طاقت بدرجۂ اتم اُن میں موجود تھی۔

تعلیمِ توکل میں سوال سے بچنے کی بہت زیادہ اہمیت پائی جاتی ہے۔ ترکِ دنیا کی بحث میں "يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج" (سورۃ البقرہ-273) آئیہ شریفہ کی توضیح کے تحت اُس کا بیان کیا جا چکا ہے حالتِ اضطرار میں جب کہ حرام کو حلال قرار دیا جا سکتا ہے اُس وقت بھی امام علیہ السلام نے مومن کے شعور کو بیدار رکھنے کی سعی فرمائی ہے چنانچہ ایک روایت یہ بھی ہے کہ:-

باز فرمودند اگر متوکل باضطرار رسد بایں اشیائے مردار بخورد فاما سوال نکند (شواہد الولایت باب 33)

ترجمہ:- حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ متوکل اضطرار کی کیفیت میں ہو جائے تو مردار کھائے لیکن سوال نہ کرے۔

سفر خراسان کا اُس چودھویں صدی ہجری کے سہولت بخش زمانہ میں جن لوگوں کو موقع و تجربہ حاصل ہوا ہو بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ ساڑھے چار سو سال قبل کے زمانہ میں کس قدر کٹھن سفر ہو گا۔ اِس پر مزید کیفیت یہ کہ بے زادِ راحلہ سفر، کوئی سازوسامان نہیں۔ فقر و فاقہ کی حالت میں اُن خطرناک مقامات کا سفر تنہا نہیں، جماعتِ کثیر مع اہل و عیال ساتھ ہے۔ درخت کے پتوں پر اکثر گذارہ ہو رہا ہے لیکن سفر برابر جاری ہے۔ ہمراہیوں کی عالی ہمت کا اندازہ اِس واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ حضرت میاں یوسف رضی اللہ عنہٗ جن کے پیر میں زخم آ گئے تھے راستہ میں ایک مقام پر زخم صاف کرنے کے لئے بیٹھ گئے۔ قافلہ گزر رہا تھا جب امام علیہ السلام اُن کے قریب سے گزرے تو سوال کیا کہ میرا نجیؑ! "مہدیٔ موعودؑ" کی جماعت پر نہایت سخت و کٹھن وقت جو آنے والا ہے وہ کب آئے گا؟

آپؑ نے فرمایا وہ یہی وقت ہے اللہ کے فضل سے تمہارا ظرف بڑا ہے اِس لئے تم کو معلوم نہیں ہو رہا ہے۔"

نیز ایک روایت یہ بھی ہے کہ سفر خراسان میں ایک مقام پر ایک اونچے ٹیلے پر آپؑ چڑھ گئے۔ پیچھے سے آپؑ کی جماعت جو چلی آرہی تھی اُس کو ملاحظہ فرمانے لگے جن میں عورتیں، بچے، ضعیف، مریض سب ہی شامل تھے۔ آپؑ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی۔ اُس وقت آپؑ نے بارگاہِ رب العزت سے التجاء کی کہ:-

ائے اللہ! تو حاضر و ناظر ہے۔ علیم و خبیر ہے۔ بندے کے اور اُن لوگوں کے حال سے بخوبی آگاہ ہے کہ اِس بندہ نے اِن لوگوں کی کوئی محبوب چیز اپنے قبضہ میں نہیں رکھ لی ہے۔ اور نہ اِن کو زر و دولت دلانے کا وعدہ کیا ہے کہ جس کی وجہ یہ لوگ اِس قدر مشقت پر مجبور ہوئے ہوں اگر اِن کا مجھ پر کوئی حق ہے تو یہ کہ میں اِن کو تیرے عشق و محبت اور تیری معرفت کا راستہ دکھا سکتا ہوں۔ اِسی وقت فرمانِ ایزادی ہوا کہ "ائے سید محمدؑ! میں نے اِس جماعت کے سب چھوٹے بڑوں کے گناہ بخش دیئے ہیں۔ تو اُن کو ایمان کی بشارت دے۔" پھر آپؑ نے سب کو اِس فضلِ ایزادی پر آگاہ کیا اور ایمان کی بشارت عطا فرمائی۔

غرض دعویٰ موکد کے بعد کے طویل اور انتہا درجہ سخت آزمایشِ ایزدی کے زمانے میں بارہا اضطرار کی صورت پیش آئی۔ کئی نفوسِ مطہرہ نے فاقہ سے جامِ شہادت نوش کیا۔ لیکن اُس وقت سوال کی اجازت دینے کا کوئی واقعہ کتبِ نقلیات میں نہیں پایا جاتا۔ آپؑ نے صرف سوال ہی کو توکل کے منفی نہیں قرار دیا بلکہ صوتِ سوال سے بھی صریح طور پر منع فرمایا ہے چنانچہ نقلیات کی فہرست میں بیانِ توکل کے تحت جو روایات ہیں اُن میں اِسی نکتہ کا پہلو شامل پایا جاتا ہے۔ اور توکل کی حسبِ ذیل خصوصیات کا علم ہوتا ہے۔

(1) ایک ہی شخص کی بار بار لائی ہوئی فتوح پر تعین کا حکم لگایا گیا اور لینے سے انکار کیا گیا ملاحظہ ہو روایت (135) (2)۔ دائرے میں فتوح جو روانہ کی جاتی اُس میں بعض فقراء کے لیے تعداد اگر مخصوص کر دی گئی ہو تو اُس کو قبول نہ کیا گیا ملاحظہ ہو روریت (149)، (150)، (151)

(3)۔ اہلِ دائرہ سے کوئی شخص کسی دولت مند کے گھر جائے اور وہ اُس کو کچھ دے یا اُس کے ذریعہ دائرہ کے لئے کچھ بھجوائے تو اُس پر فتوح کا حکم عاید نہیں کیا گیا اور صاحبِ دائرہ کو قبول نہ کرنے کا حکم دیا گیا۔ ملاحظہ ہو روایت (72)، (153)

(4)۔اگر کوئی دولت مند دائرے کے لیے فتوح یا عشر روانہ کرنے کی غرض سے دائرہ کے کسی فقیر کو لے جانے کی درخواست کرتا تو قبول نہ کی جاتی تھی اور فقراء کو جانے سے منع کیا جاتا تھا۔ ملاحظہ ہو روایات (152) تا (156)

(5)۔اگر کوئی صرف رشتہءِ قرابت کی وجہ کچھ دیتا اُس میں للّٰہی غرض شامل نہ ہوتی تو قبول نہیں کیا جاتا تھا۔ ملاحظہ ہو روایت (157)

(6)۔کسی مہدوی تاجر سے اِس نیت کیساتھ خریدنا کہ وہ رعایتہً کچھ زاید دے گا ممنوع تھا۔ چنانچہ درئرے کے مہدویوں کے گھر سے بعض فقراءاِسی نیت سے چھاچھ لائے تھے مع برتن پھینک دی گئی۔ ملاحظہ ہو روایت (78)

(7)۔فتوح کی توقع اور اُس کا انتظار مانعِ توکل قرار دیا گیا۔ ملاحظہ ہو روایت (71)

(8)۔جو اللہ دے اُس کو خرچ کرے جمع رکھنے کی کوشش نہ کی جائے۔ ملاحظہ ہو روایت (136) جب کہ بی بی الہدادی رضی اللہ عنہا وفات پائیں تو اُن کی دامنی سے سونے کا ایک تنکہ نکلا۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ گرم کرکے اُن کی پیشانی پر داغ دو۔ پیغمبر ﷺ نے ایسا ہی کیا ہے۔ جب یہ خبر مشہور ہوئی تو میاں سید سلام اللہ رضی اللہ عنہٗ جو کہ قبر کی تیاری کر رہے تھے سن کر جلد آ گئے اور قسمیہ کہنے لگے کہ یہ تنکہ بی بیؓ کا نہیں ہے بلکہ بی بی فاطمہؓ کا ہے۔ فرمایا کہ جس کسی کا ہو اُس کے حوالہ کر دو۔۔۔الخ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿34﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَ جُنُوْبُهُمْ وَ ظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾ (سورة التوبة)

ترجمہ:-جو لوگ سونے چاندی کے خزانے جمع کرتے ہیں اور اُن کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے اُنھیں عذبِ الیم کی بشارت دو۔ جب کہ یہ (مال) جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا اور اِس سے اُن جمع کرنے والوں کے پہلو اور پیشانیوں اور پشت پر داغ

دیے جائیں گے۔(اور یہ کہا جائے گا) یہ وہی ہے جو تم نے اپنی ذاتوں کے لیے جمع کر رکھا تھا۔ پس تم نے جو خزانے جمع کیے تھے اُس کا مزہ چکھو۔

اِس باب میں احادیث بھی ہیں چنانچہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:-

من ترک صفراء او بیضاء کوی بھا و توفی رجل ترک فوجد فی مینزرہ دینار فقال کیۃ توفی اٰخر فوجد فی میزرہ دیناران متحال کیننان (تفسیر کبیر تحت آیتِ مذکورۃ الصدر)

ترجمہ:- جو شخص سوناچاندی چھوڑ کر مر جائے اُس کو داغ دیا جائے گا۔ ایک شخص انتقال کر گیا اُس کے جیب میں ایک دینار پایا گیا۔ آپؐ نے فرمایا ایک داغ ہے۔ دوسرے کا انتقال ہوا اُس کے جیب میں دو دینار پائے گئے آپؐ نے فرمایا دو داغ ہیں۔

امامناعلیہ السلام نے توکل کے اعلیٰ ترین مرتبہ کی طرف رہبری فرمائی ہے جن مومنین کو لاہوتی مقام حاصل ہو وہ بغیر حلال طیب کے کسی اور طریقہ و تدبیر کے غذا کو اپنے پر حرام سمجھتے ہیں چنانچہ روایت ہے کہ "امامناعلیہ السلام سے کسی نے سوال کیا کہ اگر کوئی شخص فاقہ پر صبر نہ کر سکے تو کیا کرے۔ آپؑ نے فرمایا مر جائے پھر عرض کیا گیا اگر نہ کر سکے تو کیا کرے۔ فرمایا مر جائے پھر عرض کیا گیا میرا نجیؑ! اگر بے چارہ صبر کرنے کی تاب و تواں نہ رکھتا ہو تو کیا کرے فرمایا۔ مر جائے، مر جائے، مر جائے۔!! روایت (59)

یہ وہ اعلیٰ مرتبہ ہے جس پر پہنچنے کے بعد مومن مر جانا ہی قبول کرتا ہے۔ لیکن جیسا توکل کہ اِس مقام کے مرتبہ کے لحاظ سے ہونا چاہیے اِس میں فرق آنے نہیں دیتا۔

اے طائرِ لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی ☆☆ جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی (اقبالؔ)

تعلیماتِ امامناعلیہ السلام میں جس طرح عالیت کے بلند ترین مراتب تک ارتقاء کی رہنمائی کی گئی ہے اِسی طرح رخصت کی حد رکھنے والے احکام بھی موجود ہیں۔ چنانچہ روایت ہے کہ:-

مہاجرینؓ کی مجلس میں میراں سید محمد مہدی علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی (فقیر) خدائے تعالیٰ پر توکل نہ کر سکے اور ہلاک ہونے کی نوبت آئے تو کیا کرے؟ آپؑ نے فرمایا کہ "جائے اور ایک یا دو چیتل (ٹکے) کسب کر کے کھائے۔۔۔الخ

اور روایت (70) ملاحظہ ہو جو حضرت شاہِ دلاور رضی اللہ عنہٗ سے مروی ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا:- "اگر خدائے تعالیٰ تنگی کے وقت عرس کے لیے کچھ زیادہ بھیج دے تو اُس سے اہلِ دائرے کے لیے دو تین وقت کا خرچ چلانا چاہیے کیونکہ یہی مستحقِ فتوح ہیں"۔۔الخ

آپؑ کے نواسے حضرت بندگی میاں سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؓ سے منسوبہ احکامِ رخصت میں تیسرا حکم یہ ہے کہ:- "راسا نیدۂ خدا دو وقت کردہ بخورید۔"

اِس سے ظاہر ہے کہ یہ حکم جو آپؓ نے جاری فرمایا اُس کی گنجایش احکام حضرت مہدی علیہ السلام میں موجود تھی اور آپؓ نے جو فرمایا حکمِ مہدیؑ کے تحت فرمایا ہے۔

روایت (64) ملاحظہ ہو کہ حضرت سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا کہ:- "اہلِ نفس فرمایش چاہتے ہیں اُن سے فرمایش نہ کرنی چاہیئے پھر فرمایا کہ دو بیل اور بنڈی اِسی لیے رکھی گئی ہے کہ برادرانِ دائرہ کو ضرورت کے وقت سوال کرنے کی نوبت نہ آنے پائے۔

اِس سے ظاہر ہے کہ احکامِ رخصت میں بھی سوال کو جائز قرار دینے کی کوئی رعایت موجود نہیں ہے اور ہوتی کیسے جب کہ خصوصاً دعویٰ موکد کے بعد حالتِ اضطرار میں بھی سوال کو جائز قرار دینے کی کوئی نظیر موجود نہیں۔ غرض قرآن میں فقیر کی صفتِ "تعفف" کا جو بیان موجود ہے اِس کی اتباع کو فقیر کے لیے لازم گردانا گیا ہے۔

گرچہ باشی مور و ہم نے بال و پر ☆☆ حاجتے پیشِ سلیمانے مبر (اقبالؔ)

حضرت بندگی میاں سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؓ کے عمل سے توکل کی ایک اور صورت کا علم ہوتا ہے وہ یہ کہ فقرائے دائرہ کاسبین کے گھر نہیں جاتے تھے اُن سے دعوت کی درخواست اِس طرح کی جاتی تھی کہ وہ اپنی جگہ پر رہتے اور کھانا خدمت میں پہنچادیا جاتا۔ فارغ ہونے کے بعد جو کچھ بچ رہتا وہ واپس کر دیا جاتا تھا۔ اگر ایسی خصوصیت کے بغیر مطلقاً اللہ کے نام سے پیش کیا جاتا تو اُس صورت میں حسبِ صوابدید استعمال کیا جاتا یا سویت کی جاتی تھی۔

چنانچہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شخص نے دعوت کی درخواست کی تھی۔ کھانا تیار کر کے آپؓ کے مکان پر روانہ کیا۔ آپؓ کے بھتیجے میاں سید عبدالحئ دستر خوان پر کھانے کے لیے بیٹھ گئے اور آپؓ کی دختر آجی بی بیؓ پنکھا ہلانے بیٹھ گئیں۔ بی بیؓ پر غشی طاری ہوگئی۔ حضرت نے ہوش میں لانے کی کوشش فرمائی حرمِ محترم نے عرض کیا کہ ایک لقمہ اِس بچی کے حلق سے کیوں نہیں اُتار دیتے۔ تین دن سے اِس پر فاقہ ہے۔ آپؓ نے فرمایا اگر اِس کھانے کا لقمہ بچی کے حلق 1 میں ہوتا تو حلق سے نکال لیتا۔ اِس کی عاقبت کی بھلائی چاہتا ہوں اِس بچی کے فاقہ کی بدولت تمام اہلِ دائرہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے سرفراز ہوں گے۔ اور یہ بچی بھی اِسی وقت کھا سکے گی۔ اور جو کھانا کہ بچ گیا تھا واپس کروادیا۔ (تاریخِ سلیمانی گلشن 6 چمن 3)

---

(1) دعوت کے کھانے کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ دعوتی کو صرف کھانے کی حد تک اختیار دیا جاتا ہے مالک نہیں بنایا جاتا اِس لیے کوئی دعوتی، اِس کھانے میں سے کسی کو خود اپنے اختیار سے دینے کا حق نہیں رکھتا۔ اِسی لیے حضرتؓ نے دخترِ نیک کو نہیں دیا۔ اور بچا ہوا واپس فرمایا۔ اِس سے یہ پہلو واضح ہو رہا ہے کہ غیر کی ملک کا بغیر اجازت استعمال کس درجہ ممنوع ہے اِس احتیاط کی مثال وہ واقعہ بھی ہے کہ جب زکوٰۃ کے کھجور جمع ہوئے تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہٗ نے جو اُس وقت کمسن تھے کھجور منھ میں ڈال لی تو حضرت رسولِ اکرم ﷺ نے دیکھ کر منھ میں سے وہ کھجور نکال لی تھی۔

اِسی طرح جب کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے پاس اللہ تعالیٰ نے انگور بھجوائے تھے حضرت میاں حیدر مہاجرؓ نے ایک خوشہ حضرت میاں سید حمیدؓ (کمسن فرزند حضرت مہدی علیہ السلام) کے ہاتھ میں دے دیا۔ حضرتؑ نے فرمایا یہ فقیروں کا حق ہے

اُنھیں کیوں دیا؟ عرض کیا میرا نجی! معاف فرما دیجیے۔ فرمایا تمام فقیروں سے معافی چاہو۔ کہا جاتا ہے ایک دانہ جو میاں سید حمیدؓ نے منھ میں ڈال لیا تھا حضرتؑ نے اپنی انگشتِ مبارک سے اُن کے منھ سے نکال لیا۔ (روایت 141)

اِس کے بعد صاحبِ تاریخِ سلیمانی نے لکھا ہے کہ اِس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ دعوت کی درخواست صرف حضرت اور حضرت کے بھتیجے کی حد تک تھی پھر آپ وہ کھانا دوسروں کے لئے کیسے خرچ کرتے۔!! اِس سے ظاہر ہے کہ حضرت سید محمودؓ کا عمل عالیت کی کیسی سخت صبر آزما منزل کا حامل تھا۔ یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ حضرت سے کھایا کیسے گیا؟ جب کہ گھر والے اور دخترِ نیک پرفاقہ تھا! یہ اتباعِ سنت میں حائل نہ آسکا۔ اور یہ بات بھی ظاہر ہو رہی ہے کہ آپؓ نے رخصت کے جو احکام نافذ فرمائے وہ آنے والے دور کے انسانوں کے لحاظ سے ہیں تاکہ ہر مومن اپنے درجتِ ایمان کی حد میں فرامینِ مہدیؑ سے استفاضہ کر سکے اور صدقِ دل سے اِس کا یہی عمل اِس کی ترقیوں کا ذریعہ بن جائے۔ بتوفیق اللہ تعالیٰ دعونہ العمیم۔

احوال و مقامات پہ موقوف ہے سب کچھ ☆☆ ہر لحظہ ہے سالک کا زماں اور مکاں اور (اقبالؔ)

بعض روایات سے کاسبین کے گھر پر دعوت میں جانے کا حکم بھی پایا جاتا ہے لیکن یہ رخصت کی حد میں ہے عالیت تو یہ ہے کہ نہ جائیں چنانچہ روایت (124) ملاحظہ ہو کہ: حضرت میاں لاڑشہ رضی اللہ عنہٗ راوی ہیں کہ ملکِ خراسان میں حضرت مہدی علیہ السلام جامع مسجد سے واپس تشریف لا رہے تھے راستہ میں ایک خراسانی کا مکان تھا۔ اُس نے بار بار عرض کیا کہ مہربانی فرمایئے قدمِ سعادت گھر میں لے چلئے۔ آپؑ نے ہر بار یہی جواب فرمایا کہ معاف کرو بہت کچھ منت سماجت کے بعد بعض صحابہؓ کو آپؑ نے اجازت دی کہ تم جاؤ۔ یہ حضرات گئے۔ حضرت میاں دلاور رضی اللہ عنہٗ نہیں گئے۔ حضرت میاں سید سلام اللہ رضی اللہ عنہٗ پر بارِ خاطر ہوا اور کہنے لگے کہ آپؓ کیوں نہیں آئے حضرت مہدی علیہ السلام کے حکم کی تعمیل سے آپؓ باز رہے ہیں۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے اپنے حجرہ سے سر نکال کر فرمایا کہ جو لوگ گئے ہیں میری اجازت سے گئے اور جو لوگ نہیں گئے اُنھوں نے بہت اچھا کیا۔

حاصل یہ کہ تعلیماتِ حضرت مہدی علیہ السلام میں عالیت اور رخصت دونوں حدوں پر حاوی احکام موجود ہیں جو جس پر چاہے حسبِ استعداد وقوت عمل کرنے کی کوشش کرے۔ لیکن عزیمت کو اولیت حاصل ہے۔ روایت ہے کہ:-

بعضی کساں پیشِ حضرت میراں علیہ السلام عرض کردند کہ رخصت ہم دین است؟ بعدہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ دین عزیمت است۔ اگر از عزیمت باز ماند بافتد تا در رخصت ماند و اگر از رخصت بافتد تا کجا درماند۔

ترجمہ:- بعض لوگوں نے حضرت مہدی علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا رخصت بھی دین میں داخل ہے؟ آپؑ نے فرمایا دین تو عزیمت ہی ہے (جس پر عمل کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ) اگر (کسی وقت) عزیمت پر عمل سے باز رہے اور اُتر آئے تو رخصت میں (قدم قائم) رہ سکے اگر (رخصت پر عمل کافی سمجھ لیا جائے اور (رخصت سے کسی وقت) اتر آئے تو (دین) میں ٹھکانہ کہاں باقی رہ سکے گا؟

آپؑ کے بے شمار متبعین نے عالیت کے احکام پر عمل کر کے اِس دنیا میں مثال قایم کر دی جس کی وجہ فقر و توکل زہد و تقویٰ کو مہدویوں کے شعار کی حیثیت سے جو شہرت ہو گئی تھی اِس کا اندازہ اِس روایت سے ہو سکتا ہے کہ:-"ایک شخص فتح خاں (رئیس و عہدہ دارِ وقت) کے پاس گیا اور کہنے لگا کہ میں حضرت میاں سید محمودؓ (فرزندِ حضرت مہدی علیہ السلام) کے دائرے سے آیا ہوں (اور اپنے کو دائرہ کا فقیر ظاہر کرنے لگا) فتح خاں نے ملازمین کو حکم دیا کہ اِس کو مارو اور خود بھی مارنے کے لیے دوڑے۔ ملازمین نے عرض کیا کہ یہ (دائرہ کا) فقیر ہے۔ فتح خاں نے کہا کہ دائرہ کے فقراء مجھے کتے کے برابر بھی شمار نہیں کرتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ پھر کوئی شخص دائرہ کے پاک لوگوں کے نام سے اِس طرح جھوٹ کہنے نہ پائے۔ اُس دائرہ کے فقراء میرے در پر ہرگز آنے والے نہیں ہیں۔ مجھے یقین ہے میں نے بارہا حاضری کا شرف حاصل کیا ہے اور دائرہ کے فقراء (کے حالات بچشمِ خود) دیکھے ہیں۔

(روایت 130) بلکہ فقراء کے لیے بھائی بیٹے وغیرہ قریبی قرابتداروں کی کمائی سے استفادہ بھی منافیِ توکل قرار دیا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو روایت (157) اور بعض روایات میں کاسبین کو بھی سخت تنبیہ کی گئی ہے کہ فقراء کی خدمت اِس طریقہ پر نہ کریں کہ

اُن کے توکل میں فرق پڑ جائے ورنہ ایسی خدمت بجائے فائدہ کے دونوں کے لیے باعث نقصان ہے۔ چنانچہ روایت (126) میں یہی بیان موجود ہے جس کا آخری جملہ یہ ہے:

"ہر کہ بخانہ شما بیاید او ایں معاملہ مکنید تا او را ایں عادت نہ شود۔"

ترجمہ:- جو فقیر تمہارے گھر آئے تم اُس کے ساتھ ایسا طریقہ اختیار نہ کرو کہ اُس میں ویسی عادت قائم ہو جائے۔

روایت ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے ایک دفعہ روٹی ہاتھ میں پکڑ کر فرمایا کہ بندہ اور خدا کے درمیاں یہی پردہ ہے۔ (شواہد الولایت باب 36)

اہلِ فیض اور اہلِ ذوق اِس فرمان کی اہمیت جان سکتے ہیں کیونکہ یہ فرمان بہت سارے اسرار کا حامل ہے۔ تدبیرِ شخص، تدبیرِ منزل، سیاستِ مدن وغیرہ دنیا کے تمام کاروبار میں روٹی ہی کی حکومت پائی جاتی ہے۔ جھوٹ، چوری، مکر و ریا و قتل و جنگ و جدل تمام قبائح کا تعلق بھی اِسی سے پایا جاتا ہے۔ اگر روٹی کی ضرورت نہ ہوتی تو پھر دنیا میں کوئی حاکم ہوتا نہ محکوم، غاصب ہوتا نہ مغضوب۔ اِسی لئے اللہ تعالیٰ نے بعثتِ انبیاء، نزولِ صحائفِ الٰہیہ کو ضروری قرار دیا تاکہ اُن کے ذریعہ انسان کی رہبری کی جائے تم صرف روٹی کے لئے نہیں پیدا کیے گئے ہو۔ تمہاری عقل و تمیز اور تمہاری قوتِ اختیار اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتِ عظمیٰ ہے جس کی وجہ تم اشرف المخلوقات کا درجہ حاصل کر سکتے ہو۔ اُس نعمت کا صحیح استعمال یہ ہے کہ تم پابندِ احکام ہو جاؤ اور روٹی بھی احکامِ الٰہیہ کے تحت حاصل کرو۔

تقدیر کے پابند نباتات و جمادات ☆☆ مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند (اقبالؔ)

اگر صرف روٹی کو اپنا مقصد قرار دے لوگے اور تعلیماتِ الٰہیہ کو نظر انداز کر دوگے تو یہ عقل و تمیز اور قوتِ اختیار کا غلط استعمال ہو گا جو کفرانِ نعمت ہے اور روٹی ہی تمہارا اِلٰہ قرار پائے گا۔ اور یہ حیوانیت سے بھی گرا ہوا مقام ہے کیونکہ حیوان اگرچہ صرف رزق ہی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے ہیں لیکن اللہ کی تسبیح و تذکیر سے غافل نہیں۔

كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ تَسْبِيْحَهٗ ط (سورۃ النور۔41)

ترجمہ:- (زمین و آسمان میں کا) ہر ایک اپنی نماز اور اپنے طریقۂ ذکرِ الٰہی سے واقف ہے۔

ہر تخلیق و ایجاد کا ایک مقصد ہوتا ہے مثلاً ریل کے انجن کی ایجاد پر غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اِس کا مقصد صرف ایندھن نہیں کیونکہ ایندھن تو حصولِ مقصد کا معاون ہے نفسِ مقصد نہیں۔ اگر انجن کی مصروفیت صرف کوئلہ پانی فراہم کرنے کی حد تک محدود رہ جائے تو یہ ضروتِ ایجاد کے صریح مغائر بلکہ یقیناً باعثِ خسارہ ہو گا۔

اِسی طرح انسان اپنے ایندھن یعنی رزق کو صرف بقائے صحت و توانائی کا معاون سمجھے اور صحت و توانائی کا مقصد حقوق اللہ و حقوق العباد کی ادائی قرار دے کیوں کہ جس طرح حقوق اللہ ادا کرنا عبادت ہے اِسی طرح حقوق العباد ادا کرنا بھی عبادت ہے۔

عبادت بجز خدمتِ خلق نیست (سعدیؒ)

اِسی لیے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا:- "کسب و تجارت کی اجازت تو ہے لیکن اجازت کی خصوصیت یہ ہے کہ کاسب و تاجر کی نیت یہ رہے کہ عبادت کر سکے۔ اور احکام بجالانے اور ممنوعات سے بچنے کے لئے اِس میں قوت و توانائی رہ سکے۔ اور ڈرتا رہے کہ کہیں حرص و خیانت میں مبتلا نہ ہو جائے۔۔ الخ (روایت 62)

کائنات میں جو اللہ کے موجودات ہیں مثلاً زمین، سمندر، پانی، ہوا، ابر، بجلی، چاند، سورج وغیرہ ان کے اعمال و خصوصیات اور ان کے باہمی ارتباط پر غور و خوص کیا جائے تو اِس کا ایک مقصد انسان کے لئے رزق کی فراہمی بھی پایا جاتا ہے۔ اور یہ جدید ترقی یافتہ تحقیقات کا مسلمہ مسئلہ ہے اِس کی توضیح کی ضرورت نہیں۔

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک درکار اند ☆☆ تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخواری

ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمانبردار ☆☆ شرطِ انصاف نباشد کہ تو فرماں نہ بری (سعدیؒ)

یعنی ابر و ہوا چاند و سورج اور آسمان سب اپنے اپنے کام میں لگے ہوئے ہیں تا کہ تجھ کو ایک روٹی میسر آئے اور تو منعمِ حقیقی سے غافل رہ کر نہ کھائے اور یہ سب جب کہ تیرے ہی لیے سرگشتہ اور فرمانبردار ہیں۔ اور تو فرمانبردار نہ ہو تو یہ شرطِ انصاف

کے خلاف ہے۔

مقامِ غور ہے کہ انسان اپنی جدوجہد کو حصولِ رزق کا سبب سمجھتا ہے۔ حالانکہ یہ امر صرف اِن اسباب و وسائل کی حد تک محدود ہے۔ جو اُس کے اختیار میں ہیں اِس سے آگے بجز توکل کے چارہ نہیں ہوتا۔ مثلاً زمین، جو، تنا، تخم بونا۔ کسان کے اختیار میں ہے اور وہ اِس حد تک کوشش بھی کر لیتا ہے لیکن ہوا، پانی اور موسم کی موافقت وغیرہ اُمور اُس کے اختیار سے باہر ہیں اِس لیے قدرت ہی کی امداد کا بھروسہ کرنے پر مجبور ہوتا ہے جب یہ حقیقت ہے تو بعض مؤمنین کے قلوب، قدرت سے اِس درجہ وابستہ ہو جانا اور اِس درجہ نورِ یقین اُن میں جلوہ گر ہو جانا کہ اپنے حدودِ اختیار میں بھی قدرت پر بھروسہ فرض قرار دے سکیں کوئی حیرت و تعجب کی بات نہیں اور فضیلت کی خصوصیت بھی یہی ہے کہ حدود و اختیار ہی میں جذبۂ عشق و محبت کارفرما ہو جائے ورنہ مجبوری و معذوری کی حالت میں قدرت کی طرف توجہ کرنا تو ہر مجبور و غرض مند آدمی کا لازمہ ہے۔!!!

حاصلِ کلام یہ کہ روٹی کا مقصد بقائے صحت و توانائی ہے اور صحت و توانائی کا مقصد ذکر عباتِ الٰہی ہے تاکہ باطن کھل جائے اور انوار و تجلیات کے ظہور سے مشرف ہو سکے۔

ہر کہ کاہِ و جو خور و قرباں شود ☆☆ ہر کہ نورِ حق خور و قرآں شود (اقبالؔ)

بلکہ توکل کا اِس سے بھی بلند ترین مفہوم وہ ہے جو ذیل کی روایات میں بیان کیا گیا ہے کہ:-

بندگی میراں علیہ السلام فرمودند کہ توکل بر نان است آں توکل نیست کہ نانی را خدائے تعالیٰ وعدہ کردہ است۔ "وَمَامِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللهِ رِزْقُهَا۔۔الخ (سورۃ ہود۔6)" ایں وعدۂ خدا است اگر بوعدہ ایمان داری مومن ہستی و گرنہ کافر ہستی۔ (انصاف نامہ باب 6) فرمودند کہ توکل آنست کہ بر ذاتِ خدائے تعالیٰ توکل کنی و شب و روز دریں طلب باشی کہ کدام وقت خدائے تعالیٰ را بیابم (انصاف نامہ باب 6)

ترجمہ:- حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ توکل وہ نہیں ہے جو رزق کے لیے کیا جائے کیونکہ رزق کے متعلق تو خدائے

تعالیٰ نے وعدہ فرمایاہے کہ کوئی جاندار زمین و آسمان میں ایسا نہیں جس کا رزق خدا پر نہ ہو۔"یہ وعدہ خدا کا ہے اگر اِس وعدہ پر تو ایمان رکھے گا تو مومن ہے ورنہ کافر۔

اور فرمایا کہ توکل تو وہ ہے کہ خدا کی ذات کے لیے (خدا پر) بھروسہ کرے اور رات دن اِسی طلب میں رہے کہ کس وقت خدا کو پاؤں گا۔

اِس فرمان کا مطلب یہ ہے کہ رزق کی نسبت سے خدا پر بھروسہ کرنا بھی ایک گونہ غیر اللہ کی وابستگی کا حکم رکھتاہے اِس لیے اپنی فکر و توجہ اِس جانب سے بھی بے نیاز ہو کر صرف طلبِ مولیٰ میں محو و مستغرق ہو جانا چاہیئے۔

بر مقام خود رسیدن زندگی است ☆☆ ذات را بے پردہ دیدن زندگی است

مردِ مؤمن در نماز و با صفات ☆☆ مصطفیٰؐ راضی نہ شد الا بذات (اقبالؔ)

اللہ کی ذات سے وابستگی قائم رکھنے کے لیے امامنا علیہ السلام نے فتوح دینے اور لینے والے دونوں پر اللہ کا نام اور اِس کا خیال لازم قرار دیا ہے۔اِسی لیے جب تک اللہ کے نام سے کوئی چیز پیش نہ ہو قبول نہ کی جاتی تھی۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

اِنَّ رَبَّکَ هُوَاَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَاَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿117﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَاسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ ----الخ

(سورۃ الانعام 117-118)

ترجمہ:-بے شک ترا رب وہ ہے جو اُس شخص کو خوب جانتا ہے جو کہ اللہ کے راستے سے گمراہ کر دیتا ہے۔اور اللہ ان لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت کے راستے پر چلنے والے ہیں۔جس چیز پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہو وہ چیز کھاؤ۔اگر تم اللہ کی نشانیوں پر ایمان لائے ہو۔اور تمہارے لئے کیا ہے کہ وہ چیز نہ کھائیں جس پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہو۔

وَ لَا تَاْ كُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ اِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ (سورۃ الانعام-121)

ترجمہ:- اور وہ چیز نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام یاد نہ کیا گیا ہو۔ بے شک وہ فسق ہے۔

اِس آیت کو مفسرین و فقہاء نے اگرچہ ذبیحہ سے مخصوص کر دیا ہے یعنی جس حلال جانور کو ذبح کیا جائے اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے ورنہ اِس کو کھانا نہیں چاہیے۔ یہ تفسیر غلط نہیں ہے ہم بھی اِس کو تسلیم کرتے ہیں لیکن آیت میں جو مفہوم عام ہے اِس کو مقید کرنا " المطلق یجری علی اطلاقہٖ " کے مغائر سمجھتے ہیں کیونکہ آیتِ شریفہ میں " مِمَّا " آیا ہے جس کے معنی " جو چیز " ہیں اور یہ لفظ عمومیت پر دلالت کرتا ہے۔ اِس لحاظ سے ہر وہ چیز کھانے سے احتراز آیت کے حکم میں داخل ہو گا جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو۔ اور اِسی لیے ہر مومن کھانے سے پہلے بسم اللہ ضرور کہتا ہے۔ اور چونکہ حلال جانور بھی کھانے کے لیے ہی ذبح کرتے ہیں اِس لیے ذبح کے وقت بھی اللہ کا نام لیا جانا ضروری ہے۔ اور یہ اِس لیے بھی ضروری ہے کہ جو لوگ بت وغیرہ غیر اللہ کے نام پر جانور ذبح کرتے ہیں اُن کے مقابلہ میں اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ کوئی جانور ذبح ہو سکتا ہے تو صرف خالقِ برتر ہی کے لیے اور اُسی کے حکم کے تحت ذبح ہو سکتا ہے۔ قاعدہ ہے کہ عام میں خاص شامل رہ سکتا ہے لیکن خاص میں عام شامل نہیں رہ سکتا۔ اِس لیے جو حکم عام ہو اُس کو عام ہی رکھنا چاہیے اِس طرح کہ اگر کوئی خاص حکم داخل کرنا ہو تو داخل کیا جا سکے۔ حاصل یہ کہ مذہبِ مہدویہ کی رو سے فتوح دینے والے اللہ کے نام سے دیتے ہیں اور جب تک اللہ کا نام نہ لیا جائے لینے والے قبول نہیں کرتے۔ اِس کی وجہ حَسَنُ کو اہلِ ظاہر و اہلِ باطن دونوں جان سکتے ہیں۔ کیوں کہ یہ اُصولِ توکل کے لئے ضروری ہے تاکہ رازق و کفیلِ حقیقی پر سے طرفین کی نظر نہ اٹھنے پائے۔ اور دینے والے میں تفاخر یا کبر و غرور اور لینے والے میں غیر اللہ سے عجز و نیاز کا جذبہ نہ پیدا ہونے پائے۔

بندۂ حق بے نیاز از ہر مقام ☆☆ نے غلامِ اُو را نہ اُو کس را غلام

رسم و راہ و دین و آئیش زحق ☆☆ زشتؔ و خوبؔ و تلخ و نوشیؔ زحق (اقبالؔ)

غرض توکل کے بیان میں حصولِ رزق کے متعلق ادنیٰ سے ادنیٰ اور اعلیٰ سے اعلیٰ مدارج کا بیان ہوچکا اور یہ ہر ایک کے معیارِ ایمان اور قوتِ صبر و توجہ الی اللہ پر منحصر ہے۔ وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

☆☆☆☆☆

TAWKKUL

Roman: TAUZIH-E-RIWAYAT DAR BAYAN-E-TAWAKKUL

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ﴿2﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۚ﴿3﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ﴿4﴾ (سورۃ الانفال)

Translation: Be-shak Eiman wale wahi log hain ke jab Allah ka zikr kiya jaye to un-ke quloob dar-jate hain. Aur jab un-par Allah ki Aayaat padhi jati hain to woh Aayaat un-mo'mineen ka Eiman badha deti hain. Aur wob Mo'mineen apne Rab par Tawakkul karte hain. Woh log namaz qaem rakhte hain aur hum jo kuch rizq un-ko ata karein kharch karte hain. Yahi sab sachche Mo'mineen hain jin ke liey un ke Rab ke pas Martabe hain, Bakhshish hai aur Rizq-e-Kareem hai.

Tawakkul ko Mo'min ki Sifaat mein shumaar kiya hai aur kamal-e-Eiman ki tauzih ke liey "هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ" framaya hai. Tawakkul ke bhi Madarij hain jin ka ta'luq raast Eiman ke madarij se hai. Jaise Mua'rifat-e-Tawheed wa Eiman ke maratib mein tarraqi hoti jayegi waise hi noor-e-yaqeen mein izafaa hota jayega. Aor yahi Tawakkul ke madarij ke Irteqa' ki Illat hai aur har Mo'min ko us-ke darja-e-Eiman ke muta'biq Tawakkul ka daraja hasil hoga. Isi liey Allahu Ta'ala ne "لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ" farmaya hai.

Neez Allahu Ta'ala ne farmaya:

فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿159﴾ (سورة اٰل عمران)

Translation: Jab too azm karle to Allah par Tawakkul kar kuin-ke Allah Mutawakkilaun ko pasand karta hai. Neez farmaya hai:-

وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿23﴾ (سورة المآئدة)

Translation: Allah par bharosa karo agar tum mo'mineen ho.

Aur bahut si Aayaat hain jin se Tawakkul ki ahmiyat aur ta'keed sabit hai. Allahu Ta'ala ne jab Tawakkul ko Eiman ki shart qarar diya hai to phir Tawakkul Farz hojata hai khaw yeh kitna hi kam darje ka ho. Kuin-ke jin Ahkaam par husool-e-Eiman mawqoof ho un-ahkaam ki Ta'meel bi-zaroor Farz hogi. Isi liye Hazrat Mahdi AHS ne ba-Hukm-e-Khuda-e-Ta'ala har Mo'min ke liye Tawakkul Farz farmaya hai. Is ke Ilawa Rizq ke bare mein bhi Allahu Ta'ala ne bar wazeh farmaya ke wahi Raziq-e-Haqeeqi hai. Chand Aayaat yeh hain.

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿58﴾ (سورة الذّٰريٰت)

Translation:- Be shak Allah hi Razzaq hai Mazboot wa Mustahkan quwwat wala hai.

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا ۔۔ الخ (سورة هود-6)

Translation:- Duniya mein koi jandaar aiisa nahin jis ka Rizq Allah par na ho.

Jis tarha apne Khaliq hone ki Sifat ko ahmiyat se bayan farmaya hai usi tarha apne Razzaq hone ka bhi qawi yaqeen Mo'mineen ke quloob mein paida karne ki us ne koshish ki aor yahi haqeeqat bhi hai.

پالتا ہے بیج کو مٹی کی تاریکی میں کون ☆☆ کون دریاؤں کی موجوں سے اٹھاتا ہے سحاب

کون لایا کھینچ کر پچھم سے بادِ ساز گار ☆☆ خاک یہ کس کی ہے؟ کس کا ہے یہ نورِ آفتاب

کس نے بھر دی موتیوں سے خوشۂ گندم کی جیب ☆☆ موسموں کو کس نے سکھلائی ہے خوئے انقلاب

(اقبالؔ)

Garz Allahu Ta'aala hi Razzaq-e-Haqeeqi hai usi ki Zaat par Tawakkul Farz hai. Jis ki Ta'meel hasb-e-quwwat-e-Iman wa Noor-e-Yaqeen ki ja sakti hai. Asbaab wa tadbeer ikhtiyar kar ke Allah par Tawakkul karna ibtedaee darja hai. Ishq wa Muhabbat aor Zikr wa Fikr mein taraqqi se Tawakkul ke madarij mein bhi taraqqi hoti hai. Hatta ke asbaab par se nazar uth kar sirf Musabbib se wabasta ho jati hai. Tawakkul ka intehaee martab yeh hai ke apne tamaam zati Ka-robar ko Khuda par sonp de, Razi ba-Raza aor be-ikhtiyar ho jaye.

Chuna che Allahu Ta'aala ne Aan Hazrat SAWS ko Hukm diya tha ke:-

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ (سورۃ المزمل)

Translation:- Allah Mashriq wa Magrib ka Parwardigaar hai us ke siwa-e-koi Ilah nahin pas tu usi ko Wake-el bana le.

Aan Hazrat SAWS ki Seerat-e-Tayyiba ki Riwayaat shahid hain ke Aap SAWS ne Khuda-e-Ta'aala ki Ibadat wa Riyazat aor Tableegh-e-Deen ke liye apne ko waqif farma diya tha. Tijarat, Zira'at, Mulazimat waghaira Kasab-e-Maee'shat se mutalliqa omoor mein Aap SAWS ke awqaat sarf na hote the. Aap SAWS ke khas Sahaba RZ wa Ashaab-e-Sufa RZ ne bhi Aap SAWS ke Oswa-e-Husna ki pairawi ki hai aor Auliya' wa Sahiheen-e-Kiram RA ka tareeqa bhi yahi raha hai. Hazrat Mahdi AHS ne bhi Khuda ke Hukm se Tawakkul ko Farz qaraar diya aor us ke aala madarij tak rahbari farmaee.

ہمت ہو اگر تو ڈھونڈ وہ فقر ☆☆ جس فقر کی اصل ہے حجازی

اُس فقر سے آدمی میں پیدا ☆☆ اللہ کی شانِ بے نیازی

روشن اُس سے خرد کی آنکھیں ☆☆ بے سرمۂ بو علی و رازی

مومن کی اِسی میں ہے امیری ☆☆ اللہ سے مانگ یہ فقیری (اقبالؔ)

Tawakkul ke Baab mein Hazrat Mahdi AHS ne Halal aor Halal Tayyib ka jo nazuk farq dikhaya hai who Riwayat 73 mein mulaheza ho ke Aap AHS ne farmaya:- Bande ko Ikhtiyaar wa koshish se Shara' ke muafiq jo kuch hasil hota hai wo Halal hai. Laikin Halal Tayyib nahin. Halal Tayyib to who hai ke be-ikhtiyaar pahunch jaye aor Halal par Muhasiba hai, Halal Tayyib par Muhasiba nahin hai.

ما قال اللہ تعالیٰ :- كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿37﴾ (سورۃ اٰل عمران)

Translation:- Allahu Ta'aala farmata hai:- Jab kabhi Zakariya AHS Mariyam AHS ke pas ko-thari mei dakhil hote wahan Rizq majood pate. Unhuin ne kaha Aey Mariyam (AHS) yeh (Rizq) tumhare liye kis tarha pahunchta hai? (Mariyam AHS) ne jawab diya yeh Allah ke pas se (aata) hai, Be-shak Allahu Ta'aala jis ko chahta hai be-hisaab Rizq ata farmata hai. (Sura Aa-Imran-37)

Hazrat Rasoolullah SAWS ne farmaya ke jo cheez Halal ho us ka hisaab hoga aor jo Haram ho us par azab hoga, aor jo Tayyib ho who be-hisaab hai. (Ya'ni is ke bare mein pooch na hogi) Riwaya 73) aor Riwayat 74 mulaheza ho ke (aik dafa' aik shakhs) Khuda-e-Ta'aala (ke naam se) kuch bhaij diya. Sahaba RZ ne arz kiya ke yeh Halal Taiyyib hai. Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke Halal hai Halal Taiyyib nahin, kuin ke do teen roz qabl is ki khabar pahunch thi ke woh (shakhs) bhaijna chahta hai…Alkh. Aor Riwayat 146 mein tauzihi fiqrah bayan huwa hai ke "شرطِ توکل بربغتتہً است"

Ya'ni Dafatan be shan-wo-guman achanak jo pahunch jaye Halal Taiyyib hai aor Tawakkul ka Aala maqaam rakhta hai.

Aayaat wa Ahaadees se sabit hai ke Allahu Ta'aala ne Halal cheez-ein mahez Imtehan ke liye paida ki hain chuna che farmata hai:-

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿7﴾ وَ اِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ﴿8﴾ ط
(سورۃ الکھف)

Translation:- Roye zameen mein jo kuch hai us ko Hum ne zeenat ke liye banaya hai ta ke us ke zariye logaun ko janchein ke kawn un mein achcha amal karne wala hai. Aor Hum us ko (Mita ke Chattiyal Maidan bana dene wale hai.)

Isi liye Halal ko be-hisaab nahin samjha ja sakta us ki pooch barabar hogi.

فان حلالها حساب و حرامها عذاب (فردوس دیلمی حرف الف ماخوذ از کحل الجواہر)

Ya'ni duniya ka Halal Hissa qabil-e-hisaab hai aor Haram Hissa moojib-e-azab hai.

Riwayat hai ke Hazrat Umar RZ ko aik roz tishnagi huwe to Aap RZ ke liye shahed aor Thanda pani paish kiya gaya. Aap RZ ne us ko haath mein rakh liya aor nahin piya. Farmaya ke mujh se is ke hisaab ko door kar do. Duniya khaw thodi ho ya bahut aor Halal wa Haram sab kuch Maloon hai. Siwa-e- is ke jo Taqwa parhezgar-i mein madad de kuin ke is qadar duniya mazmoon nahin. Is se maloom huwa ke Taqwa wa parhezgar-i aor Tazki-e-nafs ke liye Tawakkul ki manzil mein Mo'min ko qalb ki taskeen zaroori hai.

وہی نگاہ کے ناخوب وخوب سے محروم ☆☆ وہی ہے دل کے حلال و حرام سے آگاہ

Riwayat 147 mulaheza ho ke Hazrat Bandagi Miyan Ilhadad Shaer RZ ne aik din kuch raqam Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS ki khidmat mein paish ki. Hazrat AHS ne farmaya ke yeh raqam apne pas rakho, Miyan Ilhadad RZ ne is ko apne pas Amanatan rakha kuch arsa ba'ad Hazrat Mahdi AHS

ne us raqam ko talab farmaya Miyan Ilhadad RZ ne usi waqt hazir kardi aor Hazrat Mahdi AHS ne sawiyat karadi. Miyan Ilhadad RZ ne kaha mein Fuqra' ki jama'at mein Murdar khawr huin.

Hazrat Bandagi Miyan Ilhadad Shaer RZ ke pas jo raqam thi Sawiyat ke waqt us raqam se un ko bhi hissa mila to iss par un ko khiyal guzra ke is se un ke Tawakkul wa Tazki-e-Nafs mein khalal huwa hai kuin ke mumkin hai ke Sawiyat se qabl is raqam ke Hasb-e-A'dat Sawiyat kiye

Jane aor un ko hissa mile ka khiyal guzra ho. Is liye inteha-e-ahtiyaat-e-Taqwa ki wajhe un ki zaban se yeh alfaz nikle ke "Fuqra' ki jama'at mein Murdar Khawr huin", Insaf Name ki aik Riwayat se aise amal ki taeed hoti hai:-

"Miyan Fareed Muhajir RZ se Riwayat hai ke Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke agar koi shakhs apne Hujre mein ho aor (kisi ke) Na'lain ki aawaaz sun kar us ke dil mein khiyal paida ho ke koi Futuh la raha hai to yeh Tawakkul ke khilaf hai. (Insaf Nama Baab 6) is lehaz se Hazrat Bandagi Miyan Ilhadad RZ ka amal Ta'leemaat-e-Imamuna AHS ke ain mutabiq ho ja ta hai.

Ustazi Maulana Muhammad Sa'adatullah Khan Sahib ne lafz-e-Murdar Khawr ki nisbat yeh khiyal zahir kiya ke mumkin hai yeh Sahu-e-Katib ho. Fil-Asl "Murde-Arakh Dar" hoga. "Arakh" hisaab wa kitab ko kahte hain aor Mare-Arakh-Dar ke ma'ni hisaab wa kitab rakhne wala aadmi. Wallahu Aalam.

ہے وہی تیرے زمانے کا امامِ برحق ☆☆ جو تجھے حاضر و موجود سے بے زار کرے

موت کے آئینے میں تجھکو دِکھا کر رخِ دوست ☆☆ زندگی تیرے لئے اور بھی دشوار کرے

دے کے احساسِ زیاں تیرا لہو گرما دے ☆☆ فقر کی شان چڑھا کر تجھے تلوار کرے (اقبالؔ)

Gharz Imamuna AHS ne Halal Tayyib ka Nukta jis andaz se samjha-ya aor Aap AHS ke muta'bieen ne is par jis darja amal kiya woh zail ki

Riwayat se wazeh hai. Riwayat 148 mulaheza ho ke Shaikh Sadruddin Sindhi RZ aadhi raat ki Hujre mein haath badah kar rotiyan rakh dete the ke kisi ko khabar tak na hoti thi ke kis ne rakha hai. Yeh waqiya do raat paish aaya. Taliban-e-Khuda ne Hazrat Mahdi AHS ki khidmat mein ba-halat-e-zaari faryaad ki ke Miranji AHS rahzani ho rahi hai. Hazrat AHS ne daryaft farmaya ke kiya ho raha hai? Arz karne lage ke do rataun se ye waqiya paish aa raha hai ke koi shakhs Hujre mein haath daraz kar ke Rotiyan rakh deta hai maloom nahin hota ke kawn shakhs hai. Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke Taliban-e-Khuda ko iza mat do! Ta ke dil Gairullah ki taraf mayal na hone paye. Faqr wo Faqa ke bawajood is khufiya Imdaad ka Zameer par Shaq Guzarna aor zari ki halat mein shikayat karna is baat ki badehi Daleel hai ke Ghairullah par nazar na rakhna, Halal Tayyib ki jo shart hai us ki hifazat ba-darja-e-atam un mein maujood thi.

Ta'leem-e-Tawakkul mein suwal se bachne ki bahut ziyada ahmiyat paee jati hai. Tark-e-Duniya ki bahes mein يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج (سورۃ البقرہ-273)

Aaya-e-Shareef ki tauzih ke tahet us ka bayan kiya ja chuka hai, Halat-e-Izteraar mein jab ke Haram ko Halal qaraar diya ja sakta hai us waqt bhi Imamuna AHS ne Mo'min ke sha'oor ko baidaar rakhne ki sa'ee farmaee hai chuna che aik Riwayat yeh bhi hai ke:-

باز فرمودند اگر متوکل باضطرار رسد بایں اشیائے مردار بخورد فاما سوال نکند (شواہد الولایت باب 33)

Translation:- Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke Mutawakkil Izteraar ki kaifiyat mein ho jaye to Murdar khaye laikin suwal na kare.
Safar-e-Khurasan ka us Chaudhwein Sadi Hijri ke suhulat bakhsh zamane mein jin logaun ko mauqa wa Tajraba hasil huwa ho bakhoobi Andazah karsakte hain ke Sade-char-sau (4500) saal qabl ke zamane mein kis qadar kathin safar hoga. Is par mazeed kaifiyat yeh ke be-zad-e-rah-ila safar, koi saaz-wo-saman nahin. Faqr-wo-Faqa ki halat mein un khatar-naak maqamaat ka safar tanha nahi, jama'at-e-kaseer mae Ahl-e-wo-Ayaal saath hai. Darakht ke pattaun par aksar guzarah ho raha hai laikin

safar barabar jari hai. Hamrahiyaun ki aali Himmat ka Andazah is waqiye se ho sakta hai ke Hazrat Miyan Yusuf RZ ke pair mein zakhm aagaye the raste mein aim maqaam par zakhm saf karne ke liye bait gaye. Qafilah guzar raha tha jab Imam AHS un ke qareeb se guzre to suwal kiya ke Miranji AHS "Mahdi-e-Mau'ood" ki jama'at par nehayat sakht wa kathin waqt jo aane wala hai woh kab aaye ga? Aap AHS ne farmaya who yahi waqt hai. Allah ke Fazl se tumhara Zarf bada hai is liye tum ko maloom nahin ho raha hai."

Neez aik Riwayat yeh bhi hai ke Safar-e-Khurasan mein aik maqaam par aik oonche tile par Aap AHS Chadh gaye. Peeche se Aap AHS ki jama'at jo chalee aarahi thi us ko mulaheza farmane lage jin mein aurtein, bachche, zaeef, mareez sab hi shamil the. Aap AHS par aik kaifiyat tari hogaee. Us waqt Aap AHS ne Bar-gaahe- Rabbul-Izzat se ilteja ki ke:-

"Aey Allah tu Hazir wa Nazir hai. Aleem wa Khabeer hai. Bande ke aor in logaun ke haal se ba-khoobi aagah hai ke is Bande ne us logaun ki koi mahboob cheez apne qabze mein nahin rakh lee hai, aor na in ko zar wa daulat dilane ka wada kiya hai ke jis ki wajhe yeh log is qadar mashaqqat par majboor huwe hon agar in ka mujh par koi Haq hai to yeh ke mein in ko tere Ishq wa Muhabbat aor teri Mua'rifat ka rasta dikha sakta hon. Isi waqt Farman-e-Aezadi huwa ke "Aey Syed Muhammad! Mein ne is jama'at ke sab chote badaun ke gunah Bakhsh diye hain. Tu un ko Iman ki Basharat de." Phir Aap AHS ne sab ko is Fazl-e-Aezadi par aagah kiya aor Iman ki Basharat ata farmaee.

Garz Dawa-e-Muakkad ke ba'ad ke taweel aor inteha darje sakht Aazmaesh-e-Aezadi ke zamane mein barha izteraar ki surat paish aaee, kaee Nufoos-e-Mutaharrah ne faqe se Jaam-e-Shahadat Nosh kiya laikin us waqt suwal ki ijazat dene ka koi waqiya Kutub-e-Naqliyaat mein nahin paya jata. Aap AHS ne sirf suwal hi ko Tawakkul ke munafi nahin qaraar diya balke Surat-e-Suwal se bhi sareeh taur par mana'a farmaya hai chunache Naqliyaat ki fehrist mein Bayan-e-Tawakkul ke tahet jo

Riwayaat hain un mein isi nukte ka pahloo shamil paya jata hai. aor Tawakkul ki hasb-e-zail Khusoosiyat ka ilm hota hai.

(1) Aik hi shakhs ki bar bar laee huwee Futuh par Ta'iyun ka Hukm la-gaya gaya aor lene se inkar kiya gaya mulaheza ho Riwayat 135.
(2) Daire mein Futuh jo rawana ki jati us mein ba'az Fuqra' ke liye ta 'dad agar makhsoos kardi gaee ho to us ko qabool na kiya gaya mulaheza ho Riwayat 149, 150, 151.
(3) Ahle Daire se koi shakhs kisi daulat-mand ke ghar jaye aor woh us ko kuch de ya us ke zarye Daire ke liye kuch bhijwaye tu us par Futuh ka Hukm aayad nahin kiya gaya aor Sahib-e-Daira ko qabool na karne ka Hukm diya gaya. Mulaheza ho Riwaya 72, 153
(4) Agar koi Daulat-mand Daire ke liye Futuh ya Ushr rawana karne ki Gharz se Daire ke kisi Faqeer ko le jane ki darkhawst karta to qabool na ki jati thi aor Fuqra' ko jane se mana' kiya jata tha. Mulaheza ho Riwayat 152-156
(5) agar koi sirf Rishta-e-Qarabat ki wajhe kuch deta us-mein Lillahi Gharz shamil na hoti to qabool nahin kiya jata tha. Mulaheza ho Riwayat 157
(6) Kisi Mahdavi tajir se is niyyat ke saath khareed-na ke who ria'yat-an kuch Zayad dega mamnoo' tha. Chunache Daire ke Mahdaviyaun ke ghar ba'az Fuqra' isi niyyat se Cha-Ch laye the mae bartan phaink di gaee. Mulaheza ho Riwayat 78
(7) Futuh ki tawaqqo aor us ka intezaar Ma'na-e-Tawakkul qaraar diya gaya. Mulaheza ho Riwayat 71
(8) Jo Allah de us ko kharch kare jama' rakhne ki koshish na ki jaye. Mulaheza ho Riwaya 136 jab ke Bibi Ilhadadi RZ wafat paein to us ki damani se sone ka aik tinka nikla. Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke garam kar ke un ki paishani par daagh do. Paighambar SAWS ny aisa hi kiya hai. Jab yeh khabar mash-hoor huwee to Miyan Syed Salamullah RZ jo ke qabar ki taiyyaari kar rahe the sun kar jald aagaye aor Qasmiyah kahne lage ke yeh tina Bibi RZ ka nahin hai balke Bibi Fatima RZ ka hai. Farmaya ke jis kisi ka ho us ke hawale kar do…Alakh Allahu Ta'aala farmata hai:-

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿34﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ
نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَ ظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾
(سورة التوبة)

Translation:- Jo log sone chandi ke khazane jama' karte hain un ko Khuda ki rah mein kharch nahin karte unhein Azab-e-Aleem ki basharat do. Jab ke yeh (Maal) Jahannam ki Aag mein garam kiya jaye ga aor is se un jama' karne walaun ke pahloo aor paishani-yaun apr pusht par dagh diye jaein ge. (Aor yeh kaha jaye ga) yeh wahi hai jo tum ne apni zataun Ke liye jama' kar rakha tha. Pas tum ne jo khazane jama' kiye the us ka mazah cha-ko. Is baab mein Ahaadees bhi hain chuna che Hazrat Rasoolullah SAWS ne farmaya:-

من ترک صفراء او بیضاء کوی بها و توفی رجل ترک فوجد فی مینزره دینار فقال کیة توفی أخر فوجد فی میزره دیناران متحال کیننان (تفسیر کبیر تحت آیتِ مذکورة الصدر)

Translation:- Jo shakhs sona chandi chod kar mar jaye us ko dagh diya jaye ga. Aik shakhs inteqaal kar gaya jaib mein aik dinar paya gaya. Aap SAWS ne farmaya aik dagh hai. Dosre ka inteqaal huwa us ke jaib mein do dinar paye gaye Aap SAWS ne farmaya do Dagh hai.

Imamuna AHS ne Tawakkul ke aala tareen martabe ki taraf rahbari farmaee hai jin Mo'minaun ko Lahooti Maqaam hasil ho who baghair Halal Taiyyib ke kisi aor tariqe wa tadbeer ke giza ko apne par Haram samjhte hain chunache Riwayat hai ke Imamuna AHS se kisi ne suwal kiya ke agar koi shakhs faqe par sabr na kr sake to kiya kare. Aap AHS ne farmaya mar jaye phir arz kiya gaya agar na karsake to kiya kare. Farmaya mar jaye phir arz kiya gaya Miranji AHS ! agar be-charah sabr karne ki tab wa tawan na rakhta ho to kiya kare. Farmaya Mar Jaye, Mar Jaye, Mar Jaye. (Riwayat 59)

Yeh wo aala martaba hai jis par pahunchne ke ba'ad Mo'min mar jana hi qabool karta hai laikin jaisa Tawakkul ke is maqaam ke martabe ke lehaz se hona chahiye is mein farq aane nahin deta.

اے طائرِ لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی ☆☆ جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی (اقبالؔ)

Ta'leemaat-e-Imamuna AHS mein jis tarha Aaliyat ke baland tareen maratib tak Irteqa' ki rah-numa-ee ki gaee hai isi tarha rukhsat ki had rakhne wale Ahkaam bhi maujood hain. Chunache Riwayat hai ke:-

"Muhajireen RZ ki majlis mein Miran Syed Muhammad Mahdi AHS se suwal kiya gaya ke agar koi (Faqeer) Khuda-e-Ta'aala par Tawakkul na

Kar sake aor halak hone ki naubat aaye to kiya kare? Aap AHS ne farmaya ke " jaye aor aik ya do chital (Takke) kasab kar ke khaye .. Alakh aor Riwayat 70 mulaheza ho jo Hazrat Shah Dilawar RZ se marwi hai ke Hazrat Mahdi AHS ne farmaya:- "Agar Khuda-e-Ta'aala tangi ke waqt Urs ke liye kuch ziyada bhaij de to us Ahle-Daire ke liye teen din ka kharch chalana chahiye kuin ke yahi Mustahiq-e-Futuh hain…alakh

Aap AHS ke nawase Hazrat Bandagi Miyan Syed Mahmood Syedanji Khatimul Murshideen RZ se mansoob Ahkaam-e-Rukhsat mein teesra Hukm yeh hai ke:- "راسا نیدۂ خدا دو وقت کردہ بخورید۔" **is se zahir hai ke yeh Hukm jo aap AHS ne jari farmaya us ki gunjaesh Ahkaam-e-Hazrat Mahdi AHS mein maujood thi aor Aap RZ ne jo farmaya Hukm-e-Mahdi AHS ke tahet farmaya hai.**

Riwayat 64 mulaheza ho ke Hazrat Syed Khundmir RZ ne farmaya:- Ahle Nafs farmaish chahte hai us se farmaish na karni chahiye phir farmaya ke do Bail aor Bandi is liye rakhi gaee hai ke biradaran-e-Daira ko zaroorat ke waqt suwal karne ki naubat na aane paye.

Is se zahir hai ke Ahkaam-e-Rukhsat mein bhi suwal ko jaez qaraar dene ki ria'yat majood nahin hai aor hoti bhi kaise jab ke khusoosan Dawa-e-Muakkad ke ba'ad halat-Izteraar mein bhi suwal ko jaez qaraar dene ki koi nazeer majood nahin. Gharz Qur'aan mein Faqeer ki Sifat-e-Ta'afuf ka bayan majood hai is ki Itteba' Faqeer ke liye lazim gardana gaya hai.

گرچہ باشی مور و ہم نے بال و پر ☆☆ حاجتے پیشِ سلیما نے میر (اقبالؔ)

Hazrat Bandagi Miyan Syed Mahmood Syedanji Khatimul Murshideen RZ ke amal se Tawakkul ki aik aor surat ka ilm hota hai who yeh ke Fuqra'-e-Daira kasibeen ke ghar nahin jate the un se dawat ki darkhawst is tarha ki jati thi ke woh apne jage par rahte aor khana khidmat mein pahuncha diya jata. Faragh hone ke ba'ad jo kuch bach rahta woh wapas kardiya jata tha. Agar aisi khusoosiyat ke baghair mutlaqan Allah ke naam se paish kiya jata to us surat mein hasb-e-Sawab-deed istemaal kiya Jata ya sawiyat ki jati thi. Chunache Riwayat ka khulasa yeh hai ke aik shakhs ne dawat ki darkhawst ki thi. Khana tayyaar kar ke Aap RZ ke makan par rawan kiya. Aap RZ ke bhateeje Miyan Syed Abdul Hai dastar par khane ke liye baith gaye aor Aap RZ ki dukhtar Aaji Bibi RZ pankha hilane baith gaein. Bibi RZ par ghashi taari ho gaee. Hazrat ne hosh mein lane ki koshish farmaee, Haram-e-Muhteram ne arz kiya ke aik luqma is bachchi ke halaq se kuin nahin utar dete. Teen din se is par Faqa hai. Aap RZ ne farmaya agar is khane ka luqma bachchi ke halaq 1 mein hota to halaq se nikal leta. Is ki aa'qibat ki bhalaee chahta huin is bachchi ke faqe ki badawlat tamaam Ahle Daira Allah Ta'aal ki ne'mataun se sarfaraz hon ge. Aor yeh bachchi bhi usi waqt kha sake gee. Aor jo khana ke bach gaya tha wapas kawa diya. (Tareekh-e-Sulaimani Gulshan 6 Chaman 3)

---

(1) Dawat ke khane ki khusoosiyat yeh hoti hai ke Dawati ko sirf khane ki had tak ikhtiyar diya jata hai malik nahin banaya jata is liye koi Dawati, is khane mein se kisi ko khud apne ikhtiyar se dene ka haq nahin rakhta. Isi liye Hazrat RZ ne dukhtar-e-naik ko nahin diya. Aor bacha huwa wapas farma diya. Is se yeh pahloo wazeh ho raha hai ke Ghair ki milk ka baghair ijazat kis darje mamnoo' ha is Ahtiyaat ki misaal woh waqiya bhi hai ke jab Zakat ke khajoor jama' huwe the aor Hazrat Imam-e-Husáin RZ ne jo us waqt kamsin thy khajoor munh mein dal li to Hazrat Rasoolullah SAWS ne dekh kar munh mein se woh khajoor nikal li thi. Isi tarha jab ke Hazrat Mahdi AHS ke pas Allahu Ta'aala ne angoor bhijwaye the Hazrat Miyan Haidar Muhajir RZ ne aik khosha Hazrat Miyan

Hameed RZ (Kamsin farzand Hazrat Mahdi AHS) ke haath mein de diya. Hazrat AHS ne farmaya yeh Faqeeraun ka haq hai unhein kui diya? Arz kiya Miranji! Muaf farmadijiye. Farmaya tamaam Faqeeraun se muafi chaho. Kaha jata hai aik dana jo Miyan Syed Hameed RZ ne munh mein dal liya tha apni Angusht-e-Mubarak se un ke munh se nikal liya. Riwayat 141.

Is ke ba'ad Sahib-e-Tareekh-e-Sulaimani ne likha hai ke is Riwayat se

Zahir hota hai ke Dawat ki darkhawst sirf Hazrat aor Hazrat ky bhateeje ki had tak thi phi Aap RZ wo khana dosraun ke liye kaise Kharasch karte. Is se zahir hai ke Hazrat Syed Mahmood RZ ka amal Aaliyat ki kaisi sakht sabr Aazma Manzil ka hamil tha. Yeh amr bhi qabil-e-ghaur hai ke Hazrat se khaya kaise gaya? Jab ke ghar wale aor dukhtar-e-naik par Faqa tha. Yeh itteba'-e-Sunnat mein ha-el na ho saka. Aor yeh baat bhi zahir ho rahi hai ke Aap RZ ne rukhsat ke jo ahkaam naa-fiz farmaye woh aane wale daur ke insanaun ke lehaz se hain ta ke har Mo'min apne darjaat-e-Iman ki had mein Farameen-e-Mahdi AHS se Istefaza kar sake aor Sidq-e-Dil se is ka yahi amal is ki taraqqi-aun ka Zariya ban jaye. Ba-taufeeq Allahu Ta'aala Dawanahul Ameen. بتوفیق اللہ تعالیٰ دعونہ العمیم۔

احوال و مقامات پہ موقوف ہے سب کچھ ☆☆ ہر لحظہ ہے سالک کا زماں اور مکاں اور (اقبالؔ)

Ba'az Riwayaat se kasibeen ke ghar par Dawat mein jane ka Hukm bhi paya jata hai laikin yeh rukhsat ki had mein hai Aaliyat to yeh hai ke na jaein chunache Riwaya 124 mulaheza ho ki Hazrat Miyan Lad Shah RZ rawi hain ke Mulk-e-Khurasaan mein Hazrat Mahdi AHS jama-e-Masjid se wapas tashreef la rahe the raste mein aik Khurasani ka makan tha us ne bar bar arz kiya ke Mehrbani farmaiye qadam-e-Sa'adat ghar mein le chal-iye. Aap AHS ne har bar yahi jawab farmay ke mu'af karo bahut minnat samajat ke ba'ad ba'az Sahaba RZ ko Aap AHS ne ijazat di ke tum jao. Yeh Hazraat gaye. Hazrat Miya Dilawar RZ nahin gaye. Hazrat Miyan Syed Salamullah RZ par bar-e-khatir huwa aor kahne lage ke Aap

RZ kuin nahin aaye. Hazrat Mahdi AHS ke Hukm ki ta'meel se Aap RZ baaz rahe hain. Hazrat Mahdi AHS ne apne Hujre se sar nikal kar farmaya ke jo log gaye hain meri ijazat se gaye aor jo log nahin gaye un huin ne bahut achcha kiya. Hasil yeh ke Ta'aleemaat-e-Hazrat Mahdi AHS mein Aaliyat aor Rukhsat dono hadaun par hawi Ahkaam maujood hain jo jis par chahe Hasb-e-Iste'dad wa quwwat amal karne ki koshish kare laikin Azeemat ko Awwaliyat hasil hai. Riwayat hai ke:-

بعضی کساں پیشِ حضرت میراں علیہ السلام عرض کردند کہ رخصت ہم دین است؟ بعدہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ دین عزیمت است۔ اگر از عزیمت باز ماند بافتد تا در رخصت ماند و اگر از رخصت بافتد تا کجا درماند۔

خیر القرون یعنی صحابہؓ و تابعین و تبع تابعین کے بعد یہ جماعت فقرائے کرام کی ہے جن کو سلسلۂ صحبتِ فیضِ تربیت دست بدست اور سینہ بسینہ حاصل رہتا ہے۔ اُن کی صحبت و تربیت میں رہ کر آدابِ عشق اور اعمالِ تقویٰ پر بآسانی کاربند ہو سکتے ہیں۔ اِسی لیے مذہبِ مہدویہ میں بیعت و صحبت کی بہت اہمیت و ضرورت بیان کی گئی ہے صاحبِ شواہد الولایت نے مرشد کی صحبت میں رہنے والوں کے لیے گیارہ آدابِ صحبت بیان کیے ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:-

(1) خواہ معمولی کام ہو یا اہم کام ہر حالت میں پیش دستی نہیں کرنی چاہیے۔

(2) بلند و تیز آواز سے بات نہ کی جائے۔ جیسے کہ اشتعالِ جذبات میں کی جاتی ہے۔

(3) سخن نرم نہ زیادہ آہستہ نہ زیادہ زور دار یعنی نہایت منکسرانہ و ملتجیانہ گفتگو کی جائے۔

(4) حجرہ یا قیام گاہ کے باہر ایسی آواز نہ کرے اور اِس طرح نہ پکارے کہ آداب کے خلاف ہو۔

(5) حکم نہ کریں کہ فلاں کام کیا جائے یا نہ کیا جائے۔

(6) بار بار سوالات نہ کرے۔

(7) ایمان کی محبت بڑھائے۔

(8) ایمان و احکامِ ایمان سے رغبت قائم کرے۔

(9) کفر سے اور

(10) برے کاموں سے اور

(11) نافرمانی سے احتراز کرے۔

آنحضرت ﷺ کی صحبت میں رہنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایسی ہی ہدایات فرمائی ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝1 (سورۃ الحجرٰت)

ترجمہ:- اے ایمان والو! اللہ اور اُس کے رسولؐ (کی اجازت) سے پہلے تم سبقت نہ کیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝2 (سورۃ الحجرات)

ترجمہ:- اے ایمان والو! تم اپنی آواز کو نبیؐ کی آواز پر بلند نہ کرو اور نہ اُن سے ایسے کُھل کر بات کرو جیسے کہ تم آپس میں ایک دوسرے سے کرتے ہیں (ورنہ) تمہارے اعمال حبط ہو جائیں گے اور تم نہیں جانتے ہو۔

اِنَّ الَّذِیۡنَ یُنَادُوۡنَکَ مِنۡ وَّرَآءِ الۡحُجُرٰتِ اَکۡثَرُہُمۡ لَا یَعۡقِلُوۡنَ ﴿4﴾ (سورۃ الحجرٰت)

ترجمہ:- جو لوگ تجھ کو (نبی ﷺ کو) حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں اُن میں اکثروں کو عقل نہیں ہے۔

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ فِیۡکُمۡ رَسُوۡلَ اللّٰہِ ؕ لَوۡ یُطِیۡعُکُمۡ فِیۡ کَثِیۡرٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ لَعَنِتُّمۡ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ حَبَّبَ اِلَیۡکُمُ الۡاِیۡمَانَ وَ زَیَّنَہٗ فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ وَ کَرَّہَ اِلَیۡکُمُ الۡکُفۡرَ وَالۡفُسُوۡقَ وَ الۡعِصۡیَانَ ؕ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الرّٰشِدُوۡنَ ﴿7﴾ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰہِ وَ نِعۡمَۃً ؕ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ﴿8﴾ (سورۃ الحجرٰت)

ترجمہ:- جان لو! تم میں اللہ کے رسولؐ موجود ہیں۔ بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ اگر وہ اُس میں تمہارا کہنا مانیں تو تم کو بڑی مضرت ہو گی۔ اور لیکن اللہ نے تم کو ایمان کی محبت دی ہے۔ اور تمہارے دلوں میں اُس کی رغبت پیدا کر دی ہے۔ اور تم کو کفر بدکاریوں اور نافرمانیوں سے نفرت دے دی ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل اور اُس کی نعمت سے بھلائی پانے والے ہیں۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

Roman Translation

Tauzih-e-Riwayaat dar Bayan-e-Sohbat-e-Saadiqan

Allah farmata hai:- یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوۡنُوۡا مَعَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿119﴾ (سورۃ التوبۃ)

Aey Mo'mino! Tum Khuda se daro aor Sadiqeen ke saath ho jao.

Ba'az Mufassireen ne Sahaba wa Muhajireen ki Sohbat murad li-hai. Halanke Aayat-e-Shareefa ke alfaz ka maf-hoom aam hai jis par Qiyamat tak amal hota rahega aor hona chahiye warna "Kunoo" ka maf-hoom-e-

istemrariyat baqi na rah sakega. Isi liye Sahib-e-Tafseer-e-Kash-shaaf ne likha hai ke:- هوالذی صدقوا نی دین اللہ نیۃ و قولا و عملا ۔(تفسیرِ کشاف)

jin logaun ko Khalifatullah ki Sohbat ka Sharf hasil huwa un-ki Sohbat-e-Sadiq, Zaat-e-Khalifatullah se mutaliq thi aor jin ko Sahaba wa Muhajireen ki Sohbat ka mauqa mila un-ke liye yahi Hazraat Sadiqeen ka Hukm rakhte the. Isi tarha taba'yeen wa taba' Taba'yeen per aor un ke ba'ad Qiyamat tak Saliheen wa Rashideen par Sadiqeen ka Hukm mutaabiq huwa aor hota rahega. Is ke alawah Aayat-e-Shareefah ke Hukm " اتَّقُوا اللّٰهَ **" Aor Gaur karna chahiye is ke ma'ani hain Allah se daro.**

Shauq ka ta'lluq munfiat se aor Khauf ka ta'lluq mazrat se huwa karta hai. Shauq aor Khauf yeh do aise jazbe hain jin mein zabt-e-nafs aor Rahbar ki pairawi zaroori hot hai warna hudood se mutajawiz ho jane ka Imkaan rahta hai jis ki wajhe Sirat-e-Mustaqeem par qaem nahin rah sakta. Maslan Namaz-e-Fajr ke jo Fazael bayan huwe hain un se agar kisi shakhs ka Jazba-e-Shauq ya Khauf is-darja mutasir ho ke is ko bajaye do2 Raka'at ke 4 char raka'at Namaz ada karne ki janib mayal karde to zahir hai ke is-ka yeh amal gumrahi ka ba'as ho jayega. Khusoosan Taquwa ka ta'lluq afa'l-e-quloob se hai is-liye Arbaab-e-Batin ki Sohbat is-ke liye zaroori hai. ta-ke Nazriyaat wa Tasawuraat wa A' qaed wa Aamaal mein Hudoodullah se tajawiz ya Qusoor na hone paye. Isi liye Allahu Ta'aala ne "اتَّقُوا اللّٰهَ**" ka hukm dene ke ba'ad hi "**كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ**" farmaya hai. Pas jis tarha Taquwa har Mo'min par Farz wa Lazim hai isi tarha Sohbat-e-Sadiqaan bhi Farz wa Lazim hai aor isi liye Hazrat Mahdi AHS ne Ba-Hukm-e-Khuda-e-Ta'aala Sohbat-e-Sadiqaan Farz farmaya hai.**

Allahu Ta'aala farmata hai:-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾ (سورۃ اٰل عمران)

Tarjuma:- Aey! Logo! Jo Iman la-chuke ho agar tum Ahl-e-Kitab se kisi fareeq ki Ittiba' ikhtiyar karoge to woh tumhare Iman ke bawajood tum ko kufr ki halat ki taraf phair deinge.

Is-se zahir hai ke buri Sohbat ka asar Mo'min ke Iman ko bhi mutasir kar sakta hai isi liye kaha jata hai ke:-

صحبتِ طالع تُرا صالح کُند ☆☆ صحبتِ طالع تُرا صالح کُند

دیں نہ گردد پختہ بے آدابِ عشق ☆☆ دیں بگیر از صحبتِ اربابِ عشق (اقبالؒ)

Aor Hazrat Mahdi AHS ne bhi farmaya ke:-

باجماعتے موافقت کنید کہ ذکرِ خدا در راہِ خدا آساں شود۔

Translation:- Aisi jama'at se muafiqat karo ke Zikr-e-Khuda Rah-e-Khuda aasan ho-jaye.

Khairul-Qroon yani Sahaba RZ wa Taba'yeen wa Taba-Taba'yeen ke ba'ad yeh jama'at ke Fuqra-e-Kiram ki hai jin ko Silsalah-e-Sohbat-e-Faiz-e-Tarbiyat dast ba-dast aor seena-ba-seena hasil rahta hai. Un ki Sohbat wa Tarbiyat mein rah kar Aadaab-e-Ishq aor Aamaal-e-Taquwa par ba-aasani karband ho-sakte hain. Isi liye Mazhab-e-Mahdavia mein Bai'yat wa Sohbat ki bahut ahmiyat wa zaroorat bayan ki gaee hai. Sahib-e- Shawahid-ul-Vilayat ne Murshid ki Sohbat mein rahne walaun ke liye (11) Aadaab-e-Sohbat bayan kiye hain jin ki Tafseel yeh hai. (1) Khawh ma'muli kaam ho ya ahem kaam har halat mein paish dasti nahin karni chahiye. (2) Baland wa taiz aawaz se baat na ki jaye. Jaise ke ishtia'l-e-jazbaat mein ki jati hai. (3) Sukhn narm na ziyada aahista na ziyada zore daar yani nehayat munkisaran wa multijiyana guftago ki jaye. (4) Hujreh ya Qiyam gah ke bahe aisi aawaz na kare aor is tarha na pukaare ke aadab ke khilaf ho. (5) Hukm na karein ke fulan kaam kiya jaye ya na kiya jaye. (6) Bar bar suwalaat na kare (7) Iman ki muhabbat badhaye. (8) Iman wa Ahkaam-e-Iman se raghbat qaem kare. (9) Kufr se aor (10) Bure kaamaun se aor (11) Na-farmani se ehteraaz kare.

Aan Hazrat SAWS ki Sohbat mein rahne walaun ke liye Allahu Ta'aala ne aisi hi Hidayat farmaee hain.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝1 (سورة الحجرٰت)

Translation:- Aey Iman walo! Allah aor us-ke Rasool SAWS (ki ijazat) se pahle tum sabqat na kiya karo aor Allah se darte raho be-shak Allah Sun-ne aor Jan-ne Wala hai.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝2 (سورة الحجرات)

Translation:- Aey Iman walo! Tum apni aawaz ko Nabi SAWS ki aawaz par baland na karo aor na un-se khul kar baat karo jaise ke tum aapas mein aik dosre se karte hain (warna) tumhare aamaal Habit ho jaeinge aor tum nahin jante ho.

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝4 (سورة الحجرٰت)

Translation:- Jo log tujhe ko (Nabi SAWS ko) Hujraun ke baher se pukaar te hain un-mein aksaraun ko aql nahin hai.

وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝7 فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝8 (سورة الحجرٰت)

Translation:- Jaan lo! Tum mein Allah ke Rasool SAWS maujood hain. Bahut si-baatein aisi hain ke agar woh us-mein tumhara kahna manein to-tum ko badi mazrat hogi. Aor laikin Allah ne tum ko Iman ki muhabbat di hai. Aor tumhare dilaun mein us-ki raghbat paida kardi hai. Aor tum ko kufr, bad-kaariyaun aor na-farmaniyaun se nafrat de-di hai. Yeh sab Allahu Ta'aala ke Fazl aor us-ke ne'mat se bhalaee pane wale hain. Aor Allah Jan-ne Wala Hikmat Wala hai.

☆☆☆☆☆

English Translation:

Company of the Truthful

Allah says, O believers! Be mindful of Allah and associate with the truthful."

Some of the commentators of Qur'aan say that The Truthful purports to mean the companions and the migrants. But the meaning of the Verse is general. People will continue to obey this command till the Day of Resurrection; and they should! Otherwise, the perpetuity of the command of the Arabic term, "Koonu", will not survive. Hence, the Qur'anic Commentator of "Tafsir-e-Kash-shaaf" writes:

هوالذی صدقوا نی دین اللہ نیۃ و قولا و عملا ۔(تفسیرِ کشاف)

"These are the same people who are truthful (Sadiqeen), in the religion of Allah, in their intentions (niyyat) and in their word and deed."

For those who were in the company of Khalifatullah (Mahdi) AHS), their Company of Truthful was related to Zaat-e-Khalifatullah (Mahdi AHS). And for the people who were in the company of his Vice-regents (Khulafah) or companions, the Vice-regents (Companions) were the Sadiqeen. Similarly, the term Sadiq or Sadiqeen has been applied and will continue to be applied to the Saliheen and Rashideen (the Truthful and the Rightly Guided) among the followers and the followers of the followers up to the Day of Resurrection. Besides, one should ponder over the command,

It means "Fear Allah." Shauq (Eagerness) is related to gain and Khauf (Fear) is related to damage. Shauq and Khauf (Eagerness and Fear) are

two feelings, which need to control the Nafs (Lust) and be guided by a Murshid (Spiritual Guide). Otherwise, there is the possibility of overstepping the limits. This may cause one to go astray from the right path. For instance, if a person were so overwhelmed with the described merits of the predawn prayers (Namaz-e-Fajr), that he begins to say four cycles (Raka'at) instead of the Obligatory two cycles (Raka'at), obviously this would be a cause of going astray. Particularly, the Taquwa (piety, fear of Allah and etc.) is related to the deeds of the heart. Hence, the company of the people of Immanence (Arbab-e-Batin) is necessary for a person to protect himself from erring in overstepping the limits in precepts, principles, meditation, beliefs and deeds. It is for this reason, that Allah has ordered Association with the Truthful immediately after the command, "Fear Allah" in the foregoing Quranic Verse. Hence, as fearing Allah is Obligatory on every Believer (Mo'min), the Company of the Truthful too is Obligatory on every Believer. It is for this reason that Hazrat Mahdi AHS made the Company of the Truthful also Obligatory on the Believers under the Command of Allah.

Allah says,

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾ (سورۃ اٰل عمران)

" O you who believe! If you listen to a faction among the people of the Book, they would indeed, render you apostate after you have believed!

This shows that bad company will affect the faith of a believer also. It is for this reason that it is said, "The companionship of the virtuous will turn you into a virtuous man and the company of an evil person will turn you into an evil person. Iqbal says, "Until a Muslaman does not adopt the way of Divine Love, his faith will not become perfect. The religion of Islam is the name of being in love with Allah and His Prophet SAWS. But the way of Divine Love cannot be achieved by reading books. It can be achieved only by remaining in the company of the Lovers of Allah. And Hazrat Mahdi AHS too has said, "Be in conformity (Muafiqat) with a group of

people so that the remembrance and the path of Allah become easy for you." After the companions of Hazrat Mahdi AHS, their followers and the followers of their followers, this group of people is the group of the Fuqara' (the indigent) who are in a silsilah (chain) of the companionship, bounty, Tarbiyat (Instruction, Initiation), and imparting of Divine) knowledge from hand to hand and from chest to chest (that is, from heart to heart). Remaining in the company and instruction (Tarbiyat) of such people, one easily learns the etiquette of Divine Love and pious deeds. It is for this reason that the chain of fealty (Bai'yat) and companionship is given great importance in the Mahdavia religion. The author of Shawahid ul-Vilayat has prescribed the following eleven items of etiquette for the people who intend to remain in the company of their Murshid (Spiritual Guide): (1) One should not take the initiative in doing any work, major or minor. (2) One should not talk in a loud or violent voice, as is done when in anger. (3) The speech should be soft, neither very low nor very high in tone. It should be humble and prayerful. (4) One should not call or say anything in a loud voice violating the etiquette just in front of the room or residence of the spiritual guide. (5) One should not order that something should or should not be done. (6) One should not ask questions often. (7) One should increase the love for Faith (Iman). (8) One should develop strong desire and esteem for Faith and its commandments. (9) One should avoid kufr (Infidelity). (10) One should give up evil deeds. (11) One should refrain from disobedience.

For the companions of Prophet Muhammad SAWS, Allah Most High has prescribed similar guidelines. They are:

(1) O you who believe! Do not put yourselves forward in presence /before Allah and His Messenger, and fear Allah. Indeed, Allah is All-Hearer, All-Knower. (49-1)

(2) O you who believe! Do not raise your voices above the voice of the Prophet SAWS, and do not shout/be loud when speaking to him as you

shout/loud to one another, lest your deeds become worthless while you do not perceive. (49-2)

(3) Indeed, those who call you (O Prophet SAWS) from behind the private chambers, most of them do not understand. (49-4)

(4) And know that the messenger of Allah is among you. If he were to obey you in much of the matter (government), you would surely be in trouble/difficulty, but Allah has endeared to you the Faith and has made it pleasing in your hearts, and has made hateful to you disbelief and defiance and disobedience/rebellion. Those are the guided ones. (49-7,8)

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیانِ ہجرت

آیات و احادیث میں ہجرت کی جو توضیحات ملتی ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ دین کی حفاظت کی خاطر ملکِ کفار یعنی دارالحرب سے دارالاسلام کی طرف چلے جانے سے یہ حکم مخصوص نہیں ہے بلکہ جہاں کہیں احکامِ دین پر عمل اور دین کی حفاظت اور اِس کا اظہار معتذر ہو تو اِس صورت میں بھی اپنے وطن کو چھوڑ دینا ہجرت کے حکم میں داخل ہے چنانچہ حدیثِ شریف ہے۔

من فربدينه من ارض الىٰ ارض وان كان شبرا استوجب له الجنة و كان فقيق ابيه ابراهيم و نبيه محمدؐ۔

ترجمہ:- حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے اپنے دین کی حفاظت کی خاطر کسی سرزمین سے دوسرے حصۂ زمین کی طرف راہ اختیار کی اگرچہ کہ ایک بالشت ہی (فاصلہ) ہو وہ جنت کا مستحق ہو گا۔ اور اپنے باپ ابراہیمؑ اور اپنے نبی محمدؐ کا رفیق رہے گا۔ (کیونکہ اِن دونوں نے بھی ہجرت کی تھی)

ہو قیدِ مقامی تو نتیجہ ہے تباہی ☆☆ رہ بحر میں آزادِ وطن صوتِ ماہی

ہے ترکِ وطن سنتِ محبوبِ الٰہی ☆☆ دے تو بھی نبوتؐ کی صداقت پہ گواہی

گفتارِ سیاست میں وطن اور ہی کچھ ہے ☆☆ ارشادِ نبوتؐ میں وطن اور ہی کچھ ہے (اقبالؔ)

اِس کے علاوہ قرآنِ مجید میں عمومیت کا مفہوم رکھنے والی آیات بھی ہیں مثلاً:-

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ ۔۔الخ (سورۃ اٰل عمران-195)

ترجمہ:-بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میرے (یعنی اللہ کے) راستہ میں ستائے گئے۔۔۔الخ

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ ۔۔الخ (سورۃ الحشر-8)

ترجمہ:-اِن فقرائے مہاجرین کے لئے ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال سے محروم کئے گئے۔

اِن آیتوں سے ظاہر ہے کہ مؤمنین پر قیامت تک ایسی صورتیں پیش آتی رہیں گی اور ہجرت و اخراج کا حکم عاید ہوتا رہے گا اور یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ از خود وطن چھوڑ دینے کو "ہجرت" کہتے ہیں اور جبراً نکالے جانے کو "اخراج"۔

لیکن مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے ہجرت کے حکم کو صرف دارالحرب سے دارالاسلام کی طرف جانے سے مخصوص کر دیا ہے۔اور تعلیماتِ امامناعلیہ السلام میں ہجرت کی جو اہمیت پائی جاتی ہے اِس پر بھی بہت سے اعتراض کیے ہیں۔اِس کے تفصیلی جوابات "سبل السویٰ" اور "کحل الجواہر جلد اول مطبوعہ" میں ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔اصل یہ کہ جب تعصب کو دین سے تعلق نہیں ہوتا ہے تو فکر و نظر پر نفسانی جذبات چھا جاتے ہیں جس کی وجہ حقایق تک رسائی ناممکن ہو جاتی ہے۔

تاریخِ اسلام کا جاننے والا ہر شخص تسلیم کرے گا کہ سب سے پہلے بعض صحابہؓ نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے حکم سے ملکِ حبش کی طرف ہجرت کی تھی حالانکہ اِس وقت وہ دارالاسلام نہ تھا۔اور خود حضرت رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ کی طرف جس وقت ہجرت فرمائی وہ دارالاسلام نہ تھا۔اِسی طرح ابتدائے اسلام سے آج تک جن لوگوں نے جن دینی اسباب کی بناء پر

ہجرت کیا اِس پر ہجرت کا اطلاق صحیح نہ ہو گا؟ حالانکہ کتبِ احادیث و سیر و تواریخ میں ہجرت کا اطلاق پایا جاتا ہے۔

اگر کہا جائے کہ حدیثِ شریف میں " لاهجرة بعد الفتح " آیا ہے یعنی فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے اِس لیے ہجرت کا حکم منقطع ہو چکا۔ تو یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ حکم " ہجرتِ مدینہ منورہ " سے مخصوص ہے اور فی الواقع فتحِ مکہ کے بعد مدینہ منورہ کو ہجرت کے اسباب باقی نہیں رہے تھے۔ چنانچہ تفسیرِ لباب التاویل میں لکھا ہے کہ :-

قال الحسن الهجرة غير منقطعة ويجاب من هٰذا بان المراد منه الهجرة المخصوصة من مكة الى المدينة فاما كن كان من المؤمنين فى بلد يخاف على اظهار دينه من كثرة الكفار وجب عليه ان يهاجر الىٰ بلدلا يخاف فيه على الظهار دينه ۔

ترجمہ :- حسن نے کہا کہ ہجرت غیر منقطع ہے اور اِس (لا هجره بعد الفتح) کا جواب یہ ہے کہ اِس (ممانعت) سے مکہ سے مدینہ کو ہجرت کرنا مخصوص ہے۔ لیکن ہر وہ مؤمن جو کسی ایسے شہر میں ہو جہاں کثرتِ کفار کی وجہ اظہارِ دین خوفناک ہو تو اِس کے لیے ایسے شہر کی طرف ہجرت کر جانا واجب ہے جہاں اظہارِ دین کی صورت میں خوف نہ ہو۔

ممانعتِ ہجرت کا حکم فتحِ مکہ کے بعد ہجرت بمدینہ منورہ سے مخصوص ہونے اور عام مومنین کے لیے دینی اسباب و اغراض کے تحت ہجرت کا حکم باقی رہنے کے ثبوت میں کتبِ تفاسیر و شروح احادیث و تصنیفاتِ اکابر علمائے اہلِ سنت کے اتنے کثیر اقوال ہیں کہ جن کو درج کرنا طوالت کا باعث ہو گا۔

قصۂ گویانِ حق زما پوشیده اند ☆☆ معنیِ ہجرت غلط فہمیده اند

ہجرت آئین حیاتِ مسلم است ☆☆ ایں زاسبابِ ثباتِ مسلم است

(اقبالؒ)

اولیائے کرام کے حالات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ تزکیۂ نفس یا صحبتِ کاملین سے استفادہ یا اشاعتِ دین کی غرض سے اپنے وطن کو چھوڑ کر نکل جانا بھی ہجرت میں داخل ہے۔ جب کہ تعلیم اسلام میں ہجرت کی عمومیت اور اِس کی اہمیت موجود ہے تو

حضرت مہدی علیہ السلام کی تعلیمات میں اِس کی اہمیت کا پایا جانا، قابلِ اعتراض کیسے ہو سکتا ہے؟ حق تو یہ ہے کہ اگر ہجرت کی تعلیم اور اِس کی اہمیت نہ پائی جاتی تو یقیناً دعویٰ مہدیت کی صداقت متاثر ہو جاتی!!!

صاحبِ تفسیرِ مدارک نے آئیہ شریفہ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا۔الخ(سورۃ اٰل عمران۔195) کے تحت لکھا ہے کہ:-

كانه قال فالذين عملوا هذه الاعمال السنيئة الفائقة وهى المهاجرة عن اوطانهم فارين الى الله بدينهم الىٰ حيث يامنون عليه فالهجرة كائنة فى اٰخر الزمان كم كانت فى اول الاسلام۔

ترجمہ:- گویا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ جن لوگوں نے یہ بلند و برتر اعمال کیے ہیں اور وہ مہاجرت ہے اپنے وطنوں سے یعنی اللہ کے لیے اپنے دین کی حفاظت کی خاطر ایسے مقام کو بھاگ جاتا ہے جہاں اُن کو امن حاصل ہو پس آخری زمانے میں ہجرت اِسی طرح ہونے والی ہے جس طرح کہ ابتداء اسلام میں ہوئی ہے۔

یہاں آخر زمانہ سے زمانۂ مہدیٔ موعودؑ مراد ہے۔ اور جب کہ خود حضرت امامنا علیہ السلام ہجرت فرما رہے ہوں تو ایسی صورت میں آپؑ کی تصدیق سے مشرف ہونے والوں میں جو لوگ آپؑ کی صحبت سے مستفیض ہونے کے لیے آپؑ کے ساتھ ہو گئے ہوں اُن کا درجہ اُن مصدقین پر فائق ہونا لازم ہے جو اپنے اپنے گھروں میں بلا عذرِ دینی بیٹھے رہے ہوں۔ روایت (111) ملاحظہ ہو کہ:-

"حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص صبح میں ہجرت کر کے دائرہ میں آچکا ہو وہ اُس شخص کا مرشد ہے جو شام میں آیا ہو کیونکہ سابق، مسبوق کا امام ہوتا ہے۔"

اور روایت (95) ملاحظہ ہو جو حضرت بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ کی طرف منسوب ہے کہ آپؑ نے اپنے رسالۂ عقیدۂ شریفہ میں بیان فرمایا ہے جسے حضرت بندگی میاں عبدالرشید رضی اللہ عنہٗ نے بھی درج کیا ہے:-

"میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا اور رسالۂ عقیدۂ شریفہ میں لکھا ہے کہ جس نے مہدیؑ کو قبول کیا اور آپؑ کی صحبت

سے باز رہا اس کی نسبت حضرت مہدی علیہ السلام نے آیت لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ۔ ۔الخ (سورۃ النسآء۔95)

(یعنی مومنین سے جو غیر اولی الضرر قاعدین ہیں وہ برابر نہیں ہیں مومنینِ اولی الضرر کے) کی رو سے منافقی کا حکم بیان فرمایا ہے اس آیت کا حاصل معنی یہ ہے کہ "مجاہدین" اولی الضرر پر ایک مرتبہ کی فضیلت رکھتے ہیں اور غیر اولی الضرر پر کئی مراتب کی فضیلت رکھتے ہیں۔ پس ان لوگوں کو درجات کے بجائے خسارات ہوں گے اور مغفرت کے بجائے عذاب ہو گا اور قاعدینِ غیر اولی الضرر کا جو حکم ہے ظاہر ہے۔"

اِس روایت میں جس آیت پر سے استدلال کیا گیا اُس کے متعلق مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے اعتراض کیا ہے کہ اِس سے مہدیؑ اور اُن کے صحابیؓ سید خوندمیرؒ کی قرآن فہمی معلوم ہوتی ہے کیوں کہ اِس آیت میں جہاد سے متعلق ذکر ہے۔(ملخص بہ ہدیۂ مہدویہ)

قرآن فہمی تو بہت بڑی بات ہے خود مولفِ ہدیہ اِس روایت کی عبارت فہمی سے قاصر نظر آرہے ہیں کیونکہ اِس میں آئیہ شریفہ کے بعد ہی یہ الفاظ ہیں!!

حاصل معنی آنست که مجاہداں بر اولی الضرر بیک مرتب فاضل اندا۔۔ الخ یعنی اِس آیت کا مطلب یہ ہے کہ مجاہدین اولی الضرر پر ایک مرتبہ سے فاضل ہیں۔۔الخ(روایت 111)

اِس سے ظاہر ہے کہ یہ آئیہ شریفہ مجاہدین سے متعلق ہونا خود روایت میں توضیحاً مذکور ہے۔ البتہ اِس روایت میں جو نکتہ بنائے استدلال ہے اُس کو "مولفِ ہدیہ" کا ذہن اخذ نہ کر سکا معترضانہ جذبات کے تلاطم میں غرق رہا ہے۔

علمائے اسلام پر یہ امر مخفی نہیں کہ جہاد بالسیف کو جہادِ اصغر اور جہاد بالنفس والشیطان کو جہادِ اکبر تسلیم کیا گیا ہے۔ اور اِس کا ثبوت خود اِسی آئیہ مذکور الصدر کے مضمون میں موجود ہے۔ چنانچہ صاحبِ تفسیرِ بیضاوی نے اِس آیت کے تحت لکھا ہے کہ:-

وقیل المجاهدون الاولون من جاهد الكفاروالآضرون من جاهدنفسه و عليه قوله صلعم رجعنا من الجهادالاصغرالیٰ جهاد الاكبر۔

ترجمہ:- اور کہا گیا ہے کہ (آئیہ مذکورہ میں) پہلے مجاہدین کفار سے جہاد کرنے والے ہیں اور دوسرے مجاہدین وہ ہیں جو اپنے نفس سے جہاد کرتے ہیں اور اُس رسول اللہ ﷺ کا فرمان دلیل ہے کہ (آپؐ نے فرمایا) ہم نے جہادِ اکبر کی طرف رجوع کیا ہے۔

جہادِ اکبر میں ہجرت بھی داخل ہے جب کہ اغراض و اسبابِ دینیہ کے تحت ترکِ وطن ضروری ہو تو اس کو چھوڑ دینا، جہارِ اکبر کے لوازم سے خارج ہر گز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وطن کی محبت "اِلہ" بن کر حائل ہوتی محسوس ہو تو عشق و محبتِ الٰہیہ اور اقرارِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا لازمہ ہے کہ اِس "اِلہ" کو ترک کر دیا جائے۔ اِسی لئے اس روایت میں آئیہ مذکورہ سے استدلال کیا گیا ہے۔

جنگِ مومن چیست؟ ہجرت سوئے دوست ☆☆ ترکِ عالم اختیار کوئے دوست (اقبالؒ)

جہادِ اکبر میں ہجرت کا جو پہلو شامل ہے اور ہجرت میں (ترکِ ماسوی اللہ) میں ظاہری و باطنی خصوصیات جو موجود ہو سکتی ہیں، حضرت مہدی علیہ السلام کی تعلیمات میں وہ سب اُمور داخل ہیں۔ چونکہ آئیہ شریفہ:-

لایستوی القاعدون۔۔الخ کے پورے مضمون میں جہادِ اکبر کی خصوصیت بھی موجود ہے جس کو مفسرین نے بھی تسلیم کیا ہے۔ اِسی نکتہ کی بناء پر روایتِ مذکور الصدر میں اس آیت سے استدلال کیا گیا ہے جو بالکل صحیح ہے۔ اِس نازک تفہیم کو قرآن فہمی کے خلاف کہنا خود معترض کے مقامِ علم کا مظہر ہے۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر ☆☆ مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر (بھرتری ہری)

آیت زیرِ بحث کے بعد یہ آیت بیان ہوتی ہے:-

اِنَّ الَّذِیۡنَ تَوَفّٰىهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ قَالُوۡا فِیۡمَ كُنۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا كُنَّا مُسۡتَضۡعَفِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ قَالُوۡۤا اَلَمۡ تَكُنۡ اَرۡضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوۡا فِیۡهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتۡ مَصِیۡرًا ﴿95﴾ (سورۃ النسآء)

ترجمہ:- ملائکہ نے جن لوگوں کو (اس حالت میں) جانیں قبض کیں کہ وہ (کافروں میں پڑے رہ کر) اپنی ذاتوں پر ظلم کر رہے ہیں انھیں (ملائک نے) کہا تم کس حالت میں تھے وہ کہیں گے ہم بے بس (مجبور و کمزور) تھے۔ (ملائکہ) کہیں گے کیا اللہ تعالیٰ کی زمین وسیع نہیں تھی کہ تم اِس میں کسی طرف ہجرت کر جاتے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے۔

یہ آیت منافقین کے بارے میں ہے جس میں ترکِ ہجرت کی سزا دوزخ قرار دی گئی ہے۔ اِس لیے ہجرت اختیار کرنا از روئے اصول، فرض ہوا۔ اِسی لیے حضرت مہدی علیہ السلام نے ہجرت کو بحکمِ خدا فرض فرمایا ہے۔ جس میں ظاہری و باطنی دونوں خصوصیات شامل ہیں۔ اگر ترکِ مقام کے اسباب لاحق ہوں تو ترکِ مقام کیا جائے ورنہ "ترکِ دنیا" جو ترکِ شرکِ خفی و ترکِ خودی ہے یہ بھی سفر باطنی کا حکم رکھتی ہے جو ایک حیثیت سے باطنی ہجرت میں داخل ہے۔ اِسی طرح مرشد کی صحبت سے مستفیض ہونے کے لیے گھر چھوڑ کر مرشد کی خدمت میں جا کر رہ جانا بھی ہجرت میں داخل ہے۔

حضرت بندگی سید محمود سید نجی خاتم المرشدینؒ نے جو فرمایا:- "ہر جا کہ امن و آرام بیابید دائرہ بستہ بمانید" (یعنی جہاں کہ اتباعِ دین میں امن و آرام پاؤ وہاں دائرہ بندی کر کے سکونت اختیار کرو۔) حضرت کا یہ حکم، احکامِ رخصت میں داخل ہے۔

امامنا علیہ السلام کی تعلیمات میں ہجرتِ ظاہری کے احکام کے سوائے ہجرتِ باطن کی تعلیم بھی پائی جاتی ہے۔ اور یہ جہادِ اکبر کا اعلیٰ ترین مقام ہے۔ روایت (268) ملاحظہ ہو کہ:- اس میں سفر باطنی کا جو ذکر ہے اس سے باطنی ہجرت مراد ہے۔ جو ترکِ خودی اور ترکِ ماسوی اللہ سے متعلق ہے۔ اِس کے بغیر اطلاقیت حاصل نہیں ہو سکتی جو دیدارِ الٰہی کی ضروری شرط ہے۔

قرآنِ مجید میں "لَنْ تَرٰنِیْ" کا جو واقعہ ہے وہ بھی اس بات کا شاہد ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے "لَنْ تَرٰنِیْ"، (تو مجھے دیکھ نہ سکے گا) جواب جو ملا اِس کی یہی وجہ ہے کہ آپؑ کا سوال دوئی و غیریت کی خصوصیات کا حامل تھا کہ "رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ" (اے میرے رب) تو مجھے نظر آ تا کہ میں تجھ کو دیکھ لوں)

اِس سوال میں اُصول تنزیہ باری تعالیٰ سے مغائر وہی اُمور موجود ہیں جن کی بناء پر معتزلہ وغیرہ نے دیدارِ الٰہی کے جواز سے انکار کیا اور اِسی لیے اللہ تعالیٰ نے اِس سوال کو رد فرمادیا کیونکہ دیدارِ الٰہی کو اِن شرائطِ رویت سے کوئی نسبت ہی نہیں جو مادی اجسام سے تعلق رکھتے ہوں طلبِ دیدارِ خدا کی توضیح میں ہم نے اِس مسئلہ پر بحث کی ہے ملاحظہ ہو صفحہ (تا)

ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ خود حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی اس سوال میں ذاتی طور پر غلطی سرزد نہیں ہوئی بلکہ اس سوال سے مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے وجود و توحید اور اس کی تنزیہی شان سے واقف کرنا مقصود تھا۔ اور بتلانا تھا کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کے لیے وہ اطلاقیت اور وہ نظر عطا ہونے کی ضرورت ہے جس سے اس کا دیدار ممکن ہے اس کے بغیر صرف ان محدود نظروں سے محدود حیثیت میں اس کو دیکھنا محال ہے۔ اِسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی ستارے، چاند و سورج کے زوال پذیر ہونے پر تمثیلی استدلال کے طور پر خدائے تعالیٰ کی خصوصیات سمجھائی تھیں ورنہ فی الحقیقت

چاند و سورج کو خدا تصور کر لینا شانِ نبوت و خلافت کے سراسر منافی ہے۔ اور جیسا کہ ہم نے آیتِ شریفہ "اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ" کے تحت بتلادیا ہے کہ بغیر ولایت کے نبوت حاصل نہیں ہو سکتی اس سے معلوم ہوا کہ ہر نبی و رسول کو فیضِ ولایت حاصل رہتا ہے۔ اِس کے یہ معنی ہیں کہ معرفتِ وجود و توحید کے مقام میں اس کا مرتبہ بحیثیتِ معصوم عن الخطا بہت بلند ہوتا ہے جس کا مرتبہ بر معرفت اس قدر ارفع و اعلیٰ ہو وہ غیر اللہ کو "اِلٰہ" کسی لمحہ بھی قرار نہیں دے سکتا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سوال اور اس کا جواب اور اِس کے بعد کے واقعات یہ سب اللہ تعالیٰ کی تنزیہ شان کی طرف رہبری کرتے ہیں۔ اِس کے بر خلاف نَعُوۡذُ بِاللّٰہ حضرت کے ذاتی نقص و عدم صلاحیتِ دیدار یا آپؑ کے سوال میں آپؑ کی ذاتی غلطی یا اِس سوال و جواب سے نفس مسئلہ دیدارِ الٰہی کی نفی پر استدلال کرنا اصولِ اسلام، انبیاء علیہ السلام کے بالکل مغائر ہے۔ غرض سفر باطنی یا ہجرتِ باطنی کا منتہا فنا و دیدار سے مشرف ہونا ہے۔

☆☆☆☆☆

Roman Translation

Tauzih-e-Riwayaat dar Bayan-e-Hijrat

Aayaat wa Ahadees mein Hijrat ki jo Tauzihaat milti hain un se maloom hota hai ke Deen ki hifazat ki khatir Mulk-e-Kuffar yani Dar-al-Harab se Dar-al-Islam ki taraf chale jane se yeh hukm makhsoor nahin hai balke jahan kahein Ahkaam-e-Deen par amal aor Deen ki hifazat aor is-ka izhar mua'riz ho to is surat mein bhi apne watan ko chode-dena Hijrat ke Hukm mein dakhil hai chuna che Hadeese-Sareef hai.

من فربدینه من ارض الیٰ ارض وان کان شہرا استوجب له الجنة و کان فقیق ابیه ابراهیم و نبیه محمدؐ۔

Translation:- Hazrat Rasoolullah SAWS ne farmaya ke jis shakhs ne apne Deen ki hifazat ki khatir kisi sar-zameen se dosre Hissa-e-Zameen ki taraf raah ikhtiyat ki agarche ke aik balisht hi (faslah) ho woh Jannat ka mustahiq hoga. Aor apne baap Ibrahim AHS aor Nabi Muhammad SAWS ka rafeeq rahe ga. (Kuin ke in dono ne bhi Hijrat ki thi)

ہو قیدِ مقامی تو نتیجہ ہے تباہی ☆☆ رہ بحر میں آزادِ وطن صوتِ ماہی

ہے ترکِ وطن سنتِ محبوبِ الٰہی ☆☆ دے تو بھی نبوتؐ کی صداقت پہ گواہی

گفتارِ سیاست میں وطن اور ہی کچھ ہے ☆☆ ارشادِ نبوتؐ میں وطن اور ہی کچھ ہے (اقبالؔ)

Is ke ilawah Qur'aan-e-Majeed mein omoomiyat ka mafhoom rakhne wali aayaat bhi hain maslan:-

فَالَّذِیۡنَ هَاجَرُوۡا وَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِیَارِهِمۡ وَ اُوۡذُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِیۡ ۔۔الخ (سورۃ اٰل عمران-195)

Translation:- Be shak who log jo Iman laye aor Hijrat ki aor apne Gharaun se nikale gaye aor mere (Yani Allah ke) raste mein sataye gaye….Alakh

لِلۡفُقَرَآءِ الۡمُهٰجِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِیَارِهِمۡ وَ اَمۡوَالِهِمۡ ۔۔الخ (سورۃ الحشر-8)

In Fuqara'-e-Muhajireen ke liye hai jo apne Gharaun aor apne amwaal se maroom kiye gahye.

In Aayataun se zahir hai ke Mo'mineen par Qiyamat tak aisi suratein paish aati raheinge aor Hijrat wa Ikhraan ka Hukm aayad hot rahega a aor yeh bhi maloom horaha hai ke az khud Watan chor dene ko Hijrt kahte hain aon jabran nikale jane ko Ikhraj.

Laikin Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne Hijrat ke Humk ko sirf Dar-al-Harb se Dar-al-Islam ki tarf jane se makhsoos kar diya hai. Aor Taleemat-e-Imamuna AHS mein Hijrat ki jo ahmiyat paee jati hai is-par bhi bahut se aeteraaz kiye hain. Is ke Tafseeli jawabaat "Sablus-Sawa" aor "Kohlull-Jawaher" jild Awwal matbua mein mulaheza kiye jasakte hain. Asl yeh ke jab ta'asub ko Deen se ta'aluq nahin hota hai to fikr wa nazar par nafsani jazbaat cha-jate hain jis ki wajhe Haqaeq tak rasaee na-mumkin ho jati hai.

Tareeq-e-Islam ka jan-ne wala har shakhs tasleem karega ke sab se pahle ba'az Sahaba RZ ne Hazrat Rasoolullah SAWS ke Hukm se Mulk-Habash ki taraf Hijrat ki thi halanke is waqt woh Dar-al-Harb na tha. Aor khud Hazrat Rasoolullah SAWS ne Madina Munawwar ki taraf jis waqt Hijrat farmaee woh Dar-al-Isllam na tha isi tarha Ibteda-e-Islam se aaj tak jin logaun ne jin Deeni asbaab ki bina par Hijrat kiya us-par Hijrat ka itlaaq sahi na hoga? Halanke Kutub-e-Ahaadis wa Sair wa tawareekh mein Hijrat ka Itlaaq paya jata hai. Agar kaha jaye ke Hadees-e-Shareef mein " لاهجرة بعد الفتح aaya hai yani Fath Makka ke ba'ad Hijrat nahin hai is liye Hijrat ka Hukm munqate hochuka to yeh sahih nahin hai kuinke yeh hukm "ہجرتِ مدینہ منورہ" se makhsoos hai aor fil-waqay Fath Makka ke ba'ad Madina Munawwara ki Hijrat ke asbaab baqi nahin rahe the. Chunache Tafseer-e-Lubaab ut-Taweel mein likha hai ke:

Translation:- Hasan ne kaha ke Hijrat Gair Munqate hai aor is

(لا هجرة بعد الفتح)

Ka jawab yeh hai ke is (muma'niyat) se Makkah se Madina ko Hijrat karna makhsoos hai. Laikin har who Mo'min jo kisi aise shaher mein ho jahan kasrat-e-kuffar ki wajhe izhaar-e-Deen khaufnaak ho to is ke liye aise shaher ki taraf Hijrat kar jana wajib hai jahan izhaar-e-Deen ki surat mein khauf na ho. Mumaniyat-e-Hijrat ka Hukm Fateh Makkah ke ba'ad ba-Madina Munawwara se makhsoor hone aor a'am Mo'mineen ke liye Deeni Asbaab wa aghraaz ke tahet ka Hukm baqi rahne ke saboot mein kutub-e-Tafasir wa Sharooh Ahaadees wa tafseelat-e-akabir-e-Ulama-e-Ahl-e-Sunnat ke itne kaseer aqwaal hain ke jin ko darj karna tawalat ka ba'as hoga.

قصۂ گویانِ حق زما پوشیدہ اند ☆☆ معنیِ ہجرت غلط فہمیدہ اند

ہجرت آئین حیاتِ مسلم است ☆☆ ایں زاسبابِ ثباتِ مسلم است

(اقبالؒ)

Awliya-e-kiram ke halaat se yeh bhi maloom hota hai ke Tazki-e-Nafs ya Sohbat-e-Kamileen se istefadah ya Isha'at-e-Deen ki garz se apne watan ko chod-kar nikal jana bhi Hijrat mein dakhil hai. Jab ke ta'leem-e-Islam mein Hijrat ki omoomiyat aor is ki ahmiyat maujood hai to Hazrat Mahdi AHS ki ta'aleemaat mein is ki ahmiyat ka paya jana, qabil-e-eteraaz kaise ho sakta hai? Haq to yeh hai ke agar Hijrat ki ta'aleem aor is-ki ahmiyat na paee jati to yaqeenan Dawa-e-Mahdiyat ki Sadaqat mutasir hojati!!!

Sahib-e-Tafseer-e-Mudarik ne Aayat-e-Sharifa

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا۔۔الخ(سورۃ اٰل عمران۔195)

Ke tahet likha hai ke:-

كانه قال فالذين عملوا هذه الاعمال السنيئة الفائقة وهى المهاجرة عن اوطانهم فارين الى الله بدينهم الىٰ حيث يامنون عليه فالهجرة كائنة فى أخر الزمان كم كانت فى اول الاسلام۔

Translation:- Goya ke Allah ne farmaya hai ke jin logaun ne yeh baland wa bartar aamaal kiye aor woh muhajirat hai apne watanaun se ya'ni

Allah ke liye apne Deen ki hifazat ki khatir aise maqam ko bhaag jata hai jahan un ko aman hasil ho pas aakhiri zamane mein Hijrat isi tarha hone wali hai jis tarha ke ibtedaee Islam mein howee hai.

Yaihan Aakhi zamane se Zaman-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS murad hai aor jab ke khud Hazrat Imamuna AHS Hijrat farma rahe hon-to aisi surat mein Aap AHS ki tasdeeq se Musharraf hone walaun mein jo log Aap AHS ki Sohbat se mustafeez hone ke liye Aap AHS ke saath hogaye hon un-ka darja un Musaddiqeen par faeq hona lazim hai jo apne Gharaun mein bila ozr-e-deeni baithe rahe hon. (Riwayat 111) mulaheza ho ke:- "Hazrat Mahdi AHS ne farmaya ke jo shakhs subh mein Hijrat karte Dair-e-mein aachuks ho who us shakhs ka Murshid hai jo shaam mein aaya ho kuinke sabiq, masbooq ka Imam hota hai."

Aor Riwayat (95) mulaheza ho jo Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ ki taraf mansoob hai ke Aap AHS ne apne Risala-e-Aqeeeda-e-Shareefah mein bayan farmaya hai jise Hazrat Bandagi Miya Abdur Rasheed RZ ne bhi darj kiya hai. "Miyan Syed Khundmir RZ ne farmaya aor Risala-e-Aqeeda-e-Shareefa mein likha hai ke jis ne Mahdi AHS ko qabool kiya aor Aap AHS ki Sohbat se baaz raha is ki nisbat Hazrat Mahdi AHS ne Aayat

لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرَ اُولِي لضَّرَرِ۔الخ (4-95)

Yani Mo'mineen se jo gairullah Ooliz-zarar Qaedeen hain woh barabar nahin hain Mo'mineen-e-Oolulzarar ke) ki roo-se Munafiqi ka Hukm bayan farmaya hai is Aayat ka hasi ma'ni yeh hai ke "Mujahideen"Ooliz-zarar par aik martaba ki Fazilat rahte hain. Pas in logaun ko darjaat ke bajaye Khasaraat honge aor Maghfirat ke bajaye A'zaab hoga aor Qaedeen-e-Gair Ooliz-zarar ka jo Hukm hai zahir hai."

Is riwayat mein jis Aayat par istedlaal kiya gaya ke muta'liq Muallif-e-Hadiya-e-Mahdavia ne aeteraaz kiya hai ke is se Mahdi AHS aor un ke Sahabi Syed Khundmir RZ ki Qur'aan fahmi maloom hoti hai kuin ke is-Aayat mein Jihad se mutalliq zikr hai. (Mulhiz ba Hadiya-e-Mahdavia)

Qur'aan fahmi to-bahut badi baat hai khud Muallif-e-Hadiya is Riwayat ki ibarat fahmi se qasir nazar aarahe hain kuinke is mein Aayat-e-Shareefa ke ba'at yeh alfaz hain.

حاصل معنی آنست که مجاہداں بر اولی الضرر بیک مرتب فاضل انداـ الخ

Yani is Aayat ka matlab yeh hai ke Mujahideen-e-oolalzarar par aik martaba se fazil hain…alkh (Riwayat 111)

Is se zahir hai ke yeh Aayat-e-Shareefa Mujahideen se mutalliq hona khud Riwayat mein tauzihan mazkoor hai. Albatta is riwayat mein jo nukta bina-e-istedlaal hai is ko "Muallif-e-Hadiya" ka zahn akhaz na karsake mu'terezana jazbaat ke talatum mein gharq raha hai.

Ulama-e-Islam par yeh amr makhfi nahin ke Jihad bis-saif ko Jihad-e-Asghar aor Jihad-e-Binnafs wash Shaitaan ko Jihad-e-Akbar tasleem kiya gaya hai. aor is ka saboot khud isi Aayat-e-Mazkoorassadr ke mazmoon mein maujood hai. chunach Sahib-e-Tafseer-e-Baizawi ne is aayat ke tahet likha hai ke:-

وقیل المجاھدون الاولون من جاھد الکفاروالآضرون من جاھدنفسہ و علیہ قولہ صلعم رجعنا من الجھادالاصغرالیٰ جھاد الاکبرـ

Translation:- Aor kaha gaya hai ke (Aayat-e-Mazkoorah mein) pahle Mujahideen Kuffar se Jihad karne wale hain aor dosre Mujahideen woh hain jo apne nafs se Jihad karte hain aor us-Rasoolullah SAWS ka farman daleel hai ke (Aap SAWS ne farmaya) hum ne Jihad-e-Akbar ki taraf rujoo' kiya hai.

Jihad-e-Akbar mein Hijrat bhi dakhil hai jab ke aghraaz wa asbaab-e-Deeniya ke tahet tark-e-watan zaroori ho to us-ko chode dena, Jihad -e-Akbar ke lawazim se kharij hargiz nahin hosakta. Kuinke watan ki muhabbat "Ilah" ban kar hayal hoti mahsoos ho to ishq wa muhabbat-e-Ilahiya aor aqraar-e-لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ka lazima hai is "Ilah" ko tark cardiya jaye.

Isi liye is riwayat-e-Mazkoora se istedlaal kiya gaya hai.

جنگِ مؤمن چیست؟ ہجرت سوئے دوست ☆☆ ترکِ عالم اختیار کوئے دوست (اقبالؒ)

Jihad -e-Akbar mein Hijrat ka jo pahloo shamil hai aor Hijrat mein (Tark-e-Masiwallah) mein zahiri wa batini khusoosiyaat jo maujood hosakti hain, Hazrat Mahdi AHS ki ta'leemaat mein woh sab omoor dakhil hain chunche Aayaatat sharifah:- لایستوی القاعدون۔۔الخ **ke poore mazmoon mein Jihad-e-Akbar ki khusoosiyat bhi maujood hai, us ko Mufassireen ne bhi Tasleem kiya hai. Isi nukte ki bina' par Riwayat-e-Mazkoorus-sadar mein is Aayat se istedlaal kiya gaya hao jo bilkul sahih hai. Is nazuk tafheem ko Qur'aan fahmi ky khilaf kahna khud mo'teriz ke muqaam-e-Ilm ka mazhar hai.**

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر ☆☆ مردِ ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر (بھرتری ہری)

Aayat-e-zair-e-bahes ke ba'ad yeh Aayat bayan hoti hai:-

اِنَّ الَّذِیۡنَ تَوَفّٰىهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ قَالُوۡا فِیۡمَ كُنۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا كُنَّا مُسۡتَضۡعَفِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ قَالُوۡۤا اَلَمۡ تَكُنۡ اَرۡضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوۡا فِیۡهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتۡ مَصِیۡرًا ﴿97﴾ (سورۃ النسآء)

Translation:- Mala-ik ne jin logaun ko (is halat mein) janein qabz kein ke woh (Kafiraun mein pade rah-kar) apni zataun par zulm kar rahe hain unhein (Mala-ik ne) kaha tum kis halat mein the woh kaheinge hum be-bas (majboor wo kamzore) the. (Mala-ika) kaheinge kiya Allahu Ta'aala ki zameen wasee nahin thi ke tum is mein kisi taraf Hijrat kar jate. Yeh who log hain jin ka thikana Dozakh hai aor woh bahut buri jaga hai. Yeh Aayat Munafiqeen ke bare me hai jis mein tark-e-Hijrat ki saza Dozakh qarar di gaee hai. Is-liye Hijrat Ikhtiyaar karna az roo-e-osool, Farz huwa. Isi liye Hazrat Mahdi AHS ne Hijrat ko bahukm-e-Khuda Farz farmaya hai. Jis mein zahiri wa batine dono khususiyaat shamil hain. Agar Tark-e-Maqaam ke asbaab lahaq ho-to Tark-e-Maqaam kiya jaye warna "Tark-e-Duniya" jo Tark-e-Shir-e-Khafi wa Tark-e-Khudi hai yeh bhi safar-e-batini ka hukm rakhti hai jo aik haisiyat se batini Hijrat mein dakhil hai. Isi tarha Murshid ki Sohbat se mustafeez hone ke liye ghar chod-kar

Murshid ki khidmat mein jakar rah jana bhi Hijrat mein dakhil hai. **Hazrat Bandagi Miyan Syedinji Khatimul Murshideen RZ ne jo rarmaya:-**"ہرجا کہ امن وآرام بیابید دائرہ بستہ بمانید"

(Ya'ni jahan ke ittiba'-e-Deen mein amn wa aaraam pao wahan Daira Bandi karke sukunat ikhtiyaar karo) Hazrat ka yeh hukm Rukhsat mein dakhil hai.

Imamuna AHS ki ta'leemaat mein Hijrat-e-Zahiri ke ahkaam ke siwaye Hijrat-e-Batini ki ta'leem bhi paee jati hai. aor yeh Jihad-e-Akbat ka aala tareen maqaam hai. Riwayat (268) mulaheza ho ke:- Is mein safar-e-batini ka jo zikr hai us-se Batini Hijrat murad hai jo Tark-e-Khudi aor Tark-e-Masiw-Allah se mutaleq hai. Is-ke baghair Itlaqiyat Hasil nahin hosakti jo Deedar-e-Ilahi ki zaroori shart hai. Qur'aan-e-Majeed mein "لَنْ تَرٰنِیْ" ka jo waqia' hai woh bhi is baat ka shahid hai ke Hazrat Musa AHS ko Allahu Ta'aala ki taraf se "لَنْ تَرٰنِیْ"(Tu mujhe dekh na sakega) jawab jo mila is ki yahi wajhe hai ke Aap AHS ka suwal doee wa gairiyat ki khusoosiyaat ka hamil tha ke "رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ"(Aey Mere Rabb!) tu mujhe nazar aa ta ke mein tujh ko dekh sakuin.) Is suwal mein osool-e-Tanzih Bari Ta'aala se mughaer wahi omoore majood hain jin ki bina par muatezlah waghaira ne Deedaar-e-Ilahi ke jawaz se inkar kiya aor isi liye Allahu Ta'aala ne is suwal ko rad farmadiya kuinke Deedar-e-Ilahi ko in-sharayat-e-Ruyat se koi nisbat hi nahin jo daddee ajsaam se-ta'lluq rakhte hon, Talab-e-Deer-e-Khuda ki tauzih mein hum ne is masale par bahes ki hai mulaheza ho. Hamara aeteqaad yeh hai ke khud Hazrat Musa AHS se bhi is suwal mein zati taur par ghalati saezad nahin huwi balke is suwal se makhlooq ko Allahu Ta'aala ke wujood wa Tauheed aor us-ki Tanzeehi Shaan se waqif karna maqsood tha. Aor batlana tha ke Allahu Ta'aala ko dekhne ke liye who Itlaaqit aor who nazar ata hone ki zaroorat hai jis se is-ka Deedaar mumkin hai is ke baghair sirf in-mahdood nazraun se mahdood haisiyat mein is-ko dekhna muhal hai. isi-tarha Hazrat Ibrahim AHS ne bhi sitare, chand wa suraj ke zawal pazeer hone par tamseeli istedlaal ke taur par

Khuda-e-Ta'aala ki khusoosiyat samjhaee thein warna fil-haqeeqat chand wa suraj ko Khuda tasawur karlena Shan-e-Nabuwat wa Khilafat ke sarasar munafi hai.

Aor jaisa ke hum ne Aayat-e-Sharifa "اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ" ke tahet batladiya hai ke baghair Vilayat ke Nabuwat hasi nahin ho sakti is se maloom huwa ke har Nabi wa Rasool ko faiz -e-Vilayat hasil rahta hai. Is ke yeh mani hain ke muarif-e-wajood wa Tauheed ke Maqaam mein is ka martaba ba-haisiyat-e-Ma'soom-Anil-Khata bahut baland hota hai jis ka martaba-e-Muarifat is qadar arfa'a wa aalaa ho who Gairullah ko Ilah kisi lamhe bhi qaraar nahin de-sakta. Hazrat Musa AHS ka suwal aor us-ka jawab aor us-ke ba'ad ke waqiyaat yeh sab Allahu Ta'aala ki تنزیہ شان ki taraf rahbari karte hain ke suwal mein Aap AHS ki zati galati ya is suwal wa jawab se naf-e-Deedar-e-Ilahi ki nafi par istedlaal karna osool-e-Islam, Ambiya' AHS ke bilkul mugher hai. Garz Safar-e-Batini ya Hijrat-e-Batini ka muntaha Fana wa Deedar se Musharraf hona hai.

English Translation

Migration

The explications about Migration (Hijrat), which we find in the Quranic Verses and the Traditions of Prophet SAWS, show that it is not confined to going from the country of the infidels (kuffaar) to the abode of peace (from Dar-al-Harb to Dar-al-Islam) for protecting the religion alone. But migrating from a place, where there are restrictions on the deeds in accordance with the Commandments of the Religion, on protecting the religion and on demonstrating and exhibiting the religion, too is included in Hijrat.

(1) Prophet Muhammad SAWS is quoted as saying, "The person who escapes from one place to another for protecting his religion, even if the distance is just one Baalisht (aprox. 9 inches), he would be entitled to Paradise and would become a companion of his father Prophet Ibrahim AHS and Prophet Muhammad SAWS (because both had performed Hijrat (Migration)."

(2) Iqbal says: "The result is destruction if the prison is confined to a place; Live in an ocean free of homeland like a fish; Giving up the homeland is the tradition of the beloved (Mahboob) of Allah; You too give the evidence of the Truth of apostleship. Homeland is one thing in political parlance; it is something else in the realm of Apostleship." In addition to this, there are Verses in Qur'aan that give the meaning of generality, such as:

"So those who fled and were driven forth from their homes and suffered damage for My cause, and fought and were slain, verily I shall remit their evil deeds from them and bring them into Gardens underneath which rivers flow."

(3) Allah further says, "And (it is) for the poor fugitives who have been driven out from their homes and their belongings, who seek bounty from Allah and help Allah and His messenger."

(4) These Quranic Verses show that the believers will suffer such situations till the Day of Resurrection and the Commandment of Migration will continue to come into and remain in force (whenever necessary) and it is also becoming obvious that Migration (Hijrat) means giving up home on one's own will and giving up home under compulsion is called Expulsion (Ikhraaj).

one goes from Dar-al-Harb (abode of war) to Dar-al-Islam (abode of Peace). He has also criticized the importance Hazrat Mahdi AHS has given to Migration. The criticism has been refuted and the matter has been discussed in detail in books like Subl-us-Sawa and Kohl-al-Jawahir

(Volume I). Both the books have been published. The reality is that when tolerance is dissociated from religion, the thinking and outlook become clouded by human passions, which impede the path to reach to realities. Everyone, who knows the History of Islam, will concede that some of the Companions first went to Habashah (Abyssenia) in obedience to the orders of Prophet Muhammad SAWS, at a time when that country was not Dar-al-Islam (abode of Peace). And when Prophet Muhammad SAWS himself migrated to Madina, that city was not Dar-al-Islam. Similarly, other people have migrated from their homes to protect their religion from the beginning of Islam to this day. Will the term Hijrat not be applicable to the migrations of such people? All the books of Traditions, History and Biography call these movements as Hijrat. Saying that the Hadis quotes Prophet Muhammad SAWS as saying that "There is no migration after the conquest of Makkah," and that, on the basis of this, the Commandment of migration stands abrogated, is not correct, because the saying of the Prophet SAWS is specifically confined to the Migration to Madina (from Makkah). The reality too is that the causes of Migration to Madina had ceased to exist after the conquest of Makkah. Tafsir Labab-at-Taweel says: "Hasan has said that Migration is not discontinued and the reply to "no Migration after the conquest of Makkah" is that this interdiction is specified to the Migration from Makkah to Madina. But for every believer, who lives in a town where infidels are in a majority and exposition of religion is dangerous, it is wajib (essential) to Migrate to a town where the exposition of religion does not invite danger." That the command about there being no migration after the conquest of Makkah is specific to the migration to Madina and that the command for migration of the common believers for religious causes continues without any hindrance, are proved by so many writings in the books of tafsir, commentaries, Traditions, sayings of eminent scholars and others that reproducing them here would make this book large and bulky. Iqbal says, "Story-tellers have concealed the truth. They have misunderstood the meaning of migration. Migration

is the law of the life of the Muslims. It is among the causes of the endurance of the Muslims."

The biographical sketches of the saints of Allah also show that leaving one's home and hearth and going to other places for purification of nafs (self, lust, life), acquiring the bounty of the companionship of perfect people or for propagating the religion also is hijrat (migration). The importance and the generality of the migration are present in the teachings of Islam. Then how can anybody object to or criticize the importance Hazrat Mahdi AHS has given to Migration? The truth, however, is that if there had been no teachings of or importance to Migration (in the teachings of Hazrat Mahd AHS), the truth of his claim to being Mahdi would have been adversely affected. Under the Quranic Verse, "Fallazeena haajaroo.., the author of Tafseer-e-Mudarik, says, "Allah has said in this Verse that people have performed these lofty and excellent deeds, which are Migration or going to places, where there is peace to protect their religion. In the last era too there will be Migration as it was during the beginning of Islam." Here, the last era means the period of Hazrat Mahdi AHS. When he himself had been performing Migration (Hijrat), the people, who have affirmed and confirmed him as the Mahdi al-Mau'ood, went with him to be in his company and receive his bounty, will essentially achieve a rank higher than the Musaddiqeen who remained squatting in their houses without a religious excuse. Please note Parable 111. It says, "Hazrat Mahdi AHS has said, "The person who has come into the Daira in the morning after migrating, is the Murshid (spiritual guide) of the person who comes in the evening, because the former is the Imam (leader) of the latter."

Please also note Parable 95, which is attributed to Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ that he had narrated in his book, Aqeeda Sharifa, and Hazrat Bandagi Miyan Abdur Rashid RZ too has narrated it. It says: Further, Miyan Syed Khundmir RZ has quoted Hazrat Imamuna Mahdi AHS as saying, "The person who has reposed faith in Hazrat Mahdi AHS

and refrains from the obligation of Migration with and in company of Hazrat Mahdi AHS is a hypocrite, by virtue of the Quranic Verse, "Those of the believers, who sit at home, barring the disabled, and those who fight in the cause of Allah with their properties and their persons cannot be esteemed alike. The meaning of this Verse is that the Mujahideen had superiority over the disabled by one rank and over the non-disabled by many ranks. For these people, it will be losses instead of ranks and chastisements instead of salvation. And the sanction against such hypocrisy on the non-disabled is obvious."

Please also note Parable 95, which is attributed to Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ that he had narrated in his book, Aqeeda-e- Shareefa, and Hazrat Bandagi Miyan Abdur Rashid RZ too has narrated it. It says: Further, Miyan Syed Khundmir RZ has quoted Hazrat Mahdi AHS as saying, "The person who has reposed faith in Hazrat Mahdi AHS and refrains from the obligation of Migration with and in company of Hazrat Mahdi AHS is a hypocrite, by virtue of the Quranic Verse, "Those of the believers, who sit at home, barring the disabled, and those who fight in the cause of Allah with their properties and their persons cannot be esteemed alike." The meaning of this Verse is that the Mujahideen had superiority over the disabled by one rank and over the non-disabled by many ranks. For these people, it will be losses instead of ranks and chastisements instead of salvation. And the sanction against such hypocrisy on the non-disabled is obvious." The author of Hadiya-e-Mahdavia has criticized the use of the Quranic Verse in the argument and said sarcastically that it showed the comprehension of the Qur'aan by Hazrat Mahdi AHS and his disciple Miyan Syed Khundmir RZ, because the Verse dealt with jihad! Comprehending Qur'aan is difficult. But (unfortunately) the author of Hadiya is incapable of understanding the parable itself. The parable clearly says that Mujahideen are superior to the ooliz-zarar by one rank. This shows that the Verse is about the Mujahideen and this is obvious from the text of the parable. But the mind of the critic could not

comprehend the basis of the argument. He was agitated and in his zeal to criticize was swept in the storm of his own passions. It is not unknown to the scholars of Islam that a Jihad with a sword is accepted as Jihad-e-Asghar (smaller or minor Holy War) while the struggle against one's own lust and Satan is accepted as the Jihade-Akbar (greater or major Holy War). And the proof of this is embodied in the text of the Quranic Verse. The author of Tafseer-e-Baizawi writes in his exegesis of this Verse, "And it is said that (in the said Verse) first Mujahideen are those who wage war against the Infidels and, secondly, Mujahideen are those who wage a Holy War against their own self (or lust--nafs). And the proof is the saying of Prophet Muhammad SAWS that, "We have turned from the Jihad-e-Asghar towards Jihad-e-Akbar."

Jihad-e-Akbar also includes Migration. When giving up the homeland is necessary for reasons and purposes of the religion, giving it up can never be excluded from the concomitants of Jihad, because when the love for the homeland becomes an Idol (Ilah) and impedes the way of Divine Love, it becomes a necessity of the dictum, "There is no god but God,' that this Idol (Ilah) be discarded. It is for this reason that the point has been argued on the basis of the said Quranic Verse. Iqbal says, "What is the war of the mo'min (Believer)? Migration towards the Friend (Allah)! Rejecting the world (Ma-sivallah), other than Allah is gaining the control of the lane of the Friend (Allah)." It is only in the teachings of Hazrat Mahdi AHS that you find all the aspects of Hijrat and its esoteric and exoteric specialties in the Jihad-e-Akbar. The text of the Quranic Verse, "La yastawil-qaa-iduuna.." also embodies the specialty of the Jihad-e-Akbar. And the commentators of the Qur'aan too have accepted this view. It is on this basis that the Quranic Verse has been used to argue the point in the above-mentioned parable. This is perfectly correct. To say that this delicate understanding is against comprehending the Quraan shows the paucity of the critic's own knowledge. Poet Bartari Hari says, "A flower petal can cut the core of a diamond? But a civilized and refined speech does not affect

an ignorant person." Immediately after the above Quranic Verse, comes the following one: "Lo! As for those whom the angels take in death while they wrong themselves, the angels will ask, "In what were you engaged?' They will say, "We were oppressed in the land. The angels will say, "Was not Allah's earth spacious (big enough) that you could have Migrated therein? As for such, their habitation will be hell, an evil journey's end.." This Verse relates to the hypocrites and it is determined that the retribution for giving up Hijrat is hell. Hence, Hijrat becomes obligatory (Farz) on principle. It is for this reason that Hazrat Mahdi AHS has said under Allah's command that Hijrat is obligatory. Both the esoteric and exoteric specialties are included in it. If the situation demands that one should give up his abode, one should go to a safer place. Otherwise, rejecting world (tark-e-duniya), which is giving up the concealed polytheism (shirk-e-khafi) and self (Khudi), becomes the esoteric journey, which, in a way, is equal to esoteric Migration. Similarly, leaving the home, going to the place of the murshid and staying in his company to receive his bounty too is Hijrat. Hazrat Bandagi Miyan Syed Mahmood Syedanji Khatam-ulMurshideen RZ has said, "Establish your Daira and stay wherever you find peace and comfort to follow the religion (Deen)." This commandment of Hazrat Syedanji RZ is included in rukhsat (permitted).

Besides the commandments relating to the exoteric Migration, we find those relating to the esoteric Migration in the teachings of Hazrat Mahdi AHS. And this is the loftiest status of the Jihad-e-Akbar (the great or major Holy War). Please see Parable 268. The mention of the subliminal journey purports to mean esoteric journey, which relates to giving up self (Khudi) and things other than Allah. Without this, one cannot achieve application (Itlaqiyat), which is a necessary condition for the Vision of Allah. The incident relating to "Lan-Taraanii (You shall not see Me) in Qur'aan too witnesses the same thing that Prophet Musa AHS got the reply from Allah that "You shall not see Me." The reason for it was that the question by Prophet Musa AHS had the import of dualism and

strangeness (Duee and Ghairiyat). He had said, "O my Lord! Show me Thy countenance that I may behold it." This question embodies the same matters, which are against the Holiness and Purity of the Lord. They were the basis of the Mu'tazila criticism and disavowal of the justification of the Vision of Allah. And it is for this reason that Allah rejected the question. This was because the conditions of the Vision of Allah have no relationship with those of the material bodies. We have discussed this matter in some detail in our explications pertaining to the desire for the Vision of Allah.

Our belief is that even Hazrat Musa AHS was not personally at fault in asking (for seeing Allah). The purpose of his asking was to inform the mankind of God's Existence and Unity and the Glory of His DE anthropomorphism (Tanzeehi-Shan). It was also to show that it needed the application and the bestowal of the Vision (Nazar) that is needed to see Allah, which makes the seeing possible. Without this, it is impossible to see Him with the limited power of seeing in a limited manner. In the same manner, Prophet Ibrahim AHS had shown as an exemplary argument of the setting of the stars, the moon and the sun to explain the peculiarities of Allah Most High. Otherwise, imagining the moon and the sun to be the God is against the Glory of the Prophet-Hood and Divine Vice-regency. We have shown in the discussion on the Quranic Verse, "A-famankaana-alaa Bayyin-na-tim-mir-Rabbi-hii" that the Prophet-Hood cannot be achieved without Vilayat (Saint-Hood). This shows that every apostle and messenger of God receives the bounty (Faiz) of the Saint-hood. It means that at the stage of the knowledge (Ma'rifat) of the Existence and Unity of God, his rank would be very lofty in his capacity as ma'soom-anil-khata (infallible). At this level of knowledge his rank would be so high that he cannot consider anything other than Allah as his Ilah (worshipped deity).

The question by Hazrat Musa AHS, its reply and all the events following them guide towards the Glory of DE anthropomorphism of Allah Most High. Contrary to this, arguing about the personal deficiency (Nuqs) of Hazrat Musa AHS or his (Alleged) incapacity to see Allah violates the

principles of Islam and (the glory of) the Apostles AHS. Same is the case with finding fault of Hazrat Musa AHS or using this question and answer as an argument against the issue of the Vision of Allah Most High.

In short, the final purpose of the esoteric journey or migration (Safar or Hijrat) is achieving the glory of perishing in and seeing Allah Most High.

☆☆☆☆☆

توضیح روایات در بیان علم خواندں

سعدیؔ بشوئے لوحِ دل از نقش غیراد ☆☆ علمے کہ راہِ حق نہ نماید جہالت است (حضرت سعدیؒ)

ایسی روایات جن میں یہ مذکور ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے علم پڑھنے سے منع فرما دیا ہے اُن کا مطلب واضح ہو جانا ضروری ہے تاکہ اِن روایات کی نوعیت معین ہو جائے اور معلوم ہو کہ فی الحقیقت حضرتؑ نے مطلقاً تحصیلِ علم سے منع فرمایا ہے یا نہیں۔ منعِ علم سے متعلق جو روایات زیرِ نظر کتاب میں موجود ہیں اُن کے نشاتِ شاریہ ہیں۔ (581)،(159)،(166)، (167)،(168)،(169)،(172)۔اِس کے علاوہ نقلیات کی دوسری کتابوں میں اِسی مضمون کے مماثل روایات پائی جاتی ہیں وہ تمام روایات جن میں منعِ علم کا مضمون پایا جارہا ہو اِن کی تحقیق اِسی اُصول پر کی جانی چاہیے جو خود حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ " اگر آں نقل موافقِ کلامِ حق تعالیٰ است آں نقل درست و از من است۔۔الخ " یا ممکن ہو تو آپؑ ہی کے دوسرے فرامین کی مدد سے تطبیق کی جائے قرآنِ مجید میں علماء کی شان میں یہ آیات ہیں:-

(1) يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ لا وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿11﴾

(سورة المجادلة)

ترجمہ:- تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ہیں (اور ایمان والوں میں) جو لوگ علم دیئے گئے ہیں اللہ تعالیٰ اُن کے درجہ بلند

کر دے گا اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اُن سب کی خبر جاننے والا ہے۔

(2) بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ (سورۃ المنکبوت۔49)

ترجمہ:- بلکہ وہ آیات (قرآن) روشن ہیں اُن لوگوں کے سینوں میں جو صاحبِ علم ہیں۔

(3) قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ (سورۃ الزمر۔9)

ترجمہ:- کیا وہ جو علم رکھتے ہیں اور وہ لوگ جو علم نہیں رکھتے دونوں برابر ہو جائیں گے ؟

(4) اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ (سورۃ فاطر۔27)

ترجمہ:- بے شک اللہ کے بندوں میں اللہ سے وہی ڈرتے ہیں جو (اللہ کو) جاننے والے ہیں۔اِن آیات سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے "علم" اور "عالم" کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔اور دین سے علماء کو متعلق کر کے دکھایا گیا ہے۔

اِن آیات سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے "علم" اور "عالم" کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔اور دین سے علماء کو متعلق کر کے دکھایا گیا ہے۔اِسی طرح اِس باب میں احادیث بھی موجود ہیں۔مثلاً:-

(1) العلم فريضه على كل مسلم و مسلمة ۔ترجمہ:- علم ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

(2) انا مدينة العلم و على بابها: ترجمہ:- میں علم کا شہر ہوں اور علی اُس شہر کے دروازہ ہیں۔

(3) فضل العالم على العابد كفضل القمر ليلة البدر على ساير الكواكب (ابو داؤد، ترمذی۔ ابن ماجه) ترجمہ:- عابد پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسی کہ تمام ستاروں پر چودھویں رات کے چاند کی۔

(4) فضل العالم على العابد كفضلى على ادنى رجل من اصحابى۔

ترجمہ:- (ترمذی نے ابو یمامہ سے روایت کی اور جس نے صحیح کہا ہے) عابد پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسی کہ مجھ کو میرے ادنیٰ درجہ کے کسی صحابیؓ پر ہے۔

(5) العلماء ورثة الانبياء ؛ ترجمہ:- علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

مذکورہ آیات واحادیث کے مضمون سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ "منعِ علم" کی روایات جو حضرت مہدی علیہ السلام کی طرف

منسوب ہیں آیات واحادیث کے موافق نہیں ہیں۔ حالانکہ ضرورتِ علم سے متعلق روایات بھی موجود ہیں مثلاً روایات (21)، (161)،(163)،(164)،(169)،(236)،(278)، ہم یہاں اِس مسئلہ پر بغرضِ تطبیق نظر ڈالتے ہیں۔

"علم" کے معنی ہیں صرف "جاننا" لکھنا پڑھنا حصولِ علم کے ذرایع ہیں لیکن نفسِ علم نہیں ہیں۔ جس طرح انسان سونگھ کر بو کے ذریعہ اشیاء کا علم حاصل کرلیتا ہے اِسی طرح چکھ کر ذایقہ کے ذریعہ اور سنکر آوازوں پر سے بھی معلوم کرلیتا ہے کہ فلاں فلاں ہے۔ سب سے زیادہ تفصیلی علم بصارت سے تعلق رکھتا ہے اور حواسِ ظاہریہ و باطنیہ حصولِ علم کے جیسے معاون و مددگار ہیں ویسے ہی لکھنا پڑھنا بھی ضروری ذرایع ہیں۔ صناع، صنعت گری میں حسبِ موقع و محل بلحاظِ ضرورت جس طرح مختلف النوع و مختلف الوضع آلات کا استعمال کرتا ہے۔ اِسی طرح ایک انسان دوسرے انسان کے مافی الضمیر کے سمجھنے کے لیے بھی آلات کے طور پر حواسِ ظاہریہ و باطنیہ کے ذریعہ سمجھتا اور سمجھاتا ہے۔ اِس کے علاوہ خاص خاص آوازیں اور خاص خاص لکیریں بھی اُس نے وضع کرلی ہیں۔ جن کے ذریعہ وہ اپنے دل کے احساسات و تجربات و مشاہدات کو بآسانی ظاہر کرسکتا ہے۔

اِن آوازوں اور لکیروں کو الفاظ و زبان کہتے ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں کے بسنے والے باشندوں نے اپنے اپنے طور پر جیسے جیسے الفاظ و لکیر وضع کرلیے ہیں اُن آوازوں اور لکیروں کو الفاظ و زبان کہتے ہیں۔ اور اِن میں وہی مستعمل اور اظہارِ مافی لضمیر کا ذریعہ قرار پاگئے۔ اِسی کا نتیجہ ہے جو آج دنیا میں کئی قسم کی زبانیں پائی جارہی ہیں۔

جب تک کوئی انسان کسی زبان کے استعمال کے طریقوں سے واقف نہ ہو اس زبان میں اپنا مطلب نہیں ادا کرسکتا اور نہ دوسرے کا مطلب خود جان سکتا ہے۔ ایک مجبورِ محض بن کر رہ جاتا ہے۔ اِس لیے دنیا کے ہر حصہ میں بلالحاظِ خصوصیتِ زبان

"الفاظ" کے علم و استعمال کو "جزولانیفک" کی حیثیت دے دی گئی۔ گفتگو تقریر و تحریر ضروریاتِ زندگی کے اہم لوازم قرار پا چکے۔

اِس کے باوجود ایسی نظیریں بھی موجود ہیں کہ ایک شخص تحریر سے بالکل واقف نہ ہو۔ لیکن کتابی معلومات میں بہت کچھ مہارت رکھتا ہے۔ یہ مہارت اِس کو کیسے حاصل ہو گئی۔ جب کہ وہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتا! ماننا پڑے گا کہ اِس نے ایسے آدمیوں کی صحبت اختیار کی ہو گی جو کتابی علوم سے واقف تھے۔ اِن کے معلومات سنتے سنتے یہ بھی ایک عالم کی طرح اظہارِ معلومات میں اِسی حد تک حصہ لینے کے قابل ہو گیا جس حد تک کہ وہ جان چکا

ہم نے جو کہا کہ "لکھنا پڑھنا" نفسِ علم نہیں ہیں اِس کا یہی مطلب ہے۔ کیوں کہ اِس کے بغیر بھی انسان معلومات حاصل کر سکتا ہے۔ کئی علماء ایسے گزرے ہیں اور بعض سرحدی و افغانی علماء کو خود ہم نے بھی دیکھا ہے جو منطق، فقہ، وغیرہ علوم کے ایک فنی جید عالم ہونے کے باوجود لکھ نہ سکتے تھے۔ کیوں کہ اُنھوں نے لکھنے کی کوشش ہی نہ کی۔ اِسی طرح دائرے کے اُمی مہدوی، بمصداقِ فرمانِ حضرت مہدی علیہ السلام غیر مہدوی عالم پر غالب جو آجاتے تھے اِس کی بھی یہی وجہ تھی کیوں کہ دائرہ بندی کے فیوض و برکات اُنھیں حاصل تھے۔ گویا اُن کی یہ شیرازہ بندی تھی۔ روزانہ بیانِ قرآن سے رموز و حقایق عموماً سنا کرتے تھے۔ جس کی وجہ اُن کے قلوب، نورِ ایمان سے متجلی ہوتے اور اُن کے دماغوں میں بیانِ قرآن کے نقوش ثبت ہوا کرتے تھے۔ تواریخِ اغیار میں بھی اِس کا ثبوت موجود ہے چنانچہ ملا عبدالقادر بدایونی نے لکھا ہے:-

جمعے را ازیں سلسلہ ملازمت کردہ ام و اخلاق رضیہ و اوصافِ مرضیہ ایشاں را در فقرو فنا بمرتبۂ عالی دیدہ و بیانِ قرآن و اشارات و دقایق و معارف لطائف بے کسب علومِ رسمی چناں شنیدہ ام کہ اگر خواہند مجملے ازآنہا درقید کتابت آرند تذکرۃ اولیائے دیگر باید نوشت۔ (نجات الرشید قلمی تصوف فارسی نمبر 1564 کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن)

ترجمہ:- اِس سلسلہ (یعنی مہدویہ) کے بہت سے لوگوں کی خدمت میں رہا ہوں اُن کے پسندیدہ اخلاق اور پسندیدہ اوصاف کو فقر و فناء میں مرتبۂ عالی پر پایا۔ اگرچہ اُنھوں نے علمِ رسمی حاصل نہیں کیا تھا لیکن قرآن کا بیان اور اشارات و حقائق کی باریک باتیں

اور معرفت کے لطیف نکات میں نے اِس قدر سنے ہیں کہ اگر اُن میں سے کچھ مجمل طور پر قیدِ تحریر میں لانا چاہیں تو ایک اور " تذکرۃ الاولیاء" لکھنا ہو گا۔

حاصلِ کلام یہ کہ "علم" کے معنی ہیں صرف "جاننا" خواہ لکھنے پڑھنے کے ذریعہ جانے یا جاننے والوں کی صحبت میں رہ کر بغیر لکھے پڑھے جانے لیکن لکھنا پڑھنا علم کے اہم اور ضروری ذرایع ہیں۔

نفسِ علم کی اِس مختصر توضیح کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ قرآن و حدیث میں کس علم کے جاننے والوں کی خصوصیت و فضیلت بیان ہوئی ہے۔ قرآنِ مجید علوم و آئین کا سمندر ہے جس میں قیامت تک ہونے والی انسانی دنیا کے لئے ہر دور میں پیش آنے والی ضروریات کو پورا کرنے والے مسائل بیان کر دیے گئے ہیں جس کی گواہی:- "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط" (سورۃ المآئدۃ۔3)

ترجمہ:- (میں نے تم پر نعمت پوری کر دی ہے اور تمہارے لیے دینِ اسلام کو پسند کیا ہے۔) کے الفاظ بتا دے رہے ہیں اُن سارے علوم و آئین قرآنیہ کو کلی حیثیت سے بہ یک لفظ "علمِ دین" کہا جا سکتا ہے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے اِسی علم کی اہمیت ہے اِسی علم کے جاننے والوں کو فضیلت ہے۔ صوفیہ و محققین نے "علمِ دین" کی تقسیم اِس طرح کی ہے:-

علمِ دین:- فرضِ عین۔ فرضِ کفایہ؛ فرضِ عین:- علوم مکاشفہ – علومِ معاملہ فرضِ کفایہ:- علومِ شرعیہ۔ علومِ غیر شرعیہ

1۔ علومِ مکاشفہ سے مراد قرآنِ مجید کا وہ علم ہے جس کے ذریعہ طالبِ حق مطلوب کو پہنچ سکتا ہے اور وہ یقین ہے جو اِس نور کی جسے اللہ تعالیٰ بندہ کے دل میں ڈال دیتا ہے جس کی وجہ وجودِ باری تعالیٰ کا عرفان و ایقان "علم الیقین"، "عین الیقین" سے بڑھ کر "حق الیقین" کی منزل کو پہنچ جائے۔ غرض فناء و بقا کے لاہوتی منازل تک پہنچنے کے لیے جس علم کی ضرورت ہوتی ہے اِس کو "علمِ مکاشفہ" کہتے ہیں۔

2۔علومِ معاملہ سے مراد قرآنِ مجید کا وہ علم ہے جس کے ذریعہ مومن اپنے قلب پر نظر رکھتا ہے کہ ترک، ترکِ ماسوی اللہ کی کس حد تک پابندی ہو رہی ہے۔ جھوٹ، غیبت، ناجائز اُمور کی رغبت کسی طرح دل میں جگہ نہ پا سکے گی۔ اوامر و نواہی کی پابندی سے متعلق اپنے افعال پر نظر رکھنا تو اور بات ہے یہاں مومن اپنے قلبی ارادوں پر بھی کامل ضبط و قابو پانے کی کوشش کرتا ہے۔ ایسے ہی اُمور کی تحصیل کو "علومِ معاملہ" کہتے ہیں اور یہ علومِ مکاشفہ کے اہم معاون ہیں۔

3۔علومِ شرعیہ سے مراد قرآنِ مجید کے وہ علوم ہیں جو عقاید و عبادات و معاملات سے تعلق رکھتے ہیں۔ تفسیر، اصولِ تفسیر، حدیث، اصولِ حدیث، فقہ، اصولِ فقہ وغیرہ، نیز صرف و نحو، معانی و بیان وغیرہ ادبی علوم کو بھی علومِ شرعیہ میں شمار کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ خادمِ علومِ شرعیہ ہیں۔ اِن علوم سے واقفیت کے بغیر عامتہ الناس کا قرآنِ مجید کے عربی اعلیٰ اندازِ کلام کو سمجھنا مشکل ہے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی شروط و لوازم اور پیش آنے والے مختلف مسائل اور بیع و شرا، نکاح و طلاق و کالت وغیرہ معاملات جو تدبیرِ منزل اور عام اجتماعی معاشرتی اقتصادی اُمور اور سیاستِ مدن سے متعلقہ تمام مسائل کا علم اُنھیں مذکورہ "علومِ شرعیہ" کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔

4۔علومِ غیر شرعیہ ایسے علوم ہیں جن کا راست استنباط قرآنِ مجید سے تو نہیں ہوتا لیکن وہ علوم تدبیرِ شخص، تدبیرِ منزل اور اجتماعی معاشرتی و اقتصادی اُمور کے اور سیاستِ مدینہ کے اہم ممد و معاون ہوتے ہیں۔ جیسے سائنس، فلسفہ، ریاضی، صنعت و حرفت وغیرہ جن کا جاننا معاشرتی نقطۂ نظر سے ضروری ہو۔ ایسے علوم کو بھی "علمِ دین" سے متعلق رکھا گیا ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کے فرمایا:-

العلم علمان علم الابدان علم الادیان ۔ترجمہ:- علم دو ہیں۔ ابدان کا علم۔ ادیان کا علم

اِس کے علاوہ "علومِ غیر شرعیہ میں بعض ایسے ہیں جو محض مضرت سے تعلق رکھتے ہیں جیسے کہ جادو کا علم یا اور اِسی قبیل کے مضرت رساں علوم کو "علمِ دین" سے قطعاً تعلق نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کے وجود اور اِس کی وحدانیت پر ایمان و اعتقاد کے بعد اُس کی طلب پیدا ہونا فطری لازمہ ہے جس کی توضیح طلبِ دیدارِ

خدا کی بحث میں کی گئی ہے۔اِس بحث میں جن اُمور کو واضح کیا گیا ہے اُس سے مترشح ہو کہ وجود و توحیدِ باری تعالیٰ کا علم و ایقان "اصل" ہے اور اس "اصل" کی نسبت کے لحاظ سے اِس کی نازل کی ہوئی شریعت "فرع"۔کیوں کہ جب تک خدا پر ایمان نہ لایا جائے اُس کے بھیجے ہوئے خلیفہ اور اُس کی نازل کی ہوئی شریعت پر ایمان کیسے لایا جاسکے گا۔چنانچہ تعلیمِ اسلام میں اقرارِ توحید کو مقدم رکھا گیا ہے جو پہلا کلمہ طیبہ کے نام سے مشہور ہے اور فی الحقیقت، نبوت و شریعت کی ضرورت، اقرار و معرفتِ توحید ہی کے لیے ہے۔

پس علمِ توحید کا ایقان جس درجہ ترقی پائے گا اتنا ہی تعلیمِ شریعت سے استفادہ میں کمال حاصل ہو گا۔جو نوعیت چراغ اور اِس کی روشنی کی ہے وہی نوعیت علومِ مکاشفہ و علومِ شرعیہ کی ہے۔توحید پر ایمان و اعتقاد ہر فرد کا ذاتی معاملہ ہے۔اِس کے طفیل علومِ شرعیہ سے خود مستفید ہونا اور دوسروں کو فائدہ پہنچانا ہر ایک کی قوتِ ایمان اور صلاحیتِ افادہ پر منحصر ہے۔یہاں شریعت و طریقت میں تفریق ہونے کے گمان کا کوئی موقع نہیں ہے۔ہم نے فرایضِ ولایت کے بیان کے تحت اِس امر کی توضیح کر دی ہے۔ملاحظہ ہو صفحہ ()

اِس کے علاوہ "علومِ مکاشفہ" و "علومِ شرعیہ" پر صوفیہ و محققین نے ایک نوعیت سے بھی بحث کی ہے مثلاً علومِ شرعیہ و غیر شرعیہ کا علم، عقل سے تعلق رکھتا ہے اور اُمورِ مکاشفہ کا علم، "عشق" سے تعلق رکھتا ہے۔اِس لحاظ سے جس طرح عشق اور علم میں فرق ہے اِسی طرح علومِ مکاشفہ و علومِ شرعیہ میں بھی فرق ہے۔

عشق کا پہلا لازمہ "ایقانِ تام" ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بغیر کسی ریب و تذبذب کے مقلدانہ شان جلوہ گر ہو جاتی ہے۔گویا عشق کا لازمہ تقلید ہے یا عشق کے لئے تقلید لازم! اِسی لیے محققین کرام نے تقلید کو عشق کا دوسرا نام دیا ہے۔حضرت بایزید بسطامیؒ کو دیکھو کہ اُنھوں نے آنحضرت ﷺ کی تقلید میں کس قدر بلیغ احتیاط برتی ہے۔آپ نے خربوزہ اِس بنا پر کھانے سے احتراز کیا تھا کہ اُنھیں معلوم نہ تھا کہ حضرت نبی ﷺ نے یہ پھل کس طرح تناول فرمایا ہے۔

کیفیتہا خیزد از صہبائے عشق ☆☆ ہست ہم تقلید از اسمائے عشق!

کاملِ بسطامؒ در تقلید فرد ☆☆اجتناب از خوردن خربوزہ کرد

اند کے اندر حراے دلنشیں ☆☆ترکِ خود کن سوئے حق ہجرت گزیں

(اقبالؔ)

چونکہ تقلیدِ احکامِ شرعیہ کے لیے عشق بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور عشق کا ارتقاء علومِ مکاشفہ و معاملہ ہی سے ہو سکتا ہے اِس لیے صوفیہ و محققینؒ نے اِن علوم کو فرضِ عین قرار دیا ہے۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اولیں ہے عشق ☆☆☆ عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات (اقبلؔ)

جو حضرات، خلیفۃ اللہ کی صحبت میں تھے اُن کو بڑی سہولت یہ حاصل تھی کہ خلیفۃ اللہ کی ذات سے اپنی اپنی استعداد و صلاحیت کے موافق استفادہ کر سکتے تھے۔ اُس کے عمل کو دیکھ کر اپنا عمل درست کر لیتے اور جن مسائل میں شبہات ہوتے رفع کر لیتے تھے۔ اِس طرح بلحاظِ تقلید و علم و عمل، دین کے بلند مراتب پر فائز ہو جاتے تھے۔ حتیٰ کہ اُن کی نماز معراج المومنین کی حیثیت رکھتی تھی۔

روایت ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام جب خراسان میں تھے ایک عالم، خدمتِ فیضِ درجت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کے ساتھی نماز کے احکام نہیں جانتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا مجھے علم نہیں یہ لوگ داڑھیاں لمبی کر چکے اور اتنا نہیں جانتے۔ اُن سے کہو کہ ایک دوسرے سے سیکھیں۔ پھر چند دن بعد ایک دفعہ اِسی عالم نے عرض کیا کہ آپ کے ساتھی نماز پڑھنا نہیں جانتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا کہ ایسی نماز جیسی کہ یہ ادا کرتے ہیں تم ادا تو کر لو! (روایت 163) انصاف نامہ باب دہم میں یہ روایت میاں ملک جیو بن برخوردارؓ سے مروی ہے۔

اِس روایت سے دو باتیں معلوم ہو رہی ہیں۔ ایک یہ کہ حضرتؑ نے شرعی علوم سیکھنے کی ضرورت ظاہر فرمائی اور حکم دیا کہ جو نہ جانتے ہوں اُن سے کہو کہ سیکھیں۔ دوسری یہ کہ آپؑ کی فیض مآب تعلیم و تربیت کے طفیل آپؑ کے متبعین کی عبادات

صرف پابندِ رسمیات ہی نہ تھیں بلکہ معناً اعلیٰ مراتب کے حامل تھیں اس لئے اُس خراسانی عالم کو حکم دیا کہ تم بھی ایسی ہی نماز ادا کریں جیسی کہ یہ میری صحبت میں رہنے کی وجہ سے ادا کر رہے ہیں۔ استاد ناخان علامہ نے یہاں اِس واقعہ کے ذکر کی ضرورت ظاہر فرمائی کہ 1241ھ ہجری میں جب کہ کانفرنس مہدویانِ ہند بمقام چن پٹن بصدارت مولوی محمد بہادر خاں صاحب (بہادر یار جنگ المشہور بہ قائدِ ملت مرحوم) منعقد ہوئی تھی ایک اجلاس میں یہ فقیر تقریر کر رہا تھا، اثنائے تقریر، صدرِ موصوف نے خواہش ظاہر کی کہ "حضرت امامنا علیہ السلام کی نسبت "ممانعتِ تحصیلِ علم" کے احکام جو مشہور ہیں اور جن پر بعض مخالفین نے اعتراض بھی کئے ہیں اُس کی حقیقت واضح کی جائے"۔! احقر نے اُس وقت اِن خیالات کا اظہار کیا۔

مہدیٔ موعودؑ خلیفتہ اللہ آفتابِ ولایتِ محمدیہ کے فیضان سے جو لوگ مستفید ہو رہے تھے گویا وہ دین کے اصل مقاصد عرفان کے منازل طئے کر رہے تھے۔ عشق کی لَو اُن میں پیدا ہو جاتی تھی جو "علوم مکاشفہ و معاملہ" کی اصل ہے اور ذکرِ خفی کی تلقین سے نورِ یقین اُن میں جلوہ گر ہو جاتا تھا۔ طریقِ عبادات، اہتمامی مسائل اور عام معاملات کے ضروری احکام وقتاً فوقتاً حسبِ موقع و ضرورت معلوم ہوتے جاتے تھے۔ اِس کی تحصیل کے لیے خاص طور پر منہمک ہو جانے کی ضرورت نہ ہوتی تھی۔ خواہ احکامِ ظواہر کی تحقیق ہو یا مسائلِ باطن کی تصحیح، حضرت مہدیٔ موعودؑ کی ذاتِ قدسی صفات سے استفادہ لازم تھا کیوں کہ یہ ایک اہم اور قطعی ذریعہ موجود تھا۔

جس طرح دن میں جب کہ آفتابِ عالم ضیابار ہو، گھی اور تیل کے چراغ یا برقی قمقمے روشن کرنا ابلہی کا موجب ہو جاتا ہے اِسی طرح آفتابِ ولایتِ محمدیہؐ کے ہوتے ہوئے مفسرین و محدثین و فقہاء کی تصانیف و تالیفات کی طرف رجوع ہونا غیر ضروری بے محل، لاحاصل تھا۔ اِسی لئے حضرت مہدی علیہ السلام نے اپنے بتلائے ہوئے مشاغل کو چھوڑ کر من مانے مضامین و کتب کا مطالعہ کرنے سے باز رکھا ہے۔ جن روایات میں کتاب کے مطالعہ اور تحصیلِ علم کی ممانعت پائی جاتی ہے اُس کی علتِ غائی یہی ہے کیونکہ ام الکتاب (قرآن) کا حاصل جو عشقِ الٰہی ہے اِسی سے اپنے متبعین کو بہرہ مند اور احوال و مقامات کے اعلیٰ مدارج سے مستفیض کرنا مقصود تھا۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ "قرآن عشق نامہ است" (نقلیاتِ میاں

سید عالمؒ) اسی لیے عشق کو ام الکتاب بھی کہتے ہیں، جب کہ تعلیمِ عشق ام الکتاب ہے اور عشق علومِ مکاشفہ کے لیے لازم ہے اور حضرت مہدی علیہ السلام نے اپنے متبعین کو عشق ہی کی تعلیم دی اور اِسی کے ارتقاء میں منہمک و مشغول رکھا۔ تو اِس کا یہ مطلب ہوا کہ حضرتؑ نے علمِ دین جو شقِ محققینِ اکابر اہلِ سنت کے پاس فرضِ عین مسلم ہے اِسی کی تعلیم و تربیت بحکمِ خدائے تعالیٰ نہایت اہتمام سے فرمائی۔ جس کے ذریعہ " فنا فی اللہ بقا باللہ " کا درجہ حاصل ہو سکتا ہے۔ امامنا علیہ السلام نے اِسی دولت کے خزانے لٹائے اور اپنے صحابہ کرامؓ کو اِسی میں منہمک رکھا اور یہی آپؑ کے شایانِ شان تھا۔ اِس اہم مقصد کے حصول میں جو کام بھی حائل آسکتا ہو اس مصروفیت سے منع فرمادیا کرتے تھے۔ اِس حقیت کی موجودگی میں یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ آپؑ نے " تحصیلِ علم " سے مطلقاً منع فرمادیا ہے۔!! پس ماننا پڑے گا کہ علمِ دین کے اہم حصے کی تکمیل سے جو فرضِ عین تسلیم کیا جاتا ہے مستفیض فرمایا۔ جس کے لیے اِس سے بہتر قطعی و واجب الایقان و معصوم عن الخطا والنسیان ہستی سے استفادہ کا موقع حاصل ہونا محال تھا۔

علم نے مجھ سے کہا عشق ہے دیوانہ پن
عشق نے مجھ سے کہا علم ہے تخمین و ظن
بندۂ تخمین و ظن کرم کتابی نہ بن

عشق سراپا حضور، علم سراپا حجاب
عشق کی گرمی سے ہے، معرکۂ کائنات
علم مقامِ صفات، عشق تماشائے ذات
عشق سکون و صفات، عشق حیات و ممات

علم ہے پیدا سوال، عشق ہے پنہاں جواب

عشق کے ہیں معجزات، سلطنت و فقر و دیں
عشق کے ادنیٰ غلام، صاحبِ تاج و نگیں
عشق مکان و مکیں! عشق زمان و زمیں
عشق سراپا یقیں، اور یقین فتحِ باب

شرعِ محبت میں ہے، عشرتِ منزل حرام
شورشِ طوفاں حلال، لنتِ ساحل حرام
عشق پہ بجلی حلال، عشق پہ حاصل حرام
علم ہے ابن الکتاب، عشق ہے اُم الکتاب (اقبالؔ)

اِس کے علاوہ مستند روایات سے ثابت ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے علومِ شرعیہ کی تحصیل سے بھی منع نہیں فرمایا ہے چنانچہ روایت ہے کہ:- علماء نے سوال کیا کہ آپؑ علم پڑھنے سے منع کرتے ہیں؟ حضرتؑ نے فرمایا کہ بندہ محمد رسول اللہ ﷺ کا تابع ہے جو کچھ حضرت رسول اللہ ﷺ نے منع نہ فرمایا ہو بندہ کیسے منع کرے گا۔ بندہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم سے ذکرِ دوام کو فرض کہتا ہے جو کچھ مانعِ ذکر ہو وہ ممنوع ہے۔ (روایت 22)

دینِ اسلام کا فلسفۂ اخلاق تصوف اتنا ارفع و اعلیٰ اور مکمل ہے کہ جس کی ہر بات میں خوبی ہی خوبی ہے۔ علومِ شرعیہ کی تحصیل کے بھی آداب ہیں۔ عزو جاہ، کبر و غرور، مجادلہ و مکابرہ، فتنہ و فساد سے بچنے کی ضرورت رہتی ہے نفسِ امارہ کے غلبہ و تسلط سے بچ کر صرف دین ہی مقصود رہنا لازم ہے۔ ورنہ یہی دین جو علومِ شرعیہ سے متعلق ہے "حجابِ اکبر" بن جاتا ہے۔ اِسی لیے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا:-

" کسے که بسیار خواند ۔ بسیار خوار شده غلبۂ طلبِ دنیا گردد و گرنه در عجب افتداء انچه بنده گوید براں عمل دارید تا بینا گردید۔(روایت 173)اور(حاشیہ شریف)

یعنی جو شخص بہت پڑھ لیتا ہے طلبِ دنیا کے غلبہ کی وجہ (دینی حیثیت میں) بہت خوار ہو جاتا ہے۔ اگر یہ نہیں تو عجب (غرور) پیدا ہو جاتا ہے اِس لیے بندہ جو کچھ کہتا ہے اِس پر عمل کرو تا کہ دیدارِ الٰہی سے مشرف ہو سکو۔"

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ سادہ لوح اُمی، قبولیتِ دین میں ان پڑھے لکھے آدمیوں پر سبقت لے جاتے ہیں جو کج فطرت اور ضدی و ہٹ دھرم واقع ہوں۔ کیوں کہ جن لوگوں کا میلانِ طبعی نفس پرستی کی طرف نہ ہو ان کو علم بھی آجائے اور علم سے اصلاح کے بجائے اپنے خواہشاتِ نفسانی کا اتباع کرنے میں علم سے مدد لینے لگیں تو لازماً "من ہم چیزے ہستم" کا تخیل اُن کے قوائے نفسانہ پر طاری رہے گا۔ جس کی وجہ اپنے مسلمات اور اپنے غور کردہ خیالات کے خلاف کوئی بات سننے اور اپنی اصلاح کی طرف مائل ہونے کی اُن سے بہت کم توقع کی جاسکتی ہے۔ اِسی لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فرمان نقل کیا گیا ہے کہ:-

میں اللہ کے حکم سے مردہ کو زندہ کر دینے میں عاجز نہیں ہوں لیکن عالمِ احمق کی تفہیم سے عاجز ہوں(روایت 163)

علم اگر کج فطرت وبد گوہر است ** پیشِ چشمِ ما حجابِ اکبر است (اقبالؔ)

حضرت مہدی علیہ السلام نے اپنے صحابی بندگی میاں شاہ نعمت رضی اللہ عنہٗ سے فرمایا کہ:-

" اگر شما پیش ازیں علم خوانده بودے مرا قبول نه کردید"۔

یہ روایت انصاف نامہ میں بھی درج ہے۔ مولفِ ہدیۂ مہدویہ نے اس روایت سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ امامنا علیہ السلام پر بے علم جاہل لوگ ہی ایمان لایا کرتے تھے۔ حالانکہ حضرت سید خوندمیر رضی اللہ عنہٗ اور دیگر حضرات کی تالیفات جو عربی و فارسی زبان میں ثبوتِ مہدیت پر لکھی گئی ہیں مولفِ مذکور کے زیرِ نظر تھیں۔ اور قاضی منتخب الدین جونیریؒ وغیرہ جلیل القدر علماء کی ایک طویل فہرست سے ناواقف نہ تھے۔ کیوں کہ اُن سب کا ذکر اُن کتابوں میں موجود تھا۔ جن پر سے اُنھوں نے اعتراضات وضع کیے ہیں۔ اِس کے علاوہ تواریخِ اغیار میں بھی اِس کے تذکرے موجود تھے۔ یہ سب تفصیلات، مولفِ ہدیہ کے

پیشِ نظر تھیں۔ کیا اِن حقائق کی موجودگی میں ان کا مذکور الصدر بیان ان ہی کے میلانِ طبعی کا آئینہ دار نہیں ہے؟

اِس کے قطع نظر منعِ علم کے بارے میں جن کتابوں کی روایات پر سے اُنھوں نے اعتراض کیے ہیں اُن میں یہ روایت بھی موجود ہیں۔ مثلاً روایت ہے کہ:-

"اگر کوئی حضرت مہدی علیہ السلام سے عرض کرتا کہ اجازت ہو تو علمِ ظاہری کی تحصیل چھوڑ دوں۔ اگر واعظ ہوتا تو عرض کرتا کہ وعظ چھوڑ دوں اگر کاسب ہوتا تو عرض کرتا کہ کسب چھوڑ دوں تاکہ ذکر قائم ہو ہر ایک کو جواب فرماتے کہ کیوں چھوڑتے ہو ذکر کی کوشش کرو۔" (روایت 167)

نیز روایت ہے کہ:-

"حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا جو شخص علم نہ پڑھا ہو، بیانِ قرآن کرے تو وہ بے دیانت ہے مگر سماع کے طریقہ پر جو کچھ سنا ہو نقل کی طرح بیان کر دے (تو مضائقہ نہیں) روایت 136

نیز ایک روایت آگے مذکور ہو چکی کہ منعِ علم سے متعلق علماء کے جواب میں آپؑ نے فرمایا:-

"حضرت رسول اللہ ﷺ نے جو منع نہ فرمایا ہو بندہ کیسے منع کرے گا۔ (روایت 22)

مقامِ غور ہے کہ یہ روایات اُنھیں کتابوں میں موجود ہیں جو مولفِ ہدیۂ مہدویہ کے زیرِ نظر تھیں۔ اِن روایات کو چھپا رکھ کر محض اپنے منشاء و نیت کی تکمیل کی غرض سے صرف محتاجِ تشریح و تطبیق روایات کو پیش کر کے مخالف مفہوم عاید کر دینے کی ایسی کوشش کو بے دیانتی اور عصبیتِ جاہلیہ کے سوائے اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

اِس کے علاوہ اُنھیں کتابوں میں ایسی روایات بھی موجود ہیں کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے جن صحابہؓ کو پہلے مطالعہ سے منع فرمایا تھا بعد میں خود اجازت مرحمت فرمائی ہے چنانچہ حضرت میاں عبدالفتح سے روایت ہے کہ:-

"شہر نہر والہ میں بندگی میاں نظام رضی اللہ عنہٗ کے ہاتھ میں، کتابِ میزان دیکھ کر حضرت نے پوچھا کیا پڑھ رہے ہو؟ عرض کیا کتاب ہے حضرتؑ نے اُن کے ہاتھ سے کتاب لے لی اور چلے گئے۔ چند دن بعد ناگور میں بھی میاں مذکور کے ہاتھ میں کتاب دیکھ کر منع فرمایا۔ اِس کے بعد اُنھوں نے علم پڑھنے کی ہوس پوری طرح منقطع کر دی۔ ایک عرصہ بعد خراسان میں حضرت مہدی علیہ السلام نے میاں نظامؓ سے فرمایا کہ کچھ علمِ حدیث پڑھو جب کوئی قابل ہو جائے تو اُس کے لئے پڑھنا باعثِ نقصان نہیں۔ (انصاف نامہ باب 10)

نیز روایت ہے کہ:- "میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہٗ قیلولہ کے وقت ہاتھ میں حدیث کی کتاب رکھے ہوئے تھے۔ اتفاقاً حضرت مہدی علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ میاں نظامؓ کیا مطالعہ کر رہے ہو؟ عرض کیا کہ حدیث (کی کتاب) ہے۔ آپؑ نے فرمایا حدیث کی کتاب رکھ دو ذکر میں مشغول رہو۔ ایک عرصہ گزرنے کے بعد حضرت مہدی علیہ السلام، میاں نظامؓ کے حجرہ میں تشریف لائے اور فرمایا وہ حدیث (کی کتاب) کہاں ہے جس کا تم مطالعہ کر رہے تھے؟ میاں نظامؓ نے عرض کیا کہیں رکھ کر بھول گیا ہوں۔ فرمایا ڈھونڈ لاؤ۔ آپ نے وہ کتاب تلاش کر کے پیش کر دی۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ حدیث کی اِس کتاب کا مطالعہ کرو اِس میں بھی مقصود خدا ہے۔ (روایت 161) نیز روایت ہے کہ:-

ایک روز حضرت میراں سید محمود رضی اللہ عنہٗ اپنے ہاتھ میں کتاب رکھے ہوئے تھے۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے پوچھا کونسی کتاب ہے؟ آپؓ نے عرض کیا "تمہید" ہے۔ فرمایا ذکر کی کوشش کرو تا کہ کیفیت پیدا ہو اور اِس کو سمجھنے کی قوت حاصل ہو۔ (روایت 166) اِن روایات سے ظاہر ہے کہ امامنا علیہ السلام نے کتاب کے مطالعہ سے یا علم حاصل کرنے سے بعض وقت منع جو فرمایا اِس کا ایک مقصد نورِ ایمان کی قوت بڑھانا بھی تھا۔ کیونکہ قرآن سمجھنے کے لیے نورِ ایمان حاصل رہنا ایک بنیادی امر ہے اِسی لیے آپؑ نے یہ بھی فرمایا کہ "قرآن سمجھنے کے لیے نورِ ایمان کافی ہے۔" (روایت 165) کیوں کہ اِس کے بغیر اعتقاد و جازم اور یقینِ واثق اور مطالب کا انکشاف حاصل ہونا دشوار ہے۔

اِک دانشِ نورانی اِک دانشِ برہانی ☆☆☆ ہے دانشِ برہانی حیرت کی فراوانی (اقبالؔ)

اب یہ بات بخوبی ظاہر ہو چکی کہ جو لوگ حضرت کی صحبت میں تھے اُن کا مقصد "علمِ لدنی" کی تحصیل تھا۔ اِس لیے حضرتؑ کے بتلائے ہوئے مشاغل میں اُن کا انہماک ضروری تھا۔ ہر ایک کی صلاحیت کے لحاظ سے جو اُمور اِس کے انہماک و محویت میں خلل انداز ہونے والے ہوں اُن اُمور سے آپؑ کا منع فرمانا حصولِ مقصد کے ا، قتضا کے عین مطابق تھا۔ خواہ وہ تلاوتِ قرآن و حدیث و تفسیر ہی کیوں نہ ہو۔ آج بھی جو مومن اِس جانب مائل ہوں اُن پر اپنے مرشدِ طریقت کی ہدایات کی پابندی عاشقانہ اور والہانہ جذبات کے ساتھ لازم ہوتی ہے۔ اِسی لیے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا:-

"اگر کوئی شخص ایک ہزار سال عبادت کرے اور وہ عبادت مقبول شدہ بھی ہو تو وہ بندہ کی ایک نظر کے اثر کے برابر نہیں ہے۔ (روایت 109) کیونکہ آپؑ کی نظر کیمیاء اثر سے مقصودِ عبادت یعنی معبودِ حقیقی کا عرفان حاصل ہو جاتا تھا!!!

عِلم کی حد سے پرے بندۂ مومن کے لیے ☆☆☆ لنتِ شوق بھی ہے نعمتِ دیدار بھی ہے (اقبالؔ)

☆☆☆☆☆

Roman Translation

Tauzih-e-Riwayaat dar Bayan-e-Ilm Khawnadan

In Aayaat se zahir hai ke Allahu Ta'aala ne "Ilm" aor "Aalim" ki fazilat bayan farmaee hai aor Deen se Ulama' ko muta'liq kar ke dikhaya gaya hai. Isi tarah is baab mein Ahaadees bhi maujood hain. Maslan:-

(1) العلم فريضه على كل مسلم و مسلمة

Translation:- Ilm har Musalman mard aor aurat par farz hai.

(2) انا مدينة العلم و علي بابها **Translation:- Mein Ilm ka Shaher huin aor Ali us-ka darwazah hain.**

(3) فضل العالم علی العابد کفضل القمر لیلة البدر علی سایر الکواکب (ابو داؤد، ترمذی ابن ماجه)

Translation:- Abid par Aalim ki fazilat aisi hai jaisi ke tamaam sitataun par Chaudhwein raat ke chand ki.

(4) فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادنی رجل من اصحابی۔ **Translation:- (Tirmizi ne Abu Yamamah se Riwayat ki aor jis ne sahih kaha hai) Abid par Aalim ki fazilat aisi hai jaisi ke mujh ko mere adna darje ke kisi Sahabi RZ par hai.**

(5) العلماء ورثة الانبیاء **Translation:- Ulama' Ambiya' ke waris hain.**

Mazkoora Aayaat wa Ahadees ke mazmoon se ba-zahir yahi maloom hota hai ke "Mana-e-Ilm" ki Riwayaat jo Hazrat Mahdi AHS ki taraf mnsoob hain Aayaat wa Ahadees ke muafiq nahin hain. Halanke zaroorat-e-Ilm se mutaliq Riwayaat bhi maujood hain, maslan Riwayaat 21,

161,163,164,169,236,278, hum yahan is masale par bagharz-e-tatbeeq nazar dalte hain. "Ilm" ke ma'ni hain sirf "Jan-na" likhna padhna husool-e-Ilm ke zaraye hain laikin nafs-e-Ilm nahin hain. Jis tarha insan soongh kar boo ke zarye ashya' ka ilm hasil karleta hai isi tarha chak kar zayeqe ke zarye aor sun-kar aawaazaun par se bhi maloom karleta hai ke fulan fulan hai. Sab se ziyadah Tafseeli Ilm basarat se-ta'aluq rakhta hai aor hawaas-e-zahirya wa batiniya husool-e-Ilm ke jaise ma'oon wa madadgaar hain waise hi likhna padhna bhi zaroori zaraye hain. Sana', Sanat-Giri mein hasb-e-mauqa' wa mahel ba-lehaaz-e-zaroorat jis tarha mukhtalifun-nau wa mukhtaliful waza' aalaat ka istemaal karta hai. Isi tarha aik insan dosre insan ke ma-fiz-zameer ke samjhne ke liye bhi aalaat ke taur par hawas-e-zahirya wa batiniya ke zaraye samjhta aor samjhate hai. Is ke ilawa khas-khas aawaazein aor khas-khas lakeerein bhi us-ne waza' karli hain jin ke zariye woh apne dil ke ehsaasaat wa tajrabaat wa musha-hidaat ko ba-aasaani zahir kar sakta hai.

In aawaazaun aor lakeeraun ko alfaaz wa zaban kahte hain. Duniya ke mukhtalif hissaun mein basne wale bashindaun ne apne-apne taur par jaise-jaise alfaaz wa lakeerein waza' kar liye hain un aawaazaun aor

lakeeraun ko alfaaz wa zaban kahte hain. Aor is mein wahi musta'mil aor izhaar-e-ma-fiz-zameer ka zarya qarar pagaye. Isi ka natijah hai jo aaj duniya mein kaee qism ki zabanein paee jarahi hain. Jab tak koi insan kisi zaban ke istema'l ke tareeqaun se waqif na ho is-zaban mein apne matlab nahin ada kar sakta aor na dosre ka matlab khud jan sakta hai aik majboor-e-mahez ban kar rah jata hai. Is liye duniya ke har hisse mein bila lehaaz-e-khusoosiyat-e-zaban "Alfaz" ke ilm wa istema'l ko " Juzwe-lanifak" ki haisiyat de di gaee. Guftugu taqreer wa tahreer zaroorat-e-zindagi ke ahem lawazim qaraar pachuke. Is ke bawajood aisi nazeerein bhi maujood hain ke aik shakhs tahreer se bilkul waqif na ho laikin kitabi ma'loomaat mein bahut kuch maharat rakhta hai yeh maharat is ko kaise hasil hogaee jab ke wo likhna padhna nahin jan-ta ! man-na padega ke is ne aise aadmiyaun ki sohbat akhtiyaar ki hogi jo kitabi uloom se waqif the. In ke ma'loomaaat sunte-sunte yeh bhi aik Aalim ki tarah izhaar-e-maloomaat mein usi had-tak hissa lene ke qabil hogay jis had tak ke wo jan-chuka. Hum ne jo kaha ke "likhna padhna" nafs-e-ilm nahin hain is ka yahi matlab hai kuin ke is ke baghair bhi insan maloomat hasil karsakta hai. Kaee Ulama aise guzre hai aor baaz sarhadi wa afghani Ulama ko khud hum ne bhi dekha hai jo Mantiq, Fiqh waghaira uloom ke aik fanni jaiyad aalim hone ke bawajood likh na sakte the kuin ke unhuine likhne ki koshish hi na ki. Isi tarha Daire ke Ummi Mahdavi, ba-misdaaq-e-farman-e-Hazrat Mahdi AHS ghair Mahdavi Aalim par ghalib jo aate the is-ki bhi yahi wajhe thi kuin ke Daira Bandi ke fayooz wa barakaat unhein hasil the. Goya un ki yeh shirazah bandi thi. Rozana Bayan-e-Qur'aan se rumooz wa Haqaeq umooman suna karte the. Jis ki wajhe un ke quloob, Noor-e-Iman se mutajalli hote aor un ke damaghaun mein Bayan-e-Qur'aan ke nuqoosh sabt howa karte the. Tawaree-e-Aghiyaar mein bhi is ka saboot maujood hai, chuna che Mullah Abdul Qadir Badaeyooni ne likha hai:-

Translation:- Is-silsile (yani Mahdavia) ke bahut se logaun ki khidmat mein raha huin un-ke pasandeedah akhlaq aor pasandeedah ausaaf ko

faqr wa fana' mein martaba-e-aalee par paya. Aghar-che unhuin ne Ilm-e-Rasmi hasil nahin kiya tha laikin Qur'aan ka Bayan aor Isharaat wa Haqaeq ki bareek batein aor mua'rifat ke lateef nukaat mein ne is qadar sune hain ke agar un-mein se kuch mujmil taur par qaid-e-tahreer mein lana chahein to aik aor "Tazkiratul Awliya" likhna hoga. Hasi-e-kalam yeh ke "Ilm" ke ma'ni hain sirf "jan-na" khaw likhne padhne ke zarye jane ya nan-ne walaun ki sohbat mein rah kar baghair likhe padhe jane laik likhna padhna Ilm ke ahem aor zaroori zaraye hain.

Nafs-e-Ilm ki is mukhtesar tauzih ke ba'ad dekhna yeh hai ke Qur'aan wa Hadees mein kis Ilm ke janne walaun ki khusoosiyat wa fazilat bayan huwi hai. Qur'aan-e-Majeed uloom wa aaeen ka samandar hai jis mein Qiyamat tak hone wali insani duniya ke liye har daur mein paish aane wali zarooriyaat ko pura karne wale masael bayan kardiye gaye hain jis ki gawahi:- "اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِىْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط" (سورۃ المآئدۃ۔3)

Translation:- (mein ne tum par ne'mat puri kardi hai aor tumhare liye Deen-e-Islam ko pasand kiya hai.) ke alfaaz bata de rahe hain un sare uloom wa aaeen-e-Qur'aniya ko kulli haisiyat se ba-yak lafz "Ilm-e-Deen" kaha jasakta hai. Islami nuqta-e-nazar se isi Ilm ki ahmiyat hai isi Ilm ke janne walaun ko fazilat hai. Sufiya wa Muhaqiqeen ne "Ilm-e-Deen" ki taqseem is tarha ki hai:-

علمِ دین: فرضِ عین۔ فرضِ کفایہ: فرضِ عین:علوم مکاشفہ علومِ معاملہ فرضِ کفایہ: علومِ شرعیہ۔ علومِ غیر شرعیہ

1) **Uloom-e-Mukaka Shifah:- Se murad Qur'aan-e-Majeed ka woh Ilm hai jis ke zarye Talib-e-Haq Matloob ko pahunch sakta hai aor woh yaqeen hai jo is noor ki wajhe qaem hota hai jise Allahu Ta'aala Bande ke dil mein daldeta hai jis ki wajhe wajood -e-Bari Ta'aala ka Irfan wa Eqaan "Ilmul Yaqeen", "Ainul Yaqeen" se badh kar "Haqqul Yaqeen" ki manzil ko pahunch jaye. Garz Fana' wa Baqa ke Lahooti Manazil tak pahunchne ke liye jis Ilm ki zaroorat hoti hai is ko "Ilm-e-Mukashifah" kahte hain.**

2) **Uloom-e-Mua'milah:- Se murad Qur'aan-e-Majeed ka woh Ilm hai jis ke zarye Mo'min apne qalb par nazar rakhta hai ke Tark, Tark-e-Masiwallah ki kis had tak pabandi horahi hai. Jhoot, Geebat, Na-Jaez umoor ki raghbat kisi tarha dil mein jage na pasake gi. Ooamr wanawahi ki pabandi se mutalliq apne afa'l par nazar rakhna to aor baat hai yahan Mo'min apne qalbi iradaun par bhi kamil zabt wa qaboo pane ki koshish karta hai. Aise hi omoor ki tahseel ko "Uloom-e-Mua'mila" kahte hain aor yeh Uloom-e-Mukashifah ke ahem ma'awoon hain.**

3) **Uloom-e-Shariya:- Se murad Qur'aan-e-Majeed ke woh Uloom hain jo Aqa'ed wa Ibadaad wa Maloomaat se-ta'lluq rakhte hain. Tafseer, Osool-e-Tafseer, Hadees, Osool-e-Hadees, Fiqh, Osool-e-Figh waghairah. Neez Sarf-e-Nahu, Muani wa Bayan waghairah adabi Uloom ko bhi Uloom-e-Shariya mein shumaar kiya gaya hai. Kuinke yeh Khadim-e-Uloom-e-Shariya hain. In Uloom se waqifyat ke bagair Aamtunnaas ka Qur'aan-e-Majeed ke Arabi aalaa andaaz-e-Kalaam ko samajhna mushkil hai. Namaz, Roza, Hajj, Zakawt ki shuroot wa lawazim aor paish aane wale Mukhtalif masael aor bai' wa shara, Nikah wa Talaq wikalat waghaira mua'milaat jo tadbeer-e-Manzil aor aam ijtema'ee mua'ashirat iqtesadi omoor aor Siasat-e-Madan se mutalliqa tamaam masael ka Ilm in-hein mazkoora "Uloom-e-Shariya" ke zarye ho sakta hai.**

4) **Uloom-e-Ghair Shariya:- Aise Uloom hain jin ka rast istembaat Qur'aan Majeed se to nahin hota laikin woh Uloom tadbeer-e-shakhs, tadbeer-e-manzil aor ijtema'ee muashiraati wa iqtesadi omoor ke aor siasat-e-mdina ke ahem mamdo wa maoon hote hain. Jaise Science, Falsafa, Riyazi, Sana't wa Hirfat waghaira jin ka janna meashiraati nuqta-e-nazar se zaroori ho. Aise Uloom ko bhi "Ilm-e-Deen se muta'liq rakha gaya hai. Hazrat Rasoolullah SAWS ne farmaya:-** العلم علمان علم الابدان علم الاديان ۔ **Ilm do hain. Abdaan ka Ilm -Adyaan ka Ilm.**

Is ke ilawa "Uloom-e-Gair Shariyah mein ba'az aise hain jo mahez mazrat se-ta'lluq rakhte hain jaise ke jado ka Ilm ya aor isi qabeel ke mazrat rasah Uloom ko "Ilm-e-Deen" se qata'n ta'lluq nahin hai.

Allahu Ta'aala ke wajod aor is ki wahdaniyat par Iman wa Aeteqad ke ba'ad us ki talab paida hona fitri lazima hai. Jis ki tauzih Deedar-e-Khuda ki bahes mein ki gaee hai. Is bahes mein jin omoor ko wazeh kiya gaya hai us se mutashareh ho ke wajode wa Tawheed-e-Bari Ta'aala ka Ilm wa Eqaan "Asl" hai aor is "Asl" ki nisbat ke lehaaz se is ki nazil ki huwee shariyat "faro". Kuin ke jab tak Khuda par Iman na laya jaye us-ke bhaije huwe Khalifah aor us-ki nazil ki huwee Shariyat par Iman kaise laya jasakega. Chunache Taleem-e-Islam mein iqraar-e-Tawheed ko muqaddam rakha gaya hai jo pahla Kalimah-e-Taiyabah ke naam se mashhoor hai aor fil-haqeeqat, Nubuwat wa Shariyat ki zaroorat, Iqraar wa Muarifat-e-Tawheed hi ke liye hai.

Pas Ilm-e-Tawheed ka Eqaan jis darje taraqqi payega utna hi Ta'leem-e-Shariyat se istefade mein kamal hasil hoga. Jo tauwiyat chiraagh aor is ki roshini ki hai wahi nau-wiyat Uloom-e-Mukashifah wa Uloom-e-Shariya ki hai. Tawheed par Iman wa A;eteqaad har fard ka zati muamilah hai. Is-ke Tufail Uloom-e-Shariyah se khud mustafeez hona aor dosraun ko fayedah pahunchana har aik ki quwwat-e-Iman aor salahiyat-e-Ifadah par munhasir hai. Yahan Shariyat wa Tareeqat mein tafreeq hone ke guman ka koi mauqa nahin hai. Hum ne Faraez-e-Vilayat ke bayan ke tahet is amr ki tauzih kardi hai. Mulahez ho. Is ke ilawa "Uloom-e-Mukashifah" wa "Uloom-e-Shariyah" par Sufiyah wa Muhaqiqeen ne aik nau-wiyat se bhi bahes ki hai, maslan Uloom-e-Shariyah waghairah ka Ilm, Aql se-ta'lluq rakhta hai aor omoor-e-Mukashifah ka Ilm, "Ishq" se-ta'lluq rakhta hai. Is lehaz se jis tarha Ishq aor Ilm mein farq hai usi tarha Uloom-e-Mukashifah wa Uloom-e-Shariyah mein bhi farq hai. Ishq ka pahla lazimah "Eqaan-e-Taam" hai jis ka natijah yeh hota hai ke baghair kisi raib wa tazabzub ke Muqallidanah Shan Jalwahgar ho jati hai. Goya Ishq ka lazmah taqleed hai ya Ishq ke liye Taqleed lazim! Isi liye Muhaqiqeen-e-kiram ne taqleed ko Ishq ka dosra naam diya hai. Hazrat Ba-Yazeed Bustami RA ko dekho ke unhun ne Aan-Hazrat SAWS ki taqleed mein kis qadar baleeq ahtiyaat barti hai. Aap ne Kharboozah is

bina par khane se ahteraaz kiya tha ke unhein maloom na tha ke Hazrat Nabi SAWS ne yeh phal kis tarha tanawal farmaya hai.

کیفیتہا خیزد از صہبائے عشق ☆☆ ہست ہم تقلید از اسمائے عشق!

Chun ke Taaqleed-e-Ahkaam-e-Shariya ke liye Ishq bunyaadi haisiyat rakhta hai aor Ishq ka irteqa' Uloom-e-Mukashifa wa Muamila hi se hosakta hai is-liye Sufiya wa Muhaqiqeen ne in Uloom ko Farz-e-Ain qarar diya hai.

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اولیں ہے عشق ☆☆☆ عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات (اقبالؔ)

Jo Hazraat, Khalifatullah ki Sohbat mein the un ko badi suhulat yeh hasil thi ke Khalifatullah ki zaat se apni apni iste'dad wa salahiyat ke muafiq istefadah kar sakte the. Us-ke amal ko dekh kar apna amal durust karlete aor jin masael mein shubhaat hote rafa' karlete the. Is tarha ba-lehaz-e-Taqleed wa Ilm wa Amal, Deen ke baland maratib par faez ho-jate the. Hattake un ki Namaz Me'raaj-e-Mo'mineen ki haisiyat rakhti thi.

Riwayat hai ke Hazrat Mahdi AHS jab Khurasan mein the aik Aalim, Khidmat-e-Faiz-e-Darajaat mein hazir huwa aor arz kiya ke Aap ke sathi Namaz ke Ahkaam nahin jante hain. Aap ne farmaya mujhe Ilm nahin yeh log dadhiyan lambi karchuke aor itna nahin jante. Un se kaho ke aik dosre se seekhein. Phir chand din ba'ad aik dafa isi Aalim ne arz kiya ke Aap ke sathi Namaz padhna nahin jante hain. Aap ne farmaya ke aisi Namaz jaisi ke yeh ada karte hain tum ada to kar lo. (Riwaya 163) Insaf Nama Bab dahum mein yeh Riwayat Miyan Malik Jio Bin Barkhurdar RZ se marwi hai.

Is Riwayat se do batein maloom ho rahi hain. Aik yeh ke Hazrat AHS ne Shara'ye-Uloom seekhna ki zaroorat zahir farmaee aor Hukm diya ke jo na jante hun-un se kaho ke seekhein. Dosri yeh ke Aap AHS ki Faiz-Ma-aab wa tarbiyat ke Tufail Aap ke mutabe'een ki ibadat sirf paband-e-rasmiyaat hi na thein balke mua'nan aalaa maratib ke hamil thein is liye

us-Khurasani Aalim ko Hukm diya ke tum bhi aisi hi Namaz ada karein jaisi ke yeh meri Sohbat mein rahne ki wajhe se ada kar rahe hain. Ustaduna Khan Allama ne yahan is waqiye ke zikr ki zaroorat zahir farmaee ke 1241H. mein jab ke Conference Mahdavian-e-Hind ba-maqaam Chan-Patan ba-sadarat Maulwi Muhammad Bahadur Khan Sahib (Bahadur-e-Yar-Jung al-mash-hoor Qaed-e-Milat Marhoom) muna'qid huwi thi aik ijlas mein yeh faqeer taqreer kar raha tha, asna-e-taqreer sada-e-mausoof ne khawhish zahir ki ke " Hazrat Imamuna AHS ki nisbat" Mumaniyat-e-Tahseel-e-Ilm" ke ahkaamaat jo mash-hoor hain aor jin par ba'az Mukhalifeen ne aeteraaz bhi kiye hain us-ki Haqeeqat wazeh ki jaye. "Ahqar ne us-waqt in Khiyalaat ka izhaar kiya.

Mahdi-e-Mau'ood Khalifatullha Aaftab-e-Vilayat-e-Muhammadia ke faizaan se jo log mustafeez horahe the goya woh Deen ke asal maqasid, Irfaan ke manazil taye kar rahe the. Ishq ki lau un-mein paida hojati thi jo "Uloom-e-Mukashif wa Muamilah" ki asal hai aor Zikr-e-Khafi ki talqeen se Noor-e-Yaqeen un mein jalwagar hojat the. Tareeq-e-Ibadat, ehtemami masael aor aam mua'milaat ke zaroori ahkaam waqtan fawaqtan hasbe mauqa wa zaroorat maloom hote jate the. Is ki tahseel ke liye khas taur par munhamik hojane ki zaroorat na hote thi khaw ahkaam-e-zawahir ki tahqeeq ho-ya Masael-e-Bati lo tashih, Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS ki zaat-e-Qudsi Sifaat se istefada lazim tha kuinke yeh aik ahem aor qataee zarya maujood tha.

Jis tarha din mein jab ke Aaftaab-e-Aalam Zia-baar ho, ghee aor tail ke Chiragh ya barqi qamqame roshan karna ablihi ka mujib ho jata hai isi tarha Aaftab-e-Vilayat-e-Muhammadia ke hote huwe Mufassireen wa Muhaddiseen wa Fuqaha ki tasaneef wa taleefaat ki taraf rujoo hona ghair zaroori, be-mahel, la-hasil tha. Isi liye Hazrat Mahdi AHS ne apne batlaye huwe mashaghil ko chod-kar man-mane mazameen wa kutub ka muta'liya karne se baaz rakha hai. Jin riwayaat mein kitab ke muta'liye aor tahseel-e-Ilm ki Mumaniyat paee jati hai us-ki illat-e-ghaee yahi hai kuinke

Ummul-Kitab (Qur'aan) ka hasil jo Ishq-e-Ilahi hai isi se apne mutabieen ko Bahra mand aor ahwaal wa maqamaam ke aala madarij se mustafeez karna maqsood tha. Hazrat Mahdi AHS ne farmaya hai ke:-

"قرآن عشق نامه است" (نقلیاتِ میاں سید عالمؒ) **Qur'aan Ishq Nama hai. Isi liye Ishq ko Ummul-Kitab bhi kahte hain, jab ke ta'aleem-e-Ishq, Ummul-Kitab hai aor Ishq Uloom-e-Mukashifah ke liye lazim hai aor Hazrat Mahdi AHS ne apne Mutabaeen ko Ishq hi ki ta'leem di aor asi ke irteqa' mein munhamik wa mashghool rakha to is-ka yeh matlab huwa ke Hazrat AHS ne Ilm-e-Deen jo Shaq-e-Muhaqqiqeen-e-Akabir-e-Sunnat ke pas Farz-e-Ain Musallam hai isi ki ta'aleem wa tarbiyat ba-Hukm-e-Khuda-e-Ta'aala nehayat ehtemaam se farmaee. Jis ke zarye** "فنا فی اللہ بقا باللہ" **Ka darja hasil hosakta hai.**

Apart from this important incident, the matters elucidated in this Quranic Verse are more than enough for the people with commonsense. "Rebirth after death is true" is an essential part of the Iman-e-Mufassil (detailed version of the affirmation of Faith). The condition (haal) is related to this affirmation. The axiomatic proof of this being a part of the faith is Allah's asking "Don't you not then believe?" Prophet Ibrahim AHS immediately replied, "Yea." And then, he clarifies, "But to satisfy my own understanding." After that Allah showed him the way to get satisfaction of the heart, which has clearly been stated in the Quranic Verse. The Commentators of Qur'aan have elucidated the incident. Then Allah says, "Allah is Exalted in Power, Wise." The words used are extraordinarily powerful. Besides, they manifest great literary merit and Divine Secrets. This short explanation shows that reposing faith before the fact and adding satisfaction after the fact are two separate issues. An enterprising Prophet AHS has addressed these two issues and Allah has perfected them. Similarly, Imam Mahdi AHS laid down the signs that would manifest after his death: one, his body would not be there in the grave after its being placed there; two, Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ would emerge as the

substitute for the zaath of Imam Mahdi AHS for the "Fought and Fallen" battle; three, the first day's victory for Syed Khundmir RZ in the battle even if all the people of the world were on the other side; four, Bandagi Miyan RZ would be Martyred on the second day of the battle; and five, the body of Bandagi Miyan RZ would be torn into three pieces. Imam Mahdi AHS said that they were the signs of the veracity of his claim to Mahdiyat. All the believers reposed faith in this and were certain that things would happen as Imam Mahdi AHS had predicted. And they did. After the demise of Imam Mahdi AHS, his body was laid into the grave and then it disappeared from within the shroud.

Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ won the first day's battle with the help of an ill-equipped group of a few starving Fuqara against a fully equipped powerful royal army. In the second day's battle Bandagi Miyan RZ and his companions were defeated despite the presence and help of some nobles and mounted soldiers. The body of Bandagi Miyan RZ was cut into three pieces, which were buried at three places: Chapanir, Patan and Sudrasan. Then, all the believers, who had reposed faith before the fact, achieved further satisfaction following the events that occurred after the fact. And this was the establishment of the final and glorious proof against the disavowers.

General and Special aspects of the Verse

Let it be no secret that every believer will be subject to the attributes enumerated in the Quranic Verse, "Fallaziina haajaruu wa…" Here we have discussed the specifics of the situation in view of the fact that Hazrat Imam Mahdi AHS was a perfect human being and a perfect follower of Prophet Muhammad SAWS. Hence, it is necessary that these attributes should be there in Hazrat Mahdi AHS in full measure. Three of these attributes had been accomplished earlier. The fourth attribute, manifested by Fought and Fallen remained unaccomplished because no one could overpower Hazrat Imam Mahdi AHS. For the accomplishment of this

attribute, Allah had chosen Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ as a substitute for Hazrat Imam Mahdi AHS. It was for this reason, that he was given superior ranks. The Martyrdom of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ has a double capacity: one, as a substitute for the zaath of Hazrat Imam Mahdi AHS, and two, as a believer in his own capacity. Hazrat Imam Mahdi AHS said, "This Verse is primarily in favour of the Companions of Prophet Muhammad SAWS and their successors. It is also in favour of the group of Companions of Hazrat Imam Mahdi AHS, who possess their attributes." Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ came after the sermon of Hazrat Imam Mahdi AHS was over. Seeing him, Hazrat Imam Mahdi AHS said, "There would be chaha chaha on this poor Syed." It may be noted that this parable explains both the general and special aspects. In fact, the specialty and the importance is manifested in view of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ being the substitute of the zaath of Hazrat Imam Mahdi AHS and the victory in the first day's battle is the Miracle of the veracity of the claim of Mahdiyat, as the Battle of Badr was the Miracle of Prophet Muhammad SAWS. The Manifestation of the proof of Mahdiyat was specifically related to the zaath of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ and it was his destiny.

Hence, Nature/Qudrat created the needed circumstances that none of the Companions of Hazrat Imam Mahdi AHS, other than some specific fuqara' or Khulafa, could participate in the Battle. And the details of some of the controversial writings, which will be discussed later, were among these causes.

اسبابِ جنگ و مختصر وا قعات

اسبابِ جنگ کے بارے میں حضرت بندگی میاں سید خوندمیرؒ نے جو توضیحات بیان فرمائی ہیں روایات (176 تا 187) میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں جن سے واضح ہو گا کہ مہدویوں پر وہ وہ مظالم ڈھائے گئے کہ اللہ کی پناہ، اُن با خدا بزرگوں کی جھونپڑیاں جلادی گئیں۔ بعض کو زندہ دیوار میں چنوادیا گیا۔ بعض کو لوہے کی سلاخوں سے پیشانیوں پر داغا گیا۔ جتنی سختیاں و بے رحمیاں ممکن تھیں کی گئیں۔ اور یہ جو کچھ ہوا کلمہ گو علماء و حکام نے محض طاقت و رعونت کی نشہ میں کیا ہے۔ اِس کے علاوہ علماء نے فتویٰ بھی جاری کر دیا تھا کہ ایک مہدوی کا قتل کئی رہزنوں کے قتل کے ثواب کے برابر ہو گا۔ اور اِس پر عمل بھی شروع ہو گیا۔ اُس وقت حضرت سید خوندمیرؒ نے ایک استفتاء جاری کیا کہ:-

"اللہ و رسول پر ایمان لانے والے اور اُن کے احکام پر عمل کرنے والے مسلمانوں کے قتل کا فتویٰ کوئی صادر کرے تو اُس مفتی پر کیا حکم ہے۔؟

اِس کے جواب میں علماء نے فتویٰ دیا کہ "مفتی لائقِ قتل ہے۔" نیز قرآنِ مجید میں بھی صاف و صریح آیت ہے کہ:-

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ط (سورۃ بنی اسرآئیل-33)

ترجمہ:- جو شخص مظلوم قتل کیا جائے ہم نے اُس کے ولی کو حاکم بنایا ہے پس قتل میں اسراف نہ کیا جائے۔

اِس روایت کی رُو سے شہدائے مظلومین کا انتقام اور دینِ متین کی حفاظت ضروری تھی۔ اِس لیے حضرت صدیقِ ولایتؓ نے اُن مفتیوں کے قتل کا حکم صادر فرمایا جنھوں نے مہدویوں کے قتل کے فتویٰ پر دستخط کیے تھے۔ جب اِس پر عمل شروع ہوا تو علماء و قاضیوں میں ہیبت و پریشانی پیدا ہو گئی۔ ناتجربہ کار نوجوان، سلطان مظفر حاکمِ وقت کو غلط واقعات باور کرائے گئے۔ سلطنت و حکومت کے لیے خطرہ محسوس کرایا گیا۔ ہزاروں حیلے ایسے بنا رکیے کہ فوج کے نام صدیقِ ولایتؓ اور آپؓ کے دائرہ کے فقراءؒ کے قتل و تاراج کا حکم نامہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے اور 12 / شوال 930ھ ہجری میں چہار شنبہ کے دن عین الملک

کی سرکردگی میں ہزاروں کی تعداد رکھنے والی باقاعدہ مسلح فوج نے حملہ کیا۔اِس قدر اہتمام اِس لیے کیا گیا کہ تین لاکھ مریدوں کے پیر سے مقابلہ تھا۔امراء و رؤسا و عساکر، اکثر مہدوی ہو چکے تھے۔اُن کی شجاعت و استقامت اور ایمانی قوت شہرۂ آفاق تھی۔لیکن یہاں علماء و قاضیوں اور عہدہ دارنِ فوج کے اندازے کے بالکل برخلاف بے سروسامان اور فقر و فاقہ میں رہنے والے ساٹھ فقراء کی جماعت اِس جرار فوج کے مقابلہ میں پائی گئی۔فوج کے توپ خانے، ہاتھی گھوڑے، پیدل کی جو ترتیب تھی اُس کو اِس چھوٹی سی جماعت کے مقابلہ میں غیر ضروری سمجھ کر فوجی عہد دار نے ترتیب بدل دیے، اور پیدل فوج کو سامنے رکھنے کا حکم دیا۔اِس جنگ میں غیبی قوتوں کے عجیب عجیب کرشموں کا ظہور ہوا ہے۔صدیقِ ولاتؓ نے اپنی تلوار نیام سے چار انگل کھینچی تھی کہ الہامِ خداوندی ہوا، کیا دیکھتے ہیں کہ آسمان پر ہزاروں فرشتے اِسی طرح شمشیر بکف ہیں۔آپؓ نے منشاءِ خداوندی کو سمجھ لیا اور تلوار کو نیام میں رکھ لی۔نیزہ ہاتھ میں لے لیا نیزہ ٹوٹ گیا تو کوڑا لیا۔گو کوڑا کیا تھا غضب و قہر کا مظہر تھا۔

زد پر کوئی آ گیا پھر چھوڑا ہے؟ ☆☆☆ پٹکار دیا ہے خوب سر توڑا ہے
گھوڑے کو مع سوار دو کر کے رہا ☆☆☆ کہنے کو یہ کوڑا ہے مگر تھوڑا ہے؟

(استاذی المعیؔ مرحوم)

بندگی میاںؓ پر منکشف تھا کہ یہ وقت غیبی قوت کے ظہور کا ہے تاکہ حجتِ مہدیٔ موعودؑ پوری ہو۔اِس لیے آپؓ نے تلوار رہتے ہوئے منشاءِ ایزدی کے تحت صرف نیزے اور کوڑے پر اِکتفا کیا اور بفضلِ خدا کافی ہو گیا۔اور میدانِ جنگ میں اِس قدر انقلاب برپا ہوا کہ فوج کی توپوں کی زد اور جنگی ہاتھیوں کی روندل خود اُسی فوج کی تباہی کا باعث ہوئی۔مختصر یہ کہ تائیدِ غیبی نے جنگ کا نقشہ فقراء کی حیرتناک فتح سے بدل دیا۔یہاں تک کہ فقراء کی جماعت نے دو میل تک تعاقب کیا۔!!! بھاگی ہوئی فوج کا کچھ حصہ دائرے کی طرف سے گزرا تو اِس نے دائرے کے محافظ بے سروسامان بے ہتیار چالیس فقراء کو شہید کر دیا۔حضرت سید خوندمیرؓ اپنی جماعت کے ساتھ فاتح و منصور واپس آئے تھے کہ ملک شرف الدین، مسلح و باقاعدہ اسی (80) سواروں

کے ساتھ مدد کو پہنچ گئے۔ دیکھتے کیا ہیں کہ جنگ ختم ہو چکی لیکن اتنی بڑی جرار فوج کے مقابلہ میں چند فقراء کی فتح مندی کے ساتھ۔!!!ملک بہت رنج کرنے لگے کہ وہ اِس سعادت سے محروم رہ گئے۔

اِس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اِس جنگ کو صرف فقراء سے مخصوص رکھنے میں تائیدِ غیبی یہ بھی ہوئی کہ اُس دن جو جنگ ہوئی اِس کا علم مہدویوں کو عام طور پر نہ ہونے پایا۔ ورنہ لاکھوں کی تعداد میں جمع ہوتے اور ایک غضبناک جنگ ہو جاتی کیوں کہ خود حضرت سید خوندمیرؒ کے تخمیناً تین لاکھ مرید تھے۔

فاقہ ولا! سنا ہے شہِ خوندمیرؒ کا ☆☆☆ فاقہ بھی تین لاکھ مریدوں کے پیر کا

(استاذی المعیؔ مرحوم)

غرض حضرت شاہِ خوندمیرؒ نے فرمایا، ملک شرف الدین کیوں رنج کرتے ہو اس کے بعد کی جنگ میں تمہارا حصہ ہے۔ تمہارے دیر سے پہنچنے میں اللہ تعالیٰ کی مصلحت یہ تھی کہ آج کی جنگ صرف بے سروسامان فقراء فتح کر لیں تاکہ اللہ تعالیٰ کے خلیفہ کی پیشنگوئی پوری ہو۔ اگر ہماری اس جنگ میں تم شریک ہو جاتے تو ہماری اس فتح کو تمہاری امداد کی طرف منسوب کیا جاتا!!اب دنیا دیکھ لے گی کہ اِس کے بعد کی جنگ، تمہاری امداد کے باوجود ہماری شہادت پر ختم ہو گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بھاگی ہوئی فوج پھر مجتمع ہوئی۔ نئی تیاریوں کے ساتھ بمقام سدراسن 14 / شوال 930ھ ہجری جمعہ کے دن دوبارہ حملہ آور ہوئی اِس جنگ میں حضرت شاہ خوندمیرؒ کے سر کی قربانی رب العزت نے جو قبول فرمائی تھی وہ امانت ادا ہو چکی۔

ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل عظیم

☆☆☆☆☆

Roman: "Khabar-e-Qitaal" Hujjat-e-Mahdiyat hone ki bahes

Aor Hazrat Shah-e-Qasim Mujtahid-e-Groah RA ne tahreer farmaya hai:-

چنانچه صادق الوعد خبر داده بود ۔ ہمچناں من و عن وقوع یافت و حجتِ مہدی علیه السلام براں معجزه تمام شدد درین یک معجزه چندیں معجزه بر ثبوتِ مہدیتِ حضرت مہدی علیه السلام صادر شده است۔ (افضل المعجزات)

Translation:- Os Mukhbir-e-Sadiq ne jis tarha khabar de thi mino-an Waqoo pazeer huwi. Mahdi AHS ki hujjat is Mu'jizeh par poori huwi aor is aik Mu'jizeh mein kaee Mu'jizeh Hazrat Mahdi AHS ki Mahdiyat ke saboot mein sadir huwe hain.

Is se zahir hai ke Hazrat Mahdi AHS ne Khabar-e-Shahadat mein pahle din ki Fath ko bataun "Tahdi" apni Sadaqat-e-Mahdiyat ki Hujjat farmaya hai. Aor Muqaddameen wa Muta'-Akhireen ne bila ikhtelaaf "Hujjat" tasleem kiya hai. Agar yahan "Shart wa Mashroot" ka Muqaddama qaem kiya jaye to yeh Mansha'-e-Farman-e-Imam AHS ke sareeh mughaer aor roo-e-ta'reef wa Mahel-e-Istedlaal, Aasmaan wa Zameen ka farq hai. Aor is se Nafs-e-Farman ki tardeed lazim aaye gi na ke kisi aor ki!!! Jo Qata'ee na mumkin wa muhaal hai. Is liye ke sad ha dalayal wa baraheen aor hazar ha aayaat wa baiyinaat se Mahdi AHS ki Sadaqat sabit ki ja chuki thi paish Aane wali aik do Hujjataun tak jin ka Waqoo, Hayat-e-Pak ke ba'ad hone ki khabar di gaee thi Aap AHS par koi asar nahin pad sakta tha aor na is waqt ke Mo'mineen ke Quloob dagmaga sakte the. Balke in kaseer alamaat wa dalayal wa Mu'jizaat aor Sohbat-e-Kimiyaa' asar aor Ahkaam wa Ta'leemaat ki wajhe Aap AHS ki Sadaqat aor Aap AHS ke Akhbaar-e-Mughibah par Mo'mineen, Sadiqeen ke quloob mein yaqeen-e-Wasiq ho chuka tha ke beshak aisa zaroor ho ga kuin ke هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ ۔الخ(سورة البقره۔2)

Mo'mineen hi ki shaan hai.

Han jab is Hujjat ka Waqoo ho jata hai to Munkireen ke mua'riz ke liye Mo'mineen ke quloob par mazeed itme'naan hot aor mazeed taeed ka ba'as hot hai. Jaisa ke aaj bhi Mo'mineen ke liye Waqoo-e-Qiyamat aor do barah zindah hona waghairah Akhbaar-e-Mughibah par Iman rakhna lazim balke az rooey Aayaat wa Ahadees yeh bhi dakhil-e-shart-e-Iman hai. Hazrat Ibrahim AHS ka aik waqiyah is ke mutalliq Qur'aan -e-Majeed mein mazkoor hai ke:-

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰىؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْؕ قَالَ بَلٰى وَ لٰكِنْ لِّیَطْمَىٕنَّ قَلْبِیْؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًاؕ وَ اعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۲۶۰ (سورۃ البقرہ)

Translation:- Jab Ibrahim AHS ne kaha Aey mere Rabb mujhe dikha ke murde ko kis tarha zindah karta hai. Farmaya kiya tu Iman nahin laya. Ibrahim AHS ne kaha kuin nahin (Beshak Iman laya huin) laikin is liye ke qalb mutma'in ho jaye. Farmaya char (4) parinde lo aor un ko (paal kar) sada lo (ta ke tumhari aawaaz pahchane aor tumhare bulane par aane ki a'dat ho jaye) aor un (zabah kar ke tukde-tukde kar ke baham Mila kar is mein) ka aik-aik hissa aik-aik pahad par rakh do is ke ba'ad un (parindaun) ko Pukaro, tumhari taraf daudte chale aaein ge. Aor ach-chi tarha jan lo (Yaqeen kar lo) ke be shak Allah Ghalib hai, Hikmat wala hai.

Mufassireen ka bayan hai ke is Hukm ki bina par Hazrat Ibrahim AHS ne char (4) parindaun ka intekhab kiya, Kawwa, Kabouter, Murgh, Mor. In charaun ko sada ne ke ba'ad Zabah kar ke tukde-tukde kardiye baham mila kar charaun taraf char pahadaun par in tuk-dalun ka aik-aik hissa rakh diya. Is ke ba'ad unhuin ne jis parinde ko pukaar-a us ke ajza aik jageh jama' ho gaye aor woh zindah ho kar Aap AHS ki taraf udta huwa aaya. Is ahem waqiye ke qata-e-nazar Aaya-e-Sharifa mein jo omoor sarahatan maujood hain aql-e-saleem rakhne walaun ke liye bahut kafi

hain. "وابعث بعد الموت حق" (marne ke ba'ad zindah hona Haq hai) jo Iman-e-Mufassil ka aik juz hai. Hazrat Ibrahim AHS ka suwal isi se muta'liq hai. yeh baat dakhil-e-Eimaaniyaat hone ka badehi saboot yeh hai ke Allahu Ta'aala ne saath hi suwal farmaya ke "اولم تومن" (kiya tu Iman nahin laya?) Hazrat Ibrahim AHS ne fauran jawab diya بلٰی kuin nahin, ya'ni beshak is par Iman laya huin) is ke ba'ad suwal ka sabab bayan karte hain ke "ليطمئن قلبی" (ta ke mera qalb mutma'in ho jaye.) Allahu Ta'aala ne itme'naan qalb hone ki woh surat unhein batlaee jis-Jis ka zikr Aaya-e-Shareefah mein hai. aor jis ka waqia' Mufassireen ne bayan kiya hai aor saath hi yeh bhi farma diya ke: "وَاعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ"

(yaqeen kar lo Allah Ghalib aor Hikmat wala hai) yahan apni Shan-e-Qudrat ko zahir karne ke liye jo lafz laye gaye hain inteha darje Quwwat-e-Bayan ke hamil hain aor Khusoosan is mauqe par Aziz wa Hakeem ke lafz intehaee bala-ghat wa Asraar ke mazhar hain. Is mukhtesar tauzih se zahir hai ke Waqoo-e-waqiyah se qabl Iman lana aor Waqoo ke ba'ad us Iman par itme'naan ka izafaa hona yeh do omoor aise hain ke jin ko aik Olul-azm Paighambar AHS ne paish kiya aor Allahu Ta'aala ne is ki takmeel farmaee hai.

Isi tarha Hazrat Mahdi AHS ne apne Wisaal ke ba'ad Lahad-e-Mubarak mein apna Jasad-e-Athar na paye jane aor Hazrat Syed Khundmir RZ par bahaesiyat Badal-e-Zaath, "قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا" ka zahoor hone aor us ka Muqatila mein pahle roz agar che ke tamaam duniya ke log muqabil ho jaein Hazrat Syed Khundmir RZ ki fath hone aor ba'ad mein Shaheed ho jane, Jasad-e-Athar ke teen hisse kiye jane ki jo khabar di aor is ke Waqoo ko Aayat ya Hujjat-e-Mahdiyat jo farmaya us par sab Mo'mineen ne kamil Iman laya aor Yaqeen kar liya ke beshak aisa hoga. Jab ke Imamuna AHS ke Wisaal ke ba'ad Lahad-e-Mubarak mein Jasad-e-Athar wa Anwar na paya gaya. Aor Waqoo-e-Qitaal-e-Hazrat Syed Khundmir Siddeeq-e-Vilayat RZ ke waqt pahli jung mein ba-Qaeda Musaleh taqatwar shahi jar-raar fauj ko

chand be sar wa samaan Sahib-e-Faqr-wo-Faqa nufoos-e-qudsiya ke muqabile mein Hazeemat huwee aor dosri jung mein ba'az umara' wa Musaleh Sarwaruan ki Imdaad ke bawajood Hazrat Siddeeq-e-Vilayat RZ ki mae rufaqa Shahadat hogaee aor jism-e-Mubarak ke teen hisse kiye ja kar Chapanir, Patan, Sudrasan teen jage supurd-e-khak kiye gaye to us waqt us sab Mo'mineen par jo qabl-e-Waqoo Iman la chuke the mazeed itme'naan se Musharraf hone ka mauqa hasil huwa aor Munkir-een ke muqabile mein Aakhir Muhtim-bish-shaan Hujjat qaem huwee. Makhfi ma-baad ke aayat

" فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِی ۔ الخ "(سورۃ اٰل عمران۔195)

Translation:- so, jin logaun ne Tark-e-Watan kiya aor apne gharaun se nikale gaye aor eiza diye gaye Meri rah mein…

Qiyamat tak har Mo'min in sifaat ka misdaaq ho sakta hai. Yah khusoosiyat ki bahes jo ki gayee wo is lehaaz se hai ke Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS, Insan-e-Kamil aor Taba-e-Taam hain is liye Aap AHS mein bhi un sifaat ka ba-darja-e-atam paya jana zaroori hai. Teen sifaat to poori ho chuki thein chauthi sifat is wajhe se ke Mahdi-e-Mau'ood AHS pa koi Ghalib nahin aasakti, baqi rah gaee. Jis ki takmeel ke liye Hazrat Syed Khundmir RZ ko minjanib Allah Muntakhib kiya gaya aor isi liye aap RZ ke maratib balan kiye gaye. Hazrat Syed Khundmir RZ ki Shahadat do haisiyat-aun ki hamil hai aik badal-e-sifat-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS, dosri yeh ki ba-haisiyat-e-Mo'min khud un ki sifat bhi is mein shamil hai chunache Riwayat hai ke:-

Mahdi AHS ne " فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِی۔الخ "(سورۃ اٰل عمران۔195)

Ke bare mein bayan farmaya ki yeh Aayat bataur-e-asalatan Ashaab wa Taba'yeen-e-Muhammad Mustafa SAWS ke Sharf ke barre mein hai aor Mahi ki jama'at mein jo log in ausaaf se muttasif hon ge un ko bhi is Aayat ka Sharf hasil hai. Is Aayat-e-Shareefa par bayan ho chukne ke ba'ad Miyan Syed Khundmir RZ aaye to Hazrat Mahdi AHS ne farmaya,

is be-chare Syed par to chaha-chaha hoga? Kiya-kiya na hoga. (Riwayat 198)

Mulahezah ho is Riwayat se omoomiyat wa khusoosiyat dono pahlu wazeh ho rahe hain. Hasil yeh ke zair-e-bahes mazmoon mein ziyada tar khusoosiyat wa ahmiyat Badla-e-Zaath-e-Hazrat Mahdi AHS ke lehaz se hai. Aor pahli Jung ki Fath to Sadaqat-e-Mahdiyat ka Maujizah hai jis tarha ke Jung-e-Badar ki Fath Hazrat Khatamun-Nabiyeen AHS ka Maujizah thi. Aor is Hujjat-e-Mahdiyat ka Zahoor sirf Hazrat Syed Khundmir RZ ki zaath se Makhsoos wa muqaddar tha, is liye Qudrat-an aise asbaab paida huwe ke Aap AHS ke chand Makhsoos Fuqara Khulafa ke siwaye Sahaba-e-Mahdi-e-Mau'ood AHS se koi bhi is Jung mein shareek na ho sake, dar Katbaat-e-Ikhtelaf jin ka bayan aage aayega woh bhi inhein Asbaab mein se hain.

Causes of the War

The explications given by Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ about the causes of the war are found in Parables 176 and 187.2 They will show that the Mahdavis were subjected to unprecedented and cruel persecution. The huts of these elderly respected servants of Allah were burned. Some people were buried alive in a wall while constructing it. Some were branded with red-hot iron claws on the foreheads. All kinds of cruelties were perpetrated on them. The Muslim Ulama and officials did all this in their pride and arrogance of Government power. They had issued a fatwa that the reward of killing a Mahdavi was equal to that of killing a number of highway robbers. The fatwa was implemented too.

At this juncture, Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ prepared an Istefta (a document seeking religious advice on legal matters) and sent it to the Ulama. It was as under: "What is the verdict on the Mufti (authority that issues a fatwa – a religious edict) who orders the killing of the Muslims who have reposed faith on Prophet Muhammad SAWS and who work in obedience to his commandments?" The Ulama replied:

"The Mufti himself is liable to be slain." Further, the Qur'aan says, "And if anyone is slain wrongfully, We have given his heir authority (to demand Qisas or to forgive); but let him not exceed bounds in the matter of taking life.) In accordance with this parable, avenging the oppressed Martyrs and protection of the strong religion (Deen-e-Mateen) was necessary. Hence, Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ ordered the slaying of the Muftis, who had affixed their signatures on the edict of slaying the Mahdavis. When the slaying of the Muftis started, the Qazis and Ulama were scared and in great confusion. Sultan Muzaffar was the young and inexperienced king of Gujarat. They made him believe fictitious incidents and that his dominion was in danger. They resorted to subterfuge resulting in a command of the king to the army for the slaying of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ and destroying his Daira. On Wednesday, the 12th of Shawwal, 930 AH, a well trained and equipped army of thousands, under the command of Ainul-Mulk, attacked the Daira. Arrangements were made to fight the preceptor (Murshid) of three hundred thousand disciples. Most of the nobles of the court and commanders of the army had converted to the Mahdavi Faith and their bravery, steadfastness and devotion to their faith and religion were well known all over the world. But here the situation was entirely different from what was envisaged by the ulama, the Qazis and the army officers. Here were the indigent and starving fuqara' without any arms and ammunition. Their number was a scanty sixty. The battery, elephants, horses and the military formations all were thought to be unnecessary in fighting this small group of people. The army commander changed the formation and ordered that the foot soldiers should go in the front. The

Unknown Power worked strange wonders in this war. Bandagi Miyan RZ drew his sword four inches from its sheath. He was divinely inspired. What he sees is that thousands of angels had come out on the skies with their swords drawn four inches from their sheaths. Bandagi Miyan RZ comprehends the Divine Will and returns his sword to its sheath. Then he took a spear. When it broke down, he took a whip in his hand, and that manifested the anger and fury. Hazrat Alma 'ee has said, "When somebody came as the target, he was reviled. The mounted soldier with his steed were separated. Ostensibly it was a whip, but was it so ineffective?" Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ knew by divine inspiration that this was the time of the manifestation of the Divine Power so that the Mahdiat of Hazrat Imam Mahdi AHS was proved. Hence, despite having a sword, he did not use it. Instead, in deference to the will of Allah Most High, he used the spear and the whip. This was enough by the Grace of Allah. The situation drastically changed. The cannons and the guns backfired to the disadvantage of the official army. The elephants turned and trampled and destroyed it. The Divine help had changed the picture. The group of the ill-equipped fuqara' had won and pursued the official army for over two miles. A part of the runaway army passed by the way of the Daira and it Martyred the forty unarmed fuqara', who were on guard duty at the Daira. When Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ returned victorious with his followers, Malik Sharfuddin RA arrived with his trained contingent of eighty armed soldiers to help him. What he sees is that the war was over with the few fuqara' winning against the colossal government hordes. The Malik RA regretted that he could not get the bounty of joining the war in support of Bandagi Miyan RZ. This also shows that the war on that day was specifically for the fuqara'. The divine help was also that the common Mahdavis were not aware of the war on that day. Otherwise, hundreds of thousands of Mahdavis would have converged at the battlefield and a fierce battle would have been fought there as there were over three hundred thousand Mureed (Disciples) of Bandagi Miyan RZ and they

would have come and joined his group. In short, Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ said, "Grieve not, O Sharfuddin.

There is a share for you in the ensuing war. And Allah's Wisdom in your late reaching here was that the ill-equipped fuqara' should win today's war without outside help so that the prediction of the Vice-regent of Allah came true. Had you joined the war today along with us, our victory would have been considered to be the result of your help. The world will now see that despite your help, the war would end with our Martyrdom." It actually happened that way. The defeated army of the state was rearranged and it advanced with new arms, ammunition and preparations and attacked the fuqara' at Sudrasan on Friday, the 14th of Shawwal, 930 AH. In that day's war Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ was Martyred along with many of his Companions. His body was buried at three places. In this way, Bandagi Miyan RZ kept his promise to sacrifice a hundred heads, which he had given on the day of his first meeting with Hazrat Imam Mahdi AHS and which Allah Most High had graciously accepted. Allah says: "He bestowed on whomsoever He wills."

☆☆☆☆☆

واقعاتِ جنگ اور ہمعصر مورخین

گجرات کی کتبِ تواریخ میں اِس مہتم بالشان وقعہ کا ذکر جو نہیں پایا جاتا ہے اُس کی حقیت "مروت سکندری" کے اِس بیان سے واضح ہو سکتی ہے۔

مخفی نہ ماند کہ مظفر شاہی دروقتِ سلطنت و بادشاہی مظفر شاہ تالیف یافتہ و احمد شاہی درزمانِ حیات احمد شاہ محمود شاہی در آوان بقائے سلطان محمودو مظفر شاہی و بہادر شاہی

دروقت وجود سلطان مظفر و سلطان بہادر ظاہر است که مولفین ہر کدام چشم صله پاس خاطر آنحضرت داشته اند ازیں جہت تواریخ مذکور اشتمال بر تمام حقایقِ احوال ندارند ۔ غیر از قصه که مشتمل بر مدح باشد دراں تواریخ تحریر نیافته ۔ (مروت سکندری)

ترجمہ:- مخفی نہ رہے کہ شاہی مظفر، مظفر شاہی کی سلطنت کے زمانہ میں تالیف ہوئی اور احمد شاہی، احمد شاہ کی زندگی میں اور محمود شاہی سلطان محمود کے زمانہ میں اور مظفر شاہی و بہادر شاہی، سلطان مظفر و سلطان بہادر کے زمانہ میں۔ اِس سے ظاہر ہے کہ ہر کوئی مولف بنظرِ صلہ، حاکمِ وقت کا پاسِ خاطر رکھا ہے اِس لیے تواریخِ مذکورہ، تمام حالات و واقعات پر مشتمل نہیں ہیں۔ بجز مدح کے قصوں کے اور کوئی بات نہیں پائی جاتی۔

ایسی صورت میں خوشامد پرست مورخین یہ کیسے لکھ سکتے تھے کہ سلطان مظفر کی کثیر فوج نے بندگی میاں سید خوندمیرؒ کی قلیل و بے سر و سامان جماعت سے ہزیمت اٹھائی ہے۔ بلکہ ممکن تو یہ تھا کہ اِس کے برخلاف لکھتے۔!! معاصر مورخین کا سکوت، اِس امر کا ثبوت ہے کہ وہ اظہارِ حقیقت لکھنے کی بھی اُنھوں نے جرأت نہ کی۔

☆☆☆☆☆

Roman: Waqe ‘aat-e-Jung wa Hum-Asar Moarrikeen

Gujrat ki Kutub-e-Tawareekh mein is Muhtim-bish-shaan waqe’ ka zikr jo nahin paya jata hai us ki haqeeqat “Murawwat Sikandari” ke is bayan se wazeh ho sakti hai.

مخفی نه ماند که مظفر شاہی دروقتِ سلطنت و بادشاہی مظفر شاه تالیف یافته و احمد شاہی درزمانِ حیات احمد شاه محمود شاہی در آوان بقائے سلطان محمودو مظفر شاہی و بہادر شاہی دروقت وجود سلطان مظفر و سلطان بہادر ظاہر است که مولفین ہر کدام چشم صله پاس خاطر آنحضرت داشته اند

ازیں جہت تواریخ مذکور اشتمال بر تمام حقایقِ احوال ندارند ۔ غیر از قصہ کہ مشتمل بر مدح باشد دراں تواریخ تحریر نیافتہ ۔ (مروت سکندری)

Translation:- Makhfi na rahe ke Shahi Muzaffar, Muzaffar Shahi ki saltanat ke zamane mein Taleef huwe aor Ahmad Shahi, Ahmad Shah ki zindagi mein aor Mahmood Shahi, Sultan Mahmood ke zamane mein aor Muzaffar Shahi wa Bahaddur Shahi, Sultan Muzaffar wa Sultan Bahaddur ke zamane mein. Is se zahir hai ke har koi Muallif ba-Nazar-e-Sila, Hakim-e-Waqt ka Pas-e-Khatir rakha hai, is liye Tawareekh-e-Mazkoorah, tamaam halaat wa Waqe 'aat par musta'mil nahin hain ba juz Maddah ke Qissaun ke aor koi baat nahin paee jati. Aisi surat mein khushamad parast Moarrikheen yeh kaise likh sakte the ke Sultan Muzaffar ki Kaseer Fauj ne Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ ki Qaleel wa Be-sar-wo-saman jama'at se Hazeemat uthaee hai. Balke mumkin to yeh tha ke is ke bar khilaf likhte!!! Mua'sir Moarrikheen ka sukoot, is amr ka saboot hai ke woh izhar-e-haqeeqat likhne ki bhi unhuin ne Jurat na ki.

War and contemporary historians

There is no mention of this Grand Event in the history books of Gujarat. Why? The book, Murawwat-e-Sikandari compiled during the reign of Muzaffar Shah in Gujarat, while Mahmood Shahi, another book was compiled during the reign of Mahmood Shah; Sultan Shahi yet another book during the reign of Sultan Mahmood; Muzaffar Shahi book and Bahaddur Shahi book during the reigns of Sultan Muzaffar and Sultan Bahaddur. This shows that every historian looked to the ruler for monetary gain. Hence, the history books written in that period of the five rulers do not contain the names, details of conditions and events of the country. There is nothing in these books other than the flattering praises of the respective Monarchs in Power."

Under such circumstances, how could the sycophant-historians write that the large army of King Muzaffar of Gujarat was defeated by a handful of starving Fuqra' of Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ? What was possible was that they could write falsehoods. The silence of the contemporary historians is proof enough that they were incapable of telling the truth. They had no temerity to write falsehoods either.

☆☆☆☆☆

اسبابِ جنگ کے بارے میں بعض صحابہؓ کا اختلاف یا مشورہ

روایت(51)،(176)،(177)میں حضرت بندگی میاں سید خوندمیرؓ سے جن صحابہؓ کی مخالفت اور کتبہ کا ذکر ہے یہ مخالفت ایسی نہیں جیسی کہ حضرت علی و حضرت معاویہ و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کے درمیان پائی گئی تھی۔اور جس طرح اِن حضرات میں سے کسی ایک کے متعلق،عقیدت کی ذرا سی کمی بھی خسارۂ ایمان و آخرت کا باعث ہو سکتی ہے۔اِسی طرح ہم کو یہاں بھی ڈرنا ہے کیوں کہ اِن میں سے ہر ایک کے لیے جلیل القدر مناقب وبشارات،حضرت مہدی علیہ السلام نے بیان فرمائے ہیں اِس لیے دل میں شبہ اور دامنِ خیال پر دھبہ نہ آنا ہی شانِ ایمان ہے۔

سب صحابہؓ باہم بے حد اخلاص و محبت رکھتے تھے۔اور اُن کو بجز مسائلِ دینیہ کے کسی اور اُمور سے سروکار نہ تھا۔کتبہ مخالفت جن صحابہؓ سے تعلق تھا اُن سب حضرات نے حضرت بندگی میاں سید خوندمیرؓ کا شرفِ بیانِ قرآن تسلیم کیا ہے اور بیعت بھی کی ہے۔روایت(235)،(255)میں اِس کا بیان موجود ہے ملاحظہ کیا جائے۔اور " پنج فضائل "میں بھی اِسی مضمون کی روایت بیان ہوئی ہے۔جس میں مخالف علماء سے مناظرہ کی صورت میں مہدی علیہ السلام کا ثبوت کس طرح پیش کیا جائے۔ اِس بارے میں گفتگو درج ہے اِس گفتگو میں حضرت بندگی میاں شاہ نظامؓ و حضرت بندگی میاں شاہ نعمتؓ و حضرت بندگی میاں شاہِ دلاورؓ و حضرت بندگی میاں ملک جیؓ وغیرہ شریک تھے۔اِس روایت کی آخری عبارت یہ ہے:-

پس بندگی میاںؓ فرمودند که بصدقۂ خوندکار ما از جمله قرآن ازہریک حرف از الف تا سین ذاتِ حضرت میراں علیه السلام را ثابت بصحت رسانم پس ہمه اصحاب بیعت کردند۔و گفتند که کسے را ایں حجت است ازمیاں ما بزرگ است۔ (پنج فضائل)

ترجمہ:-پس بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ ہمارے خوندکار (حضرت مہدی علیہ السلام) کے صدقہ سے قرآنِ مجید کے ایک ایک حرف (الم) کے الف سے (والناس) کے سین تک مہدیتِ ذاتِ میراں علیہ السلام کا ثبوت دوں گا۔پس تمام صحابہؓ نے بیعت کرلی اور فرمایا کہ جس کے پاس ایسی محبت ہو وہ ہم میں بزرگ ہیں۔

آپؓ کے بیانِ قرآن کی خصوصیت، روایت(235) سے ظاہر ہو سکتی ہے جس میں یہ جملہ بیان ہوا ہے کہ:-

بعد ازمراقبه دراز بندگی میاں سید خوندمیرؓ چشم کشاده فرمودند که دانسته بودم که چه بیان کنم لیکن ہمیں زماں حضرت رسول الله صلی الله علیه و سلم آمده مصحف بدستِ بنده داده فرمودند که بیان کن۔ (روایت 235)

ترجمہ:-طویل مراقبہ کے بعد بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے آنکھ کھول کر فرمایا میں سمجھا تھا کہ کیا بیان کروں لیکن اِسی وقت حضرت رسول اللہ ﷺ نے تشریف فرماہو کر قرآنِ شریف اِس بندے کے ہاتھ میں دے کر فرمایا کہ بیان (قرآن) کرو۔

اور ایک روایت حضرت شاہِ قاسم مجتہدِ گروہؒ نے بیان کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا بیانِ قرآن وہی ہوتا تھا جو حضرت مہدی علیہ السلام سے آپؓ نے سنا اور سمجھا ہو:-

نقل است بندگی میاں رضی الله عنه' دربیانِ کلام الله آیتے را بیان نه کردند زیرا که معنی آں آیت اززبانِ حضرت میراں علیه السلام یاد نه بود بعد ازمدتے حضرت میراں علیه السلام در مکاشفه حضرت بندگی میاںؓ را فرمودند که سید خوند میرؓ ماحصل ایں آیت بنده چنیں گفته است - پس بندگی میاںؓ بطریقِ حکایت گفتند ۔۔ الخ (دلیل العدل و الفضل)

ترجمہ:-روایت ہے کہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے بیانِ کلام اللہ کے وقت ایک آیت کا بیان نہ کیا۔کیوں کہ یاد نہ رہا۔ایک

عرصہ بعد حضرت مہدی علیہ السلام نے بحالتِ مکاشفہ، بندگی میاںؓ سے فرمایا کہ سید خوندمیرؓ! بندہ نے اِس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے۔ پس بندگی میاںؓ نے بطورِ روایت بیان کیا۔

اِس سے ظاہر ہے کہ آپؓ کا بیانِ قرآن وہی ہوتا تھا جو آپؓ نے حضرت امامنا علیہ السلام کی زبانِ مبارک سے سنا اور سمجھا ہو اِس لیے جو تفسیر آپؓ کی ثابت ہو، اُس پر مہدی علیہ السلام کی تفسیر ہونے کا اعتقاد لازم ہو جاتا ہے۔ اِسی خصوصیت اور اِسی شرف کی وجہ آپؓ کے معاصرینؓ نے آپؓ کی فضیلت کا اعتراف کیا اور بیعت بھی کی ہے۔ اِس حقیقت کی بناء پر کتبہ سے متعلقہ روایات کو غلط ٹھیرانا بھی اُصول منقول کے خلاف ہے کیوں کہ وہ روایات نقلیاتِ حضرت بندگی میاں عبدالرشیدؓ و انصاف نامہ وغیرہ معتبر کتابوں میں موجود ہیں۔

ہم یہاں ایسی تفصیلات پیش کریں گے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ اِس اختلاف کا تعلق کس حد تک، کب تک اور کیوں تھا۔

"روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت میاں سید خوندمیرؓ نے معاملہ (خواب) دیکھا کہ حضرت مہدی علیہ السلام کا وصال ہو گیا ہے اور بعض صحابہؓ اِن سے مخالفت کر رہے ہیں۔ اِس کے بعد آپؓ نے اِس واقعہ کو حضرت مہدی علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا۔ حضرتؑ نے فرمایا جو کچھ تم نے دیکھا، ویسا ہی ہو گا۔ تم پر بے دینی ثابت کریں گے تم استقامت سے رہو۔ حق تمہاری طرف ہے یہ لوگ رجوع کریں گے۔ (روایت 26)"

اِسی مضمون کی روایت "انصاف نامہ باب (17) میں اور "مطلع الولایت" میں بھی درج ہے اور ایک دفعہ حضرت سید خوندمیرؓ نے فرمایا:- "لیکن خدائے تعالیٰ ان کو رجوع کا موقع عطا فرمائے گا اور اِس مخالفت پر افسوس کریں گے کیونکہ اُن لوگوں کے حق میں حضرت مہدی علیہ السلام نے بشارتیں فرمائی ہیں۔ یہ لوگ مبشرِ مہدی علیہ السلام ہیں۔ خدائے تعالیٰ اُن کو خطا پر مصر نہ رکھے گا۔" (روایت 176)

اِن روایات سے ظاہر ہے کہ بعض صحابہؓ کی مخالفت، اچانک نہیں پیش آئی بلکہ پہلے ہی منجانب اللہ اِس کی خبر ہو چکی تھی۔ اور یہ ہونا مقدر تھا، ہو کر رہا۔ جو ہوا اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے اور اِسی کی مصلحت کے مطابق ہوا لیکن مخالفت کی اِن روایات

کی وجہ سے حضرت مہدی علیہ السلام کی اُس پیشگوئی پر جسے آپؑ نے بطورِ تحدی و حجتِ مہدیت، بندگی میاںؓ کے ولادت، شہادت کے متعلق بیان فرمائی بحیثیتِ اُصول و مراتب روایت کوئی نقص نہیں وارد کیا جاسکتا کیونکہ کتبۂ زیر بحث کا نظر غائر مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اِس میں کہیں ایسا کوئی لفظ موجود نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ حضرت سید خوندمیرؓ کے "حاملِ بارِ امانت" اور "بدلۂ ذات" ہونے کے بارے میں کسی نے کوئی اختلاف کیا ہو۔!!! اِس کا پورا مضمون محولہ نمبر کی روایت میں دیکھا جاسکتا ہے۔

کتبۂ مذکور الصدر کچھ الفاظ کی کمی و بیشی کے ساتھ انصاف نامہ کے قلمی نسخوں میں بھی پایا جاتا ہے اور حال کے مطبوعہ نسخہ میں بھی درج ہے۔ ملاحظہ ہو باب (16) اور میاں سید نور محمدؒ بن میاں سید محمودؒ جدِ خاندانِ اہلِ اکیلی کے ہاتھ کا نقل کیا ہوا انصاف نامہ کا جو نسخہ ہے اِس میں زیادہ واضح عبارتیں ہیں اور اصحابِ کتبہ کی شرح دستخط بھی درج ہیں۔

غرض اِس تحریر سے ظاہر ہے کہ اختلاف کا تعلق خبرِ قتال، حضرت صدیقِ ولایت کے حق میں ہونے یا نہ ہونے سے نہیں ہے بلکہ موقع و محل اور اسبابِ جنگ پر اختلاف ہے۔ اور اِس کی بناء تین اُمور بیان ہوئے ہیں۔

(1) منکرِ مہدیؑ کو کافر نہ کہنا چاہیے۔ حالانکہ آیت و حدیث کے تحت حکمِ کفر کو خود اُن حضرتؓ نے کتبہ میں درج فرمایا ہے۔ لیکن صرف اعتقاد کافی قرار دیا ہے۔

(2) حکمِ اخراج کی تعمیل کرنی چاہیے حضرت مہدی علیہ السلام کا عمل یہی تھا۔

(3) کلمہ گو سے قتال درست نہیں۔

اصحابِ کتبہ کا یہ مشورہ یا اختلاف فرامینِ حضرت مہدی علیہ السلام کے غیر مطابق تھا۔ اِس لیے حضرت سید خوندمیرؓ نے اِس کتبہ کے ملاحظہ کے بعد فرمایا:- " ایشاں از اقرارِ مہدیت بر گشتہ اند، رجوع باید کرد " یعنی یہ لوگ اقرارِ مہدیت سے برگشتہ ہو گئے ہیں اِنھیں رجوع کرنا چاہیے۔ نیز فرمایا کہ:- بندہ را معذور دارید کہ ہروقت کہ کسے سخن

مہدی علیہ السلام را تاویل و تحویل کند حلمِ بندہ نمی ماند یعنی بندہ کو معذور رکھو جس وقت کہ کوئی شخص مہدی علیہ السلام کے فرمان میں تاویل و تحویل کرتا ہے تو بندہ کا حلم باقی نہیں رہتا ہے۔

(1) انکارِ مہدی کفر ہونے کے باب میں جو فرامین و روایات مذکور ہیں اور توضیحات کے حصہ میں اُن روایات پر آیات و احادیث اور اصولِ استخراج احکام کے لحاظ سے جو استدلال کیا گیا ہے اِس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اِس مسئلہ میں حضرت سید خوندمیرؓ کا موقف کیا تھا۔ اِس کے علاوہ بعد میں انکار کفر ہونے پر بحیثیتِ اجماع سب صحابہؓ میں اتفاق ہو چکا اور محضرے بھی ہوئے ہیں چنانچہ محضرۂ حضرت بندگی میاں شاہ دلاورؓ نہایت واضح و بادلیل ہے جو حال میں طبع ہو کر شایع ہو چکا ہے۔ جس میں استادنا محمد سعادۃ اللہ خانصاحب کی عالمانہ تصریحات بھی ہیں۔

(2) اعتراض کا دوسرا نقطہ، حکمِ اخراج کی تعمیل نہ کرنا ہے۔ اِس بارے میں بھی بندگی میاںؓ کا موقف واضح ہے۔ کیونکہ مستند روایات سے ثابت ہے کہ آپ کو کئی مقامات پر اخراج کا حکم دیا گیا اور آپ اُس کی تعمیل کرتے رہے۔

بست و سہ سال میں کیا قہر ہے چوبیس اخراج ☆☆ سبقتیں لے گئے مظلوم وہ سیاروں پر (المعیؔ مرحوم)

اِس کے علاوہ حضرت مہدی علیہ السلام کے ایسے عمل کی نظیر بھی موجود ہے کہ آپؑ نے حکمِ اخراج پر عمل کرنے سے انکار کر دیا تھا روایت ہے کہ:-

بادشاہ سندھ خواست کہ از ملک خود اخراج نماید قاضی را فرستادہ گویانید کہ فرمانِ بادشاہ است کہ ازیں جا بیشتر شوید۔ حضرت امام علیہ السلام فرمودند کہ فرمانِ بادشاہ تو ترا است قاضی گفت کہ اطاعتِ الوالامر لازم است۔ آنحضرتؑ فرمودند حالانکہ تو قاضی ہستی بگو کہ شرطہائے الوالامر در بادشاہ تو ہستند؟ اگر باحکام شرعییہ او را الوالامر ثابت کنی تابندہ بر گفتہ او فی الحال برود۔۔۔" (قاضی) گفت اگر کسے در ملکِ خویش جاندہد پس چہ باید کرد فرمودند بگوئی کہ ملک سندھ ازاں باشاہِ سندھ است و قطعۂ گجرات ازاں آمر اوست و بوم خراسان ازاں حاکم او ہمچنیں ہر ملکے و ہر شہرے و ہر دیہے را بزعم خود ہر کسے حکم

وارثت دارد پس ان کے زمین خدائے را بنمائید که خالص مرخدائے را باشد تا آنجا بندگانِ خدا محض خدائے را عبادت کنند۔۔۔ فرمودند که بادشاہِ خود را بگو که بجز فرمانِ خدائے تعالیٰ ہرگز از جائے نه روم۔ پس اگر تو با جمیع لشکرو شوکتِ خود بیائی انشاء اللہ تعالیٰ بنده بایک خدائے خویش برتو غالب آید۔ (مطلع الولایت)

ترجمہ:- بادشاہِ سندھ نے اپنے ملک سے آپؑ کے اخراج کا ارادہ کیا اور قاضی کے ذریعہ کہلوایا کہ بادشاہ کا فرمان ہے کہ یہاں سے آگے چلے جائیں حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا تمہارے بادشاہ کا فرمان تمہارے لیے ہے۔ ہمارے بادشاہ کا حکم جس وقت ہو گا ہم آگے چلے جائیں گے۔ قاضی نے کہا کہ الوالامر کی اطاعت لازم ہے۔

آنحضرتؑ نے فرمایا حالانکہ تم قاضی ہو کہو کہ تمہارے بادشاہ میں الوالامر کی کونسی شرائط موجود ہیں۔ اگر احکامِ شرعیہ کی رو سے تم الوالامر ثابت کر دو گے تو بندہ اِسی وقت چلا جائے گا۔۔ (قاضی نے) کہا اگر کوئی اپنے ملک میں جگہ نہیں دیتا ہے تو کیا کرنا چاہیے؟ آپؑ نے فرمایا کہ ملکِ سندھ، سندھ کے بادشاہ کا ہے خطۂ گجرات، حاکمِ گجرات کا خراسان کی سرزمین وہاں کے حاکم کی ہے اِس طرح ہر ملک ہر شہر اور ہر قریہ پر ہر ایک اپنے اپنے زعم میں وراثت کا حکم جتلاتا ہے۔

پس تھوڑی سی زمین ایسی بتلادو جو خاص خدائے تعالیٰ کی ہو تا کہ خدا کے بندے وہاں صرف خدا کی عبادت کر سکیں۔۔۔۔

فرمایا جاؤ اپنے باشاہ سے کہو کہ ہم بجز خدائے تعالیٰ کے فرمان کے یہاں سے ہر گز نہ جائیں گے۔ پس اگر تم اپنی پوری فوج و شوکت کے ساتھ بھی آؤ گے تو انشاء اللہ تعالیٰ بندہ اپنے ایک خدا سے تم پر غالب آجائے گا۔۔۔ الخ

یہ روایت طویل ہے ہم نے یہاں ضرورۃً خاص خاص حصے نقل کیے ہیں جس سے معلوم ہو رہا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے بعض موقعوں پر حکمِ اخراج پر عمل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ کیوں کہ آپؑ جو کچھ کرتے خدائے تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہ کرتے تھے اور حضرت سید خوندمیرؒ کو بھی اُس وقت ایسی ہی صورت پیش آگئی تھی چنانچہ روایت ہے کہ:-

معلومباد که چونکه لشکرِ منکرانِ حق باستعدادِ تمام آمده گویند ازیں ولایت بردید که علماء فتویٰ داده اند اگر نه روند قتل کنید۔ بعده میاں سید خوندمیرؒ فرمودند که کرت و مرت مارا

کشیدند مارفتم و دریں کرت مرا از حق تعالیٰ و از رسول علیہ السلام و از مہدی علیہ السلام اذن شدہ است۔

بدیں عبارت الا ان القضیٰ فقد مضیٰ ان صبرت فانک ماجوروان حذرت فانک مہجور۔۔۔۔۔الخ

(روایت 175)

ترجمہ:- واضح ہو کہ مخالفین کی فوج جب پوری تیاریوں کے ساتھ آئی تو (افسروں نے) کہلایا کہ اِس مملکت سے چلے جاؤ کیونکہ علماء نے فتویٰ دے دیا ہے کہ اگر نہ جائیں تو قتل کر دیے جائیں۔ اِس کے بعد میاں سید خوندمیرؒ نے فرمایا کہ ہم کو بار ہا کھینچ کر (باہر کیا جاتا رہا) اور ہم اخراج قبول کرتے رہے۔ اِس دفعہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور ذاتِ رسول علیہ السلام و حضرت مہدی علیہ السلام کی طرف سے بار بار حکم ہو رہا ہے کہ خبردار!! جو ہونا ہے ہو کر رہے گا اگر تم صبر کروگے تو اجر پاؤگے اگر ڈر جاؤگے تو (اللہ سے) دور ہو جاؤگے۔

ہم نے یہاں بقدرِ ضرورت اِس روایت کا ایک حصہ درج کیا ہے۔ کتبِ نقلیات میں یہ روایت پوری دیکھ لی جائے تو مزید معلومات ہوں گے اور اندازہ ہو سکے گا کہ اُس وقت بندگی میاںؒ کا موقف کیا تھا۔ اور آپؒ نے حکمِ اخراج کی تعمیل جو نہیں فرمائی کس قدر اقتضائے دین کے عین مطابق تھا۔

(3) اِسی طرح کلمہ گویوں سے قتال پر اعتراض کے بارے میں بھی آپؒ نے توضیح فرمادی ہے چنانچہ کتبۂ معترضہ کے ملاحظہ کے بعد آپؒ نے جواب میں یہ روایت بھی سنائی کہ:-

"ایک روز ایک عالم حضرت مہدی علیہ السلام سے بحث کر رہا تھا اور کسی طریقہ سے بھی تفہیم نہ پا رہا تھا اِس وقت حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ لوگ دلیل و علم سے تفہیم قبول نہیں کریں گے اپنے دستِ مبارک سے تلوار بلند کر کے فرمایا کہ: اِن کے لیے اب یہ رہ گئی ہے اگر خدائے تعالیٰ حکم دیتا تو میں اِن لوگوں سے جزیہ وصول کرتا۔ یہ جزیہ دہندہ کے حکم میں ہیں۔"

پس ہمیں چاہیے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے جو کچھ فرمایا ہے اُس پر اعتقاد رکھیں اِس میں تاویل نہ کریں (روایت 176)

اور اِسی لیے حضرت بندگی میاں عبدالرشیدؓ نے توضیحاً تحریر فرمایا ہے کہ:-

"واضح ہو کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے اِس آیت کے حکم سے وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا ۔۔۔ الخ (سورۃ النسآء۔93) (یعنے جو شخص مؤمن کو عمداً قتل کرے گا اُس کی جزا جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔)

مؤمن کے قاتل کو دائمی جہنمی فرمایا ہے۔ اگر مفسرین نے کوئی اور تفسیر بیان کی ہے تو وہ کیا ہے۔ معلوم کرو۔ محض تصدیق کی وجہ فقراء کے قتل کا فتویٰ دینے والے اور اُس فتویٰ پر عمل کرنے والے، بے ایمان اور دائمی دوزخی ہیں (اِس لحاظ سے) میاں سید خوندمیرؓ نے کلمہ گویوں پر جو فتویٰ دیا زوالِ ایمان کے بعد دیا اِس لیے کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ (روایت 186)

اِس کے علاوہ مہدویوں کے قتل کا فتویٰ جاری کرنے والے مفتیوں کے بارے میں اِسی مخالف جماعت کے علماء سے آپؓ نے فتویٰ بھی حاصل کر لیا تھا۔۔۔ نیز بلحاظِ اسباب، حضرت سید خوندمیرؓ مخالفین کی دعوتِ جنگ کو قبول کرنے پر جس قدر مجبور کر دیے گئے تھے، اسباب و واقعاتِ جنگ کے تحت مختصراً بیان کیا جا چکا ہے۔

فی الحقیقت کتبۂ زیر بحث میں بنائے اعتراض، کلمہ گو کو کافر کہنے سے متعلق ہے۔ حکمِ اخراج کی تعمیل نہ کرنا اور کلمہ گویوں سے قتال جائز ہونا اِسی کے ذیلی مسائل ہیں۔ اور جب کہ انکارِ مہدیؑ کفر ہونا ازروئے آیات و احادیث و فرامینِ مہدی علیہ السلام ثابت ہے تو پھر اِس بارے میں بندگی میاںؓ پر ابتداءً جو کچھ اعتراض ہوا ہو خود بخود مرتفع ہو جاتا ہے۔ اور یہ اختلاف یا مشورہ چوں کہ بالکل عارضی و موقتی اور محض منشائے خدائے قدیر کے تحت تھا۔ اِس لیے جب حجتِ مہدیؑ پوری ہو چکی اور شہادت تکمیل پا چکی تو قدرت کی جانب سے جو حجاب عارض کیے گئے تھے تکمیلِ مصلحت کے بعد اٹھا دیے گئے۔ جس کے بعد اصحابِ کتبہ نے خود اعتراف کیا اور اپنے اختلاف یا مشورہ کے مقابلہ میں بندگی میاںؓ کے عمل ہی کو حق بجانب قرار دیا۔ چنانچہ روایاتِ ذیل اس امر کے شاہد ہیں۔

بعد از مدتے میاں دلاورؓ از حق تعالیٰ معلوم کردند آنچہ سید خوندمیرؓ کردہ اند ہمہ حق است و بر

آیتِ قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا عمل کردند۔ (روایت 178)

ترجمہ:- ایک مدت کے بعد میاں دلاورؓ نے اللہ تعالیٰ سے معلوم کیا کہ سید خوندمیرؓ نے جو کچھ کیا سب برحق ہے اور اُنھوں نے آیتِ قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا پر عمل کیا ہے۔

اور حضرت بندگی میاں عبدالرشیدؓ نے مولفِ انصاف نامہ حضرت میاں ولی جیؒ کا یہ بیان بھی نقل کیا ہے کہ:-

ایں بندہ کہ جمع کنندہ منقولات است مسمیٰ بہ ولی می گوید خدائے تعالیٰ شاہد است کہ میاں دلاورؓ بحضورِ ایں بندہ فرمودند کہ ما با سید خوندمیرؓ رشک کردیم و ہر وقت کہ میاں سید خوندمیرؓ مایان ایشاں ید می آئیند سینۂ بندہ سوزو افسوس بسیار کردہ می شود۔ (روایت 178)

ترجمہ:- یہ بندہ جمع کنندہ منقولات مسمیٰ بہ ولی کہتا ہے کہ خدائے تعالیٰ گواہ ہے کہ میاں دلاورؓ نے اِس بندے کی موجودگی میں فرمایا ہے کہ ہم نے سید خوندمیرؓ کے ساتھ رشک کیا۔ جس وقت میاں سید خوندمیرؓ ہم میں یاد آتے ہیں بندہ کا سینہ جلنے لگتا ہے اور بہت افسوس ہوا کرتا ہے۔

بعد از مدتے میاں ملک جیوؓ درجالور آمدند و فرمودند اگر کسے دامن بندہ بگیرد بندہ بر عمل و قول کہ میاں سید خوندمیرؓ کردہ اند و گفتہ اند حجت بدہم آنچہ در کتبہائے دین نبشتہ اند میاں سید خوندمیرؓ کردہ اند ہیچ خلاف نہ کردند۔ (روایت 150)

ترجمہ:- ایک مدت کے بعد میاں ملک جیوؓ جالور میں آئے اور فرمایا کہ اگر کوئی بندہ کا دامن پکڑے تو بندہ اِس قول و فعل کو جو میاں سید خوندمیرؓ نے کیا ہے ثابت کرے گا کہ دین کی کتابوں میں جو باتیں لکھی گئی ہیں میاں سید خوندمیرؓ نے وہی کیا اور کوئی خلاف ورزی نہیں کی۔

یہ روایت انصاف نامہ میں بھی مذکور ہے۔ عبارت یہ ہے:-

و نیز نقل است کہ بندگی میاں ملک جیوؓ در ناگور چہل شیاں روز با وضو ماندند کہ احوالِ مقدمۃ قتال معلوم کنند بعدہٗ یک شب معلوم شد کہ سید خوندمیرؓ آنچہ کردند حق بود۔ " قَاتَلُوْا

وَقُتِلُوْا " چنانچہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودہ بودند ہمچناں شد۔ بعدہٗ ملک جیوؓ فرمودند اگر کسے دامنِ بندہ بگیرد ہر جا کہ بندگی سید خوندمیرؓ قدم نہاد آں را حجت بدہم آنچہ در کتبہا توشتہ بودند سید خوندمیرؓ کردند ہیچ خلاف نہ کردند۔ (باب 16)

ترجمہ:- نیز روایت ہے کہ بندگی ملک جیوؓ ناگور میں چالیس دن رات باوضو رہے تاکہ مقدمۂ قتال کے حالات منکشف ہوں۔ اِس کے بعد ایک دن معلوم ہوا کہ سید خوندمیرؓ نے جو کچھ کیا حق تھا۔ قَاتَلُوْا وَ قُتِلُوْا (کے بارے میں) جیسا کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا تھا اُسی طرح ہوا۔ ملک جیوؓ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر کوئی بندے کا دامن پکڑے تو بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے جس جگہ کہ قدم رکھا ہے اُس پر حجت پیش کرے گا جو کچھ کہ کتابوں میں لکھا گیا ہے سید خوندمیرؓ نے اُس کے خلاف کچھ نہیں کیا ہے۔

"و بعد از مدتے میاں نعمتؓ در جالور آمدند و از دکن باز گشتند و فرمودند کسانیکہ مرا از موافقتِ سید خوندمیرؓ باز داشتند ایشاں را خدائے تعالیٰ خواہم پرسید۔ (روایت 181)

ترجمہ:- ایک عرصہ کے بعد میاں نعمتؓ دکن سے جالور میں واپس آئے اور فرمایا کہ جن لوگوں نے مجھ کو سید خوندمیرؓ کی موافقت سے باز رکھا ہے اُن کو خدائے تعالیٰ پوچھے گا۔

یہی روایت انصاف نامہ میں بھی ہے۔ لیکن پہلا جملہ یہ ہے کہ:- " و نیز نقل است کہ میاں نعمتؓ در موضع بھاوی پور پیش ملک میاں باری وال بحضور چند طالباں فرمودند کہ کسانیکہ۔۔الخ (انصاف نامہ باب 16)

اب ہر شخص یہ بات واضح طور پر سمجھ سکتا ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے فرمان " اختلاف امتی رحمۃ " کے مصداق "صحابۂ مہدیٔ موعود علیہ السلام کا یہ عارضی اختلاف، حجتِ مہدیت یعنی خبرِ قتل کی تکمیل کی وجہ مومنین کے لیے رحمت ثابت ہوا اور اِس کے بعد رحمت کا دوسرا ظہور یہ ہوا کہ خود اصحابِ کتبہ نے اِس اختلاف کو باقی نہ رکھا گروہ مہدیٔ موعود علیہ السلام کو اِس خطرہ میں مبتلا ہونے سے بچالیا!!! جس کی پیشگوئی حضرت سید خوندمیر صدیقِ ولایتؓ نے بھی کی تھی

کہ اُن حضرات کو اِس پر اللہ تعالیٰ مصر نہ رکھے گا کیونکہ اُن کی شان میں حضرت مہدی علیہ السلام نے بشارتیں فرمائی۔"

اِس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی مصلحت و حکمت یہ بھی شاملِ حال رہی کہ اِن کتبات کا تعلق صرف حکمِ کفر کی تطبیق تعبیر اور جنگ کے اسباب و موقع و محل کی حد تک محدود رہا جس کی وجہ حضرت سید خوندمیرؓ سے متعلقہ خبرِ قتال کی نوعیت کو متاثر کرنے ہر کوشش خود بخود باطل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ان کتبات میں حضرت سید خوندمیرؓ کا حاملِ بارِ امانت و بدلۂ ذات ہونا، بنائے بحث و اختلاف نہیں ہے۔

حاصلِ کلام یہ کہ وہ " خبرِ مشہور و قطعی الصدور و قطعی الدلالۃ " جو حضرت مہدی علیہ السلام نے بیان فرمائی اور جو پوری پوری صادق آئی، خبرِ متواتر کا حکم رکھتی ہے جس کی قطعیت کا انکار نقلاً و عقلاً جائز نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

Roman: Asbaab-e-Jung ke bare mein Ba’az Sahaba RZ ka Ikhtelaf ya Mashwerah.

Riwayat (51),(176),(177) mein Hazrat Bandagi Miyan Syed Khundmir RZ se jin Sahaba RZ ki mukhalifat aor Katba ka zikr hai yeh mukhalifat aisi nahin jaisi ke Hazrat Ali wa Hazrat Mua ‘Viya wa Hazrat Ayesha Razi Allahu Anhum ke darmiyan paee gaee the. Aor jis tarha in Hazraat mein se kisi aik ke mutaleq, aqeedat ki zara si kami bhi khasara-e-Iman wa Aakhirat ka ba’as ho sakti hai. Isi tarha hum ko yahan bhi darna hai kuin ke in mein se har aik ke liye Jaleelul qadr manaqib wa basharat, Hazra Mahdi AHS ne bayan farmaye hain. Is liye dil mein shubha aor daman-e-khiyal par dhabah na aana hi shan-e-Iman hai.

Sab Sahaba RZ baham be-hud Ikhlas wa Muhabbat rakhte the. Aor un ki ba-juz Masael-e-Deeniya ke kisi aor omoor se sarokar na tha. Katba-e-Mukhalifat jin Sahaba RZ se ta’luq tha un sab Hazraat ne Hazrat Bandagi

